دورِ حاضر کے عظیم فتنوں کا اوّلین

تصحیح واضافہ شدہ

# انکشاف

انگریزی تعلیم

ذرائع ابلاغ

جمہوریت

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ......------- انکشاف
مصنف ......-------
ناشر ......-------
قیمت ......------- روپے



# فہرست


| عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|
| پیش لفظ | 7 |
| پہلا فتنہ تعلیم خود سر سید کا اعترافی بیان | 9 |
| تعلیم کے بارے میں ہمارا موقف | 10 |
| مذہب......ترقی میں رکاوٹ ہے؟ | 12 |
| لطیفہ | 20 |
| انگریزی نظام تعلیم | 21 |
| مقصد | 21 |
| ❶......مزدوروں کا استحصال کرنے کے لئے | 50 |
| ❷......سکول و کالج | 50 |
| فتنہ یہود کے خفیہ عزائم | 53 |
| اُردو برائے جماعت ہفتم | 54 |
| حصولِ مقاصد کا ایک نمونہ | 58 |
| حصولِ مقاصد کا ایک اور نمونہ | 60 |
| شیطانی تعلیم کے اغراض و مقاصد کا خلاصہ | 63 |

| | |
|---|---|
| کلام الامام، امام الکلام | 65 |
| انگریزی تعلیم مشائخ اسلام کی نظر میں | 67 |
| سکولوں نے مسلمانوں کو نیم عیسائی کر چھوڑا | 72 |
| انگریزی تعلیم کا نصاب | 74 |
| انگریزوں کی تعظیم و تعریف | 74 |
| دو متوازی نظام تعلیم | 81 |
| ایک غلط فہمی کا ازالہ | 82 |
| لطیفہ | 84 |
| ثانیاً | 84 |
| ایک اور مغالطہ کا ازالہ | 86 |
| رباعی | 89 |
| شان نزول | 90 |
| سابقہ تفصیل کا حیرت انگیز مگر حقیقت پر مبنی خلاصہ | |
| از ڈاکٹر غلام جیلانی برق | 91 |
| مقام فکر از ڈاکٹر غلام جیلانی برق | 92 |
| دینی تعلیم کو انگریزی تعلیم کے مساوی کرنے والے نام | |
| نہاد ملاؤں کیلئے مقام عبرت از ڈاکٹر غلام جیلانی برق | 95 |
| نصاب کی اہمیت از ڈاکٹر غلام جیلانی برق | 95 |
| دوسرا فتنہ ذرائع ابلاغ | 99 |





| | |
|---|---|
| کیمرے وغیرہ سے مشین سے بنائی ہوئی تصویریں بھی حرام ہیں | 108 |
| حج فلم دیکھنا حرام ہے | 110 |
| تیسرا فتنہ جمہوریت | 114 |
| اصطلاحی معنی | 114 |
| ۱۔ آزادی | 114 |
| ۲۔ اکثریت | 114 |
| ۳۔ مساوات | 115 |
| دلائل حقہ | 115 |
| سراسر فریب ہونے پر دلیل نمبر 1 | 115 |
| دلیل نمبر 2 | 116 |
| سراسر فساد ہونے پر دلیل اول | 116 |
| دلیل ثانی | 117 |
| خلاف فطرت | 118 |
| دلیل | 118 |
| خلاف حکمت ہے | 119 |
| خلاف عقل ہے | 119 |
| لطیفہ | 119 |
| نکتہ | 120 |
| مخالف شریعت اور موافق کفر ہونے پر دلیل | 121 |

| | |
|---|---|
| لطیفہ | 123 |
| جمہوریت اللہ کا عذاب ہے | 123 |
| جمہوریت شرک فی الطاعت ہے | 124 |
| اسلام کا تصور جمہوریت | 130 |
| بانی جماعتِ اسلامی کا نظریہ | 134 |
| دعوت توحید | 136 |




# پیش لفظ

اے ایمان والو غیروں (کافروں' منافقوں) کو بھیدی نہ بناؤ' وہ تمہارے فساد میں کوتاہی نہیں کریں گے' وہ تمہارا مصیبت میں رہنا پسند کرتے ہیں' بغض اُن کے منہ سے ظاہر ہو چکا ہے اور جو اُن کے سینوں میں چھپا ہے وہ اِس سے بھی کہیں بڑا ہے' ہم نے تمہیں اپنی آیات کھول کر بیان فرما دی ہیں اگر تم عقل والے ہو۔ (پارہ ۴، سورۃ آل عمران، آیت ۱۱۸)

اے ایمان والو اگر تم اہلِ کتاب کے کسی گروہ کی بات مانو گے تمہیں ایمان کے بعد واپس کافر کر دیں گے۔ (پارہ ۴، سورۃ آل عمران، آیت ۱۰۰)

کامل مومنوں کے لئے تو یہود و نصاریٰ کی اسلام اور انسان دُشمن تعلیم، ذرائع ابلاغ اور جمہوریت سے ہر صورت پرہیز کے لئے مذکورہ بالا نورانی دوستی بھرے قرآنی بیان بالکل کافی تھے' ہیں اور رہیں گے' مگر منافقوں کی آنکھوں پر کفار پرستی کی وجہ سے جو پٹی چڑھی ہوئی ہے' اُس نے منافقوں کو تو اندھا کر ہی رکھا ہے کہ اُنہیں ایسے نورانی بیانات نظر ہی نہیں آتے۔ اُنہیں منافقوں کی طرف سے نام نہاد ترقی' شعور اور علم کے شور و غوغا نے ان کے ساتھ ناقص مومنوں کو بھی کافی گمراہ کر دیا ہے' لہٰذا اُمت مسلمہ کو دینی و دنیاوی لحاظ سے تباہ کرنے کی سازش کو خود فتنوں کے پیش کنندہ انگریزوں کے بیانات کی روشنی میں کھولا گیا ہے' تا کہ مسلمان اُن کے اقراری بیانات کو پڑھ کر اُن کی منافقانہ چالوں کے چکر میں نہ پھنسیں اور دیکھیں کہ دُشمنی اور بغض کس طرح اُن کے منہ سے نکل چکا ہے اگرچہ آج پوری دُنیا کے انسانی معاشرے

کی تباہی کو آنکھوں سے دیکھنے کے بعد ان باتوں کی ضرورت نہیں رہتی الحمد للہ! فرنگی شیطانی تعلیم، ذرائع ابلاغ، جمہوریت ان فِتَنِ ثلثه کی رونمائی اس تحقیق و انداز کے ساتھ بعون اللہ تعالیٰ اولین انکشاف اور پہلی کوشش ہے۔

جب تک دشمن کی سازش بے نقاب نہ ہو اس کے شر سے بچنا ناممکن ہوتا ہے۔ آج کل ہم مسلمانوں کے جتنے بھی نام نہاد قائدین بنے ہیں ان کی قیادت نے جتنا نقصانات پہنچائے ہیں اس کی وجہ یا تو ان فِتَنِ ثلثه سے جہالت ہے یا ان میں مبتلا ہونے کا نتیجہ۔

قائد ملت کے لئے لازمی ہے کہ وہ اس حقیقت سے پورا باخبر ہو کہ جس چیز کو کفار، یہود و نصاریٰ خصوصاً یورپی یہود و نصاریٰ مسلمانوں کے لئے پسند کریں وہ یقیناً مسلمانوں کے لئے شرعاً و عقلاً ممنوع اور تباہ کن ہوگی۔

سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اسلام کی تباہی کا سبب بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

اِنَّمَا تُنْقَضُ عُرٰی الْاِسلام عُرْوَةً عُرْوَةً اِذَا نَشَأَ فِی الْاِسْلَام مَنْ لَّا یَعْرِفُ الْجَاھِلِیَّة

یعنی اس وقت اسلام تباہ ہو جائے گا جب اس میں قومی رہنما وہ ہونگے جو جاہلیت سے بے خبر ہونگے۔ (المنتقی من منہاج السنۃ امام ذہبی ص ۲۹۷)

جاہلیت ہر وہ قول و فعل ہے جو کفار کو پسند ہو جیسے بے پردگی وغیرہ۔ اللہ تعالیٰ بحرمت سید عالم ﷺ امت کے لئے اس کوشش کو بار آور فرمائے اور ہماری جانب سے قبول فرمائے۔ آمین

فقط والسلام

طالب دُعا



# پہلا فتنہ تعلیم

## اس کے متعلق سر سید کا اعترافی بیان

مدّعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

اس مضمون کو شروع کرنے سے پہلے ہندوستانی لارڈ میکالے پیر نیچر سر سید (سوّر) خان کا اعترافی بیان درج کیا جاتا ہے جس سے سکولی تعلیم کا نتیجہ اور اس سے سابقین مسلمانوں کی نفرت معلوم ہو جائے گی! چنانچہ ملاحظہ ہو۔

(ا) ''اب تو گویا بالاتفاق تمام مسلمان اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ انگریزی پڑھنے اور علوم جدیدہ کے سیکھنے سے مسلمان اپنے عقائد مذہبی میں سست ہو جاتے ہیں بلکہ ان کو لغو سمجھنے لگتے ہیں اور لامذہب ہو جاتے ہیں اور اسی سبب سے مسلمان اپنے لڑکوں کو انگریزی پڑھانا نہیں چاہتے۔ مسلمانوں پر کیا موقوف ہے، انگریز بھی ایسا ہی خیال کرتے ہیں۔ چنانچہ ڈاکٹر ہنٹر صاحب نے اپنی کتاب میں، جو حال میں انہوں نے ہندوستان کے مسلمانوں کی نسبت لکھی ہے، یہ فقرہ مندرج فرمایا ہے: ''کوئی نوجوان، خواہ ہندو و خواہ مسلمان، ایسا نہیں ہے جو ہمارے انگریزی مدرسوں میں تعلیم پائے اور اپنے بزرگوں کے مذہب سے بداعتقاد ہونا نہ سیکھے۔ ایشیا کے

شاداب اور تروتازہ مذہب جب مغربی (یعنی انگریزی) علوم کی سچائی کے قریب آتے ہیں، جو مثل برف کے ہے تو سوکھ کر لکڑی ہو جاتے ہیں۔'' (آمنا وصدقنا، یہ قول ڈاکٹر ہنٹر صاحب کا بالکل سچ اور بتمامہ سچ ہے۔)

(سرسید احمد خان علی گڑھی، تہذیب الاخلاق جلد دوم بحوالہ نقش سرسید ص ۳۲)

(۲) تعجب یہ ہے کہ جو تعلیم پاتے جاتے ہیں اور جن سے قوم کی بھلائی کی امید تھی وہ خود شیطان اور بدترین قوم ہوتے جاتے ہیں۔ جس کو نہایت سعادت مند سمجھو اخیر وہ شیطان معلوم ہوتا ہے۔ (خطوط سرسید ۱۴۱)

(۳) یونیورسٹی کی تعلیم ہم کو صرف نچر بناتی ہے۔

(خطبات سرسید جلد ۲ ص ۲۷۶، افکار سرسید ص ۲۱۲)

(۴) مگر اس کے ساتھ یہ بھی تصور کرنا چاہیے کہ پیٹ ایسی چیز ہے کہ دین رہے یا جاوے، خدا ملے یا نہ ملے اس کو بھرنا چاہیے۔ (مقالات سرسید حصہ پنجم ص ۸۴)

## تعلیم کے بارے میں ہمارا موقف

تعلیم کے متعلق ہماری اولاً گزارش یہ ہے کہ انگریزی تعلیم سراسر کفر و الحاد ہے اور انگریزی زبان حرام لغیرہ[1] ہے کیونکہ تعلیم و زبان میں فرق ہے! وہ یہ کہ کسی قوم کی تعلیم اس کے مخصوص فکر و عمل و نظریہ و کردار کا نام ہے جبکہ زبان

(۱) مولانا مفتی ارشاد حسین رام پوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں انگریزی زبان پڑھنا حرام لغیرہ ہے۔ (فتاویٰ ارشادیہ)



کوئی بھی ہو تعلیم کا ذریعہ و وسیلہ ہوتی ہے۔ مثلاً عربی زبان اسلامی تعلیم نہیں بلکہ اس کا ایک اولین ذریعہ ہے، یہی وجہ ہے کہ اسلامی تعلیمات کے نزول سے قبل بھی عربی زبان کا وجود تھا یوں سمجھئے کہ زبان بمنزلہ برتن اور تعلیم اس میں سمانے والی چیز کے بمنزلہ ہے۔ برتن میں دودھ بھی ڈال سکتے ہیں، شراب و پیشاب بھی۔[1] عربی زبان کے برتن میں ابوجہلی تعلیمات کا پیشاب تھا سید عالم ﷺ نے اسے صاف فرما کے اسلامی تعلیمات کا دودھ بھر دیا انگریز نے اولاً اپنی ملحدانہ لادین یعنی دین دشمن تعلیم کا پیشاب اپنی انگلش زبان کے برتن میں ڈالا پھر ہماری زبانوں کے برتنوں کو اسلامی دودھ سے خالی کر کے ان میں بھی وہی لادینیت کا پیشاب بھر دیا اب چونکہ انگلش زبان انگریز کی تعلیم کا پہلا ذریعہ ہے اور ایسا برتن ہے جو کبھی خالی نہیں ملتا لہٰذا وہ ہر صورت میں حرام لغیرہ بنے گی۔ اور ہماری زبانیں سکول میں پڑھنا حرام ہے کیونکہ ان میں وہی پیشاب بھرا ہوا ہے۔ ہماری اس تقریر سے اس جاہلانہ اعتراض کا جواب بھی معلوم ہو گیا کہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضور سید عالم ﷺ کو تمام زبانیں آتی تھیں۔ زبان میں کوئی حرج نہیں ہوتی جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ کہنا ایسے ہے جیسے کہ کوئی شخص گلاس میں پیشاب پی رہا ہو اسے جب کہا جائے کہ پیشاب پلید و حرام ہے لہٰذا

(۱) پروفیسر مولانا سید احمد سعید کاظمی مرحوم لکھتے ہیں کہ یہ منصوبہ مغربی تعلیم کا منشور اعظم کہلاتا ہے اس کے پیش نظر یہ طے ہوا کہ السنۂ شرقی (مشرقی زبانیں) بھی رہیں مگر ان مشرقی زبانوں میں یورپی اور مغربی لٹریچر کی تعلیم دی جائے۔ اس سوچی سمجھی سکیم کے مطابق انگریزی زبان کے علاوہ ہماری ملکی زبانوں میں بھی مغربی افکار و مادہ پرستی اور الحاد کا پرچار ہونے لگا۔ (مقالات کاظمی جلد ۱ صفحہ ۴۳۴)

گلاس کو پھینک دے وہ جواب میں کہے کہ کیا حضرت آدم علیہ السلام کے گھر میں گلاس نہیں تھا اس کے اس جواب کو فریب و دھوکہ یا جہالت کے سوا کچھ نہ کہا جائے گا وہ گلاس جو سیدنا آدم علیہ السلام کے گھر میں تھا پاک تھا کیونکہ سکھانے والا ان کو حق تعالیٰ تھا اور انگلش سکھانے والے بدترین کفار یا منافقین ہیں لہٰذا یہ قیاس بالکل باطل ہوا اس کی زندہ مثال لفظ ''سر'' ہے فارسی میں یہ لفظ سردار کے معنی میں مستعمل اور سید انبیاء علیہم السلام اور بزرگوں و رئیس مؤمنوں پر بولا جاتا تھا کہتے تھے کہ (سرِ سروراں) مگر انگریز لعین نے جو معنی اس میں بھرا وہ تھا گستاخ رسول اور بے غیرتوں کا سردار۔ اس لئے اس نے یہ ملعون معنی رکھنے کی بنا پر یہ لقب بدنام زمانہ شیطان رشدی گستاخ رسول کو دیا ہے جس پر یہ حقیقت واضح ہوگئی کہ ہمارے معاشرے میں کسی کو سر کہنا گستاخ رسول کہنے کے مترادف ہے۔

انگریزی تعلیم کے پیشاب کا اولین برتن وذریعہ انگریزی زبان بنی ہے اس کے بعد باقی زبانوں کو بطور برتن کے اس پیشاب کے لئے استعمال کرنے کے اور ثبوت سنیے۔

## (ثبوت اول) مذہب ترقی میں رکاوٹ ہے:

پنجاب سکولوں کی آئینہ عمرانیات برائے جماعت گیارہویں خالد بک ڈپو لاہور ص ۱۸۷ پر یہ سوال، جواب ملاحظہ فرمائیں۔

**سوال** معاشرتی تبدیلی کی راہ میں رکاوٹ بننے والے کون کونسے عناصر ہیں۔ وضاحت کیجئے؟



**جواب**: معاشرتی تبدیلی میں رکاوٹ بننے والے عناصر:

**مذہب**: اسلام ایک ترقی پذیر مذہب ہے اس نے ہمیں ایسا واحد حل دیا ہے جس کو ہم اب بھی استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً آزادی نسواں وغیرہ پر اسلام پابندی لگاتا ہے لیکن آج کل یہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ پھر پردہ ہے اگر ہم یہ جانتے ہیں کہ عورتوں کو بھی مردوں کے ساتھ ساتھ چلنا ہے تو پھر معاشی تبدیلی میں رکاوٹ ''پردہ'' ہے اور سود کو قرآن پاک منع کرتا ہے لیکن آج کل کوئی بھی سیاست سود کے بغیر نہیں چلتی۔ چنانچہ یہ بھی رکاوٹ ہے۔

## ثبوت ثانی:

مدرسہ قادریہ مراڑیاں گجرات زیر نظامت نام نہاد مفتی اشرف القادری میں پڑھائی جانے والی نصابی کتاب ترجمہ کلید فارسی سے زبان فارسی میں نجاست کفر ملاحظہ فرمایئے۔ ایک پٹھان جب گائے دوہنے لگتا۔ تو ہمسائے کا گدھا رینگنے لگتا اَور گائے بدک جاتی اَور لات مارتی۔ پٹھان ہمیشہ خدا سے دُعا کرتا۔ اے خدا اِس گدھے کو مار۔ چند روز بعد اُس کی اپنی ہی گائے مرگئی۔ اب تو خان صاحب بہت ہی تلملائے اَور بولے۔ اَے خدا! اِتنے سال تو نے بادشاہی کی لیکن ابھی تک گائے اَور گدھے میں تمیز نہ ہوئی؟

(ترجمۂ کلید فارسی صفحہ ۲۱۸)

ہندوؤں، سکھوں، مرزائیوں، نیچریوں وغیرہم کی تعلیم وہی ہوگی جوان کا عقیدہ اور عمل کی ذمہ دار اور حامل ہوگی۔

وھو ظاھر لایخفی الا علی الجھلة الاغبیاء

## علی ھذا القیاس:

انگریزی تعلیم اس ملعون قوم کے مخصوص کافرانہ ملحدانہ وحشیانہ فکر وعمل کا نام ہے اور انگریزی زبان اس کا پہلا وسیلہ وذریعہ ہے۔

رہا یہ سوال کہ ان کی تہذیب جس کو ہم مخصوص فکر وعمل کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں ہمیں کیسے معلوم ہوگا کہ یہ ان کی تہذیب ہے تو اس کے لئے جواباً خلاصۃً عرض ہے کہ جس کی وہ دوسروں کو دعوت دیتے ہیں جس کا واویلا کرتے ہیں جس پر سرمایہ خرچ کرتے ہیں وہی ان کی تہذیب ہے مثلاً ڈاکٹری طریقۂ علاج جس میں سراسر ظلم[1] وبے حیائی ہے نیز بے پردگی، فحاشی، زنا کاری، جوا بازی، شراب نوشی، حرام خوری، سود، عورتوں کی کمائی، عورتوں کی نام نہاد آزادی:

اسی طرح انگریزی قوانین، جمہوریت، گانے باجے، انگریزی رہن سہن وضع، قطع، پھر ان سب کو حقوق، شعور وترقی سمجھنا، عالمی حکومت، جدید اسلام یعنی

---

(۱) ظلم بایں وجہ کہ مسلمانوں کی لاوارث لاشیں ان ظالموں کی تختۂ مشق بنتی ہیں اور ان کے ہر ظلم وستم کا شکار ہوتی ہیں خواہ مرد ہو یا عورت جبکہ حدیث شریف میں مُردہ کو نہلانے میں بھی نرمی برتنے کا ارشاد ہے، پھر ان لاشوں کو چیرنے پھاڑنے کے بعد دفناتے تک نہیں (جب کہ حدیث پاک میں واضح آچکا ہے کہ مُردہ کی ہڈی توڑنا ایسا ہی ہے جیسے زندہ کی ہڈی توڑنا ہے) اندازہ لگائیں مُردوں کے ساتھ یہ سلوک ہے جو انتہائی قابل رحم ہوتے ہیں، زندوں کے ساتھ ان کا سلوک جو ہوگا وہ کسی پر مخفی نہیں، اس طریقہ علاج میں بے حیائی وبے غیرتی کا بیان ہے کہ ابتدأ سکولی تعلیم میں جو زنا کاری کا عنصر لازمی طور پر موجود ہوتا ہے اس سے مکمل فیض یاب ہوتے ہیں۔
ثانیاً: مُردوں کی شرم گاہوں سے کھیلتے ہیں ثالثاً: شعبۂ نرسنگ کی نوعمر قحبات (رنڈیوں) سے کھیل کھیلتے رہتے ہیں، رابعاً: ان کی ادویہ پر دعوت زنا کی تصویر ضرور ہوتی ہے۔ معلوم نہیں مریض کو بوتل کے اندر والی کے استعمال کی ضرورت ہوتی ہے یا باہر والی کی؟



انگریزوں کا من پسند اسلام کہ جس میں کفر وبرائی کے ساتھ موافقت ومصالحت ہو۔

اقبال فرماتے ہیں ؎

کہاں فرشتۂ تہذیب کی ضرورت ہے
نہیں زمانۂ حاضر کو اس میں دشواری
جہاں قمار نہیں، زن تنک لباس نہیں
جہاں حرام بتاتے ہیں شغلِ مے خواری
بدن میں گرچہ ہے اِک روحِ ناشکیب وعمیق
طریقۂ اب وجد سے نہیں ہے بیزاری
جسور و زیرک و پُر دم ہے بچۂ بدوی
نہیں ہے فیض مکاتب کا چشمۂ جاری
نظر وران فرنگی کا ہے یہی فتوی
وہ سر زمیں مدنیت سے ہے ابھی عاری!

یعنی اس شعر میں اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ مجھے یورپ والوں کی شرافت پر کوئی شک نہیں۔ وہ اس خصوصیت کی بنا پر دنیا کی ہر مظلوم قوم کے خریدار اور ہمدرد بن جاتے ہیں لیکن جب ان پر قابو پا لیتے ہیں تو یہی ''شریف لوگ'' مفتوحہ علاقوں میں شیطانی تہذیب پھیلا دیتے ہیں۔ یعنی اسے عیسائی پادریوں کا اعجاز سمجھیں کہ انہوں نے مفتوحہ قوموں کے لوگوں کے خیالات کو بجلی کے چراغوں یعنی تہذیب جدید سے روشن کیا ہے اور ترقی کے بھیس میں عیسائیت بھی پھیلائی ہے اور لوگوں کے خیالات کو تبدیل کر کے تہذیبِ مغرب کا گرویدہ بھی بنایا ہے۔
فلسطین اور شام کے ملک پہلی جنگ عظیم سے پہلے سلطنت عثمانیہ کا حصہ تھے لیکن

مغربی اقوام نے ترکوں کے خلاف مسلسل پراپیگنڈہ کر کے اور ان کو ظالم ثابت کر کے عربوں کو ترکوں سے آزاد ہونے کا مشورہ دیا لیکن جنگ عظیم میں ترکوں کی شکست کے بعد خود ان ملکوں پر قابض ہو گئے اس پس منظر میں علامہ کہتے ہیں کہ میرا دل شام اور فلسطین میں جو کچھ ہوا ہے اس پر جل رہا ہے یہ ایک ایسی مشکل گرہ ہے جو عقل کے ناخن سے نہیں کھولی جا سکتی۔ کیونکہ اس میں سراسر دھوکا اور فریب کا عمل دخل ہے۔ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے اس آخری شعر میں اہل مغرب کی زبان استعمال کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترک تو عربوں پر ظلم کرنے والے تھے لیکن ہوا کیا۔ پہلی جنگ عظیم میں عرب ترکوں سے آزاد ہونے کے لئے ان کے خلاف اٹھ تو کھڑے ہوئے لیکن جب ترک شکست کھا گئے تو انگریزوں اور فرانسیسیوں نے شام اور فلسطین پر اور عربوں کے دوسرے ممالک پر قبضہ کر لیا اور یہ بیچارے عرب ترکوں کی حکمرانی سے نکل کر مغربی اقوام کی حکمرانی میں آ گئے اور انہوں نے اپنی حکمرانی کے بعد ان میں ایسی شیطانی تہذیب پھیلائی کہ نہ وہ سیاسی طور پر آزاد رہ سکے اور نہ تہذیبی طور پر انتہی۔

مزید یہ کہ جہاد کا نام و نشان نہ ہو اسلامی حکومت کی بجائے یہود و نصاریٰ کی حکومت ہو یا اسلامی قوانین کے ساتھ یہود و نصاریٰ کی سرپرستی قبول کی جائے یعنی فوجی غلامی ہو جیسے سعودیہ حکومت کہ برطانیہ حکومت سے اس معاہدہ[1] کے تحت حاصل کی گئی تھی کہ شہنشاہیت ہوگی مذہب وہابی ہوگا۔ اور فوجی تحفظ برطانیہ حکومت مہیا کرے گی جس کی بنا پر آج تک سعودی وہابی حکومت و مذہب کا

(۱) یہ معاہدہ ۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء کو ہوا جس کی کل سات شقیں تھیں جو دیوبندی ملا بہاء الحق قاسمی امرتسری کے رسالہ نجدی تحریک پر ایک نظر مطبوعہ ۱۳۴۴ھ ۳ جمادی الاول سے پیش خدمت ہیں۔



تحفظ یہود و نصاریٰ کر رہے ہیں اور حکومت سعودیہ نے آج تک اپنی فوج تیار کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی (یہ ہے وہابیوں کی حقانیت کا منہ بولتا ثبوت حکومت سعودیہ) اور یہ بھی روشن خیال اسلام لبرل ازم ماڈرن اور اعتدال پسند اسلام اور یہودی تہذیب کی شاخ ہے کہ ملاؤں کو انگلش پڑھا کر یورپ میں تبلیغ کے لئے بلایا جا رہا ہے تا کہ جاہل بے وقوف مسلمان اسی خوش فہمی میں مبتلا رہیں کہ یورپ میں اسلام بڑی تیزی سے پھیل رہا ہے۔ مبلغین یورپ کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ وہاں باپ اپنی بیٹی کو زنا سے منع کرنے پر دو سال قید کی سزا پاتا ہے۔ گٹروں کا پانی فلٹر کر کے مساجد میں بھیجا جاتا ہے۔

(بقیہ حاشیہ) پڑھیں اور وہابیت کی کفر پرستی اہل اسلام دشمنی اور یہود غلامی کو داد دیں۔

## ابن سعود اور انگریزوں کا معاهده

### دفعہ اوّل:

حکومت برطانیہ اعتراف کرتی ہے اور اس کو اس امر کے تسلیم کرنے میں کوئی عذر نہیں ہے کہ علاقہ جات بخد احساء، قطیف، حبیل اور خلیج فارس کے ملحقہ مقامات جن کی حد بندی بعد کو ہو گی۔ یہ سلطان ابن سعود کے علاقہ جات ہیں اور برطانیہ اس امر کو تسلیم کرتی ہے کہ ان مقامات کا مستقل حاکم سلطان مذکور اور اس کے اجداد ہیں۔ ان کو ان ممالک اور قبائل پر خود مختار حکومت حاصل ہے اور اس کے بعد ان کے لڑکے ان کے صحیح وارث ہونگے۔ لیکن ان ورثاء میں سے کسی ایک کی سلطنت کے انتخاب و تقرر کیلئے یہ شرط ہوگی کہ وہ شخص سلطنت برطانیہ کا مخالف نہ ہو اور شرائط مندرجہ معاہدہ ہذا کے بھی خلاف نہ ہو۔

### دفعہ دوم:

اگر کوئی اجنبی طاقت سلطان ابن سعود اور اسکے ورثاء کے ممالک پر حکومت برطانیہ سے مشورہ کئے بغیر یا اسکو ابن سعود کے ساتھ مشورہ کرنیکی فر[illegible] ہوئی تو حکومت

یورپی نظام حکومت کو اس کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ تسلیم کرنا پڑتا ہے تب کہیں نیشنلٹی (رہائشیں) حاصل ہوتی ہے یہاں تک کہ عورتوں کا عورتوں کے ساتھ اور مردوں کا مردوں کے ساتھ نکاح شادی کے جواز کے قانون کو تسلیم کرنا پڑتا ہے اور ورلڈ ٹریڈ سنٹر کے واقعہ کے بعد تو نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ محمد اور احمد نام کو ویزا پر گوارا نہیں کیا جاتا۔ مساجد میں قراءت باقاعدہ ریکارڈ کی جاتی ہے۔ کہیں امام مسجد نے آیات جہاد اور مخالفت یہود و نصاریٰ کی آیات تو تلاوت نہیں کی۔ ورنہ سزا پائے گا۔ ضلع سیالکوٹ کے ہمارے ایک دوست کے تعلق دار امام نے فرانس میں فلسطین کے حق میں دُعا کر دی اور فرانس کی پولیس نے تین ماہ کے لئے جیل بھیج دیا۔

اسی لئے یورپ میں جانا حرام رہائش حرام وہاں سے ہجرت فرض (مزید شرعی تحقیق و تفصیل کے لئے ناچیز کا موضوع یورپ میں رہائش کی شرعی حیثیت سماعت فرمائیں) یورپ کو ہمارے ملکوں میں اسلام برداشت نہیں ہوتا وہاں گوارا ہونا کیسے ممکن ہے؟ مگر عجیب بات سنیئے کہ ایک تحریری جنونی ملا غلام رسول سعیدی

(بقیہ حاشیہ) برطانیہ ابن سعود سے مشورہ کر کے حملہ آور حکومت کے خلاف ابن سعود کو امداد دیگی اور اپنے حالات کو ملحوظ رکھ کر ایسی تدابیر اختیار کرے گی۔ جن سے ابن سعود کے اغراض و مقاصد اور اسکے ممالک کی بہبود محفوظ رہ سکے۔

**دفعہ سوم:**

ابن سعود اس معاہدہ پر راضی ہے اور وعدہ کرتا ہے کہ:

(۱) وہ کسی غیر قوم یا کسی سلطنت کے ساتھ کسی قسم کی گفتگو یا سمجھوتہ اور معاہدہ کرنے سے پرہیز کریگا۔

(۲) ممالک مذکورۂ بالا کے متعلق اگر کوئی سلطنت دخل دیگی تو ابن سعود فوراً حکومت برطانیہ کو اس امر کی اطلاع دے گا۔ (بقیہ اگلے صفحہ پر)



نے اپنی تفسیر القرآن (جو درحقیقت تحریف کو متضمن ہے) تبیان القرآن ج ۲ ص ۲۰۷ پر لکھ دیا کہ امریکہ برطانیہ وغیرہ یورپی ممالک میں اسلام پر چلنے کی مکمل آزادی ہے اھ۔ حالانکہ ایسی بکواس کے جھوٹ ہونے کیلئے اتنا کافی ہے کہ وہاں باپ بیٹی کو زنا سے منع کرے تو دو سال سزا پاتا ہے کیا خوب آزادی ہے۔

غرضیکہ اتنی شدید سیاسی گرفت کے ہوتے ہوئے پھر ان حکومتوں کا ملاؤں کو تبلیغ اسلام کے لئے بلانا چہ معنی دارد یہی کہ اسی اسلام کو تسلیم کریں اور پھیلائیں جس کو انگریزوں نے اعتدال پسند اور روشن خیال وغیرہ وغیرہ نام دے رکھے ہیں جس کو ماننے والا مسلمان مرتد منافق زندیق ملحد اِباحی بدتر از کفار بنتا ہے۔

ان دین فروش زانی ملاؤں نام نہاد مبلغین یورپ کی بے حیائی اور منافقت پرستی کا کوئی اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔ قلندر لاہوری نے ان جیسوں کے بارے میں کیا خوب کہا ہے۔

یہی شیخِ حرم ہے جو چرا کر بیچ کھاتا ہے
گِلیم بوذر و دلقِ اویس وچادرِ زہرا

(بقیہ حاشیہ)

**دفعہ چہارم:**

ابن سعود عہد کرتا ہے کہ وہ اس عہد سے پھریگا نہیں اور وہ ممالک مذکورہ یا اس کے کسی دوسرے حصہ کو حکومت برطانیہ سے مشورہ کئے بغیر بیچنے، رہن رکھنے، مستاجری یا کسی قسم کے تصرف کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ اس کو اس امر کا اختیار نہ ہوگا کہ کسی حکومت یا کسی حکومت کی رعایا کو برطانیہ کی مرضی کے خلاف ممالک مذکور بالا میں کوئی رعائیت یا لئسنس دے۔ ابن سعود وعدہ کرتا ہے کہ وہ

## لطیفہ:

جہاں کوئی آدمی پیشاب کر رہا ہو تو کوئی باحیا آدمی اس کے قریب جانا پسند نہیں کرتا جہاں ملک ہی ننگوں کا ہو وہاں جانے والے پھر اپنے اہل و عیال سمیت کتنے بڑے بے غیرت اور بے حیا ہونگے۔ غرضیکہ یہ سب کچھ تہذیب فرنگی شمار ہوتا ہے۔

ثانیاً گذارش ہے کہ یہ جاننا ضروری ہے کہ نظامِ تعلیم کیا چیز ہے۔

نظام تعلیم سے مراد مقصد، مقصد کا حامل (خیال رہے کہ ایک ہوتے ہیں نصابی علوم وفنون دوسرے نصابی کتب اول تبدیل نہیں ہوتے ثانی تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔) نصاب اور مقصد کو ظاہر کرنے والا ماحول تینوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔ ان تینوں کا صحیح ہونا یعنی ..........شرعی ہونا ضروری ہے ورنہ تباہ کن نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

---

(بقیہ حاشیہ) حکومتِ برطانیہ کے ارشاد کی تعمیل کریگا اور اس میں اس امر کی قید نہیں ہے کہ وہ ارشاد اس کے مفاد کے خلاف ہو یا موافق۔

**دفعہ پنجم:**

ابن سعود عہد کرتا ہے۔ کہ مقاماتِ مقدسہ کے لئے جو راستے اس کی سلطنت سے ہو کر گذرتے ہیں وہ باقی رہیں گے۔ اور ابن سعود حجاج کی آمد و رفت کے زمانے میں انکی حفاظت کریگا۔

**دفعہ ششم:**

ابن سعود اپنے پیشرو سلاطین نجد کی طرح عہد کرتا ہے کہ وہ علاقہ جات کویت، بحرین، علاقہ جات رؤساء (شیوخ) عرب عمان کے ان ساحلی علاقہ جات اور دیگر ملحقہ مقامات کے متعلق جو برطانوی حمایت میں ہیں کسی قسم کی مداخلت نہیں کریگا۔ ان ریاستوں کی حد بندی بعد کو ہو گی جو برطانیہ سے معاہدہ کر چکی ہیں۔



## انگریزی نظام تعلیم:

اور یہ اہل کلیسا کا نظامِ تعلیم
ایک سازش ہے فقط دین و مروت کے خلاف

انگریزی نظام تعلیم کے تین عناصر وارکان کی تحقیق۔

(۱) مقصد (۲) نصابی فنون، ماحول

## مقصد:

لادین انگریزی تہذیب کے دلدادہ افراد تیار کرنا جو ایک تو شعوری یا غیر شعوری طور پر اسلام کے نام لیوا دشمن و مخالف اسلام ہوں دوسرا انگریزی حکومت کے چلانے کا بھرپور طریقے سے کام دیں۔ یعنی منافقین انگریزی غلام" اس سازش کی کہانی انگریزوں کی اپنی زبانی سنیئے"۔

---

(بقیہ حاشیہ)

**دفعہ ہفتم:**

اس کے علاوہ حکومتِ برطانیہ اور ابن سعود اس امر پر راضی ہیں کہ طرفین کے بقیہ باہمی معاملات کے لئے ایک اور مفصل عہد نامہ مرتب و منظور کیا جائے گا۔

مؤرخہ ۱۸ صفر ۱۳۳۴ھ

۲۶ نومبر ۱۹۱۵ء

مہر و دستخط عبدالعزیز السعود

دستخط بی ریڈ کاکس وکیل معاہدہ ہذا و نمائندہ برطانیہ خلیج فارس

دستخط چیمسفورڈ نائب ملک معظم و وائسرائے ہند

یہ معاہدہ وائسرائے ہند کی طرف سے گورنمنٹ آف انڈیا بمقام شملہ ۱۸ مئی ۱۹۱۶ء کو تصدیق ہو چکا ہے۔ دستخط اے۔ ایچ۔ گرانٹ سیکرٹری حکومت ہند شعبہ خارجیہ و سیاسیات۔

## ① چارلس گرانٹ

ڈائریکٹر ایسٹ انڈیا کمپنی، صدر بورڈ آف ڈائریکٹرز

ممبر برطانوی پارلیمنٹ کے ۱۸۱۳ء کے افکار جو تعلیمی پالیسی کی بنیاد بنے

ہمارا لائحہ عمل یہ ہوگا جسے ہم اس احساس کے ساتھ پیش کر رہے ہیں کہ یہ بات ہماری قوت و اختیار میں ہے کہ اہل ہند کو بتدریج (آہستہ آہستہ) سب سے پہلے اپنی زبان سکھائیں، پھر اس زبان کے ذریعے اپنے ادب کی آسان تخلیقات (یعنی اپنی زبان میں کہانیاں) سے متعارف کرائیں جو مختلف موضوعات پر موجود ہیں۔ ہماری اس بات پر بے صبری کے ساتھ چیں بجبیں (یعنی ناراض) نہ ہوا جائے۔ آہستہ آہستہ ہم اس کے ذریعے اہلِ ہند کو اپنا فلسفۂ حیات (شیطانی تہذیب) اور بالآخر اپنے مذہب تک لے آئیں گے، ان تمام کا حصول آہستہ آہستہ اور پوری خاموشی کے ساتھ اہلِ ہند کے گندے اور فرسودہ نظام کو نیست و نابود کر دے گا۔ (یعنی اسلامی نظام جو ان کی نگاہ میں یقیناً گندہ ہے)۔

نظامِ تعلیم صفحہ ۸۴، از پروفیسر خورشید

مطبوعہ، انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، اسلام آباد

## ② لارڈ میکالے

کی سفارشات کا اعلامیہ جو ۷ مارچ ۱۸۳۵ء کو منظور کیا گیا

ہمیں ایسی نسل تیار کرنا چاہئے جو دیسی آبادیوں کے لئے ہمارے افکار و نظریات کی ترجمان ہو اور جو رنگ و نسل کے اعتبار سے بلاشبہ ہندوستان کی باشندہ



ہو لیکن فکر و نظر اور سیرت و کردار و عادات و اخلاق کے اعتبار سے خالص انگریز ہو۔ (نظام تعلیم صفحہ ۸۸، حوالہ مغرب پر اقبال کی تنقید صفحہ ۱۰۱، از پروفیسر عبدالغنی فاروق)

## ③ مسٹر بیلی

سیکرٹری اُمور داخلہ، حکومتِ برطانیہ

اس میں قطعاً کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ مسلمان اس طریقۂ تعلیم سے احتراز کرتے ہیں جو اگرچہ فی نفسہٖ کتنا ہی اچھا کیوں نہ ہو مگر ان کے مِلّی رجحانات کو قطعاً خاطر میں نہیں لاتا، درحقیقت اس سے اِن کے انتہائی ضروری تقاضے پورے نہیں ہوتے یہ طرزِ تعلیم لازماً اُن کے مفاد کے خلاف اور ان کی ملی روایات کے منافی ہے۔ (مقالاتِ تعلیم صفحہ ۳۹، از عبدالحمید صدیقی)

(ایضاً حوالہ مغرب پر اقبال کی تنقید صفحہ ۱۰۱)

## ④ ڈبلیو ڈبلیو ہنٹر

حقیقت یہ ہے کہ ہمارا نظامِ تعلیم جس نے ہندوؤں کو ان کی صدیوں کی نیند سے (یعنی ان میں مسلمانوں سے لڑنے کے فتنے کو) بیدار کیا ہے اور ان کے کاہل عوام میں قومیت کے شریفانہ (بدمعاشانہ) احساسات پیدا کر دیئے ہیں۔ مسلمانوں کی روایات کے بالکل برخلاف اور ان کی ضروریات کے بالکل غیر مطابق ہے بلکہ ان کے مذہب کی تحقیر کرتا ہے۔ (جو کہ کھلم کھلا کفر ہے)۔

مغرب پر اقبال کی تنقید صفحہ ۱۰۱

ایضاً مقالاتِ تعلیم پروفیسر عبدالحمید صدیقی

## ⑤ صیہونی مُبلغ ٹِکلی

ہمیں چاہئے کہ ہم مغربی طرز کے لادینی سکولوں کے کھولنے کی ہمت افزائی کریں' اس لئے کہ جب بہت سے مسلمانوں نے مغربی سکولوں وغیرہ کی کتابیں پڑھیں اور اجنبی غیر ملکی زبانوں کو سیکھا تو اسلام اور قرآن کے بارے میں ان کا اعتقاد متزلزل (کمزور) ہو گیا۔ (تربیت الاولاد فی الاسلام صفحہ ۸۰۳)

نفسانی خواہشات اور اُن کے نقصانات صفحہ ۲۵۳، التبشیر والاستعمار صفحہ ۸۸

## ⑥ مستشرق آربی گب

اب اسلام کا اثر و نفوذ چند ایک مذہبی رسوم و تقریبات تک محدود ہو کر رہ گیا ہے اور یہ سب کچھ اس قدر ہوشیاری و حکمت و تدبر سے تدریجی طور پر ہوا کہ مسلمانوں کو اس کی کانوں کان خبر تک نہیں ہوئی۔ یہ سب نتیجہ ہے ہماری اس تعلیمی پالیسی کا یا جدوجہد کا جو ہم نے عالمِ اسلام کے اندر لادینی نظامِ تعلیم اور لادینی تہذیب و ثقافت کو رواج دینے کے لئے مسلسل برپا کر رکھی ہے۔

رواداری اور مغرب؟، صفحہ ۲۹۳

## ⑦ گیز کا بیان

اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ مسلمانوں پر کون حکومت کرتا ہے؟ یہاں تک کہ شدید ترین مخالف حکمران بھی ان کو دین بدلنے پر مجبور نہیں کر سکتا' البتہ تعلیم ایک ایسا شعبہ ہے جہاں سے ان پر حملہ کیا جا سکتا ہے کیونکہ مسلمانوں کا نظامِ تعلیم غیر رسمی (رواجی) ہے اور فاتح قوم کی انتظامی مشینری کا ساتھ نہیں دے



سکتا۔ اس لئے یہ لوگ مجبوراً آپ کا دیا ہوا نظامِ تعلیم اپنائیں گے اور یوں ایک ایسی نسل تیار ہو جائے گی' جو معاشرتی' معاشی اور اخلاقی طور پر اسلام سے دور لیکن نام و نسل کے اعتبار سے مسلمان ہو۔

## ⑧ سر ولیم ڈگبی

پراسپرس برٹش انڈیا میں لکھتا ہے ضمنی سائل میجر جنرل سمتھ کے۔سی۔پی

**سوال** نمبر ۵۶۳: کیا آپ کسی طرح اس بات کی روک تھام کر سکتے ہیں کہ دیسیوں (یعنی ہندوستانیوں) کو اُن کی طاقت کا علم نہ ہو؟

**جواب**: میرے خیال میں انسانی تاریخ میں کوئی ایسی نظیر نہیں ملتی کہ معدودے چند اغیار چھ کروڑ آبادی کے ملک پر حکمرانی کر سکیں' جسے آج کل رائے کی بادشاہت کہتے ہیں اس لئے جوں ہی وہ تعلیم یافتہ ہو جائیں گے تو تعلیم کی تاثیر سے ان کے قومی اور مذہبی تفرقے دور ہو جائیں گے' جس کے ذریعے سے اب تک ہم نے اس ملک کو اپنے قبضہ میں کیا ہوا ہے یعنی مسلمانوں کو ہندوؤں کے خلاف کرنا اور علی ہذا القیاس تعلیم کا اثر یہ ضرور ہو گا کہ انکے دِل بڑھ جائیں گے اور انہیں اپنی طاقت سے آگاہی ہو جائے گی۔ (یعنی ہندو مسلمانوں کیساتھ دست و گریبان ہوں گے)۔

نقش حیات صفحہ ۱۸۳، از خوشحال برطانوی ہند، ترجمہ پراسپرس برٹش انڈیا صفحہ ۱۰۹

## ⑨ آنریبل الفنسٹن اور آنریبل ایف وارڈن

متفقہ یادداشت میں بیان دیا

انصاف یہ ہے کہ ہم نے دیسیوں (ہندوستانیوں) کی ذہانت کے چشمے خشک کر دیئے' ہماری فتوحات کی نوعیت ایسی ہے کہ اس نے نہ صرف ان کی علمی ترقی کی ہمت افزائی کے تمام ذرائع کو ہٹالیا ہے' بلکہ حالت یہ ہے کہ قوم کے اصلی علوم بھی گم ہو جانے اور پہلے لوگوں کی ذہانت کی پیداوار فراموش ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ اس الزام کو دُور کرنے کیلئے کچھ ہونا چاہیے۔ (یعنی مزید تباہی لانی چاہیے)۔ (روشن مستقبل صفحہ ۱۲۸ سید طفیل احمد منگوری رجسٹرار علیگڑھ)

## ⑩ ڈبلیو ڈبلیو ہنٹر

ہمارے انگلو انڈین اسکولوں سے کوئی نوجوان خواہ وہ ہندو ہو یا مسلمان ایسا نہیں نکلتا جو اپنے آباؤ اجداد کے مذہب سے انکار کرنا نہ جانتا ہو۔

رسالہ ہمارے ہندوستانی مسلمان صفحہ ۲۰۲۔ نقشِ حیات صفحہ ۱۸۷'

## ⑪ سر ڈی ہملٹن

اگر کبھی انگریزوں کو ہندوستان اس طرح چھوڑنا پڑا' جس طرح رومن نے انگلستان چھوڑا تو وہ ایک ایسا ملک چھوڑ جائیں گے' جس میں نہ تعلیم ہو گی نہ حفظانِ صحت کا سامان ہو گا اور نہ ہی دولت ہو گی۔

روزنامہ ملت دہلی مورخہ ۲۶ جولائی ۱۹۳۲ء از نقشِ حیات، حسین احمد مدنی صفحہ ۱۹۰



## ⑫ جان پال پوپ سیکڈ رومی پادری

۱۹۹۰ء کے ٹائمز میں پڑھا کہ ۲۰ یا ۵۰ سال کے بعد پوری دنیا پر اسلام کا غلبہ ہو گا انگلینڈ امریکہ وغیرہ کے ماہرین اکٹھے ہوئے' کافی غور و فکر کے بعد کچھ سمجھ نہ آیا کہ کیا کیا جائے۔ آخر کار روم میں جان پال پوپ سیکڈ کے پاس مسئلہ لے کر گئے تو اس نے ایک سوال کیا کہ یہ بتاؤ کہ مسلمانوں کے بچے زیادہ تر سکولوں اور خاص طور پر انگلش میڈیم سکولوں میں پڑھتے ہیں یا مدرسے میں؟ تو ماہرین نے کہا کہ ۸۰٪ (اسی فیصد) سے زیادہ بچے سکولوں میں پڑھتے ہیں اور بہت کم بچے مدارس دینیہ میں پڑھتے ہیں۔ تو پوپ نے ایک فقرہ کہا کہ "کانوں میں روئی ڈال کر سو جاؤ' فکر نہ کرو تمام کے تمام بچے ہمارے ہیں۔"

جدید سائنس اور سنت نبوی ﷺ صفحہ نمبر ۴۳۰ جلد ۲، از طارق محمود چغتائی (صدارتی ایوارڈ یافتہ)

## ⑬ سر چارلس ٹریولین (گورنر مدراس)

یورپی تعلیمی مراکز سے صرف یورپی تصورات سے ان کو گرما کر ہی یہ ممکن ہے کہ ان کے قومی نظریات کو ایک نیا رُخ دیا جا سکے باوجودیکہ اسلام ایک سخت جان دین ہے اور مسلم نوجوان جس نے انگریزی تعلیم پائی ہے بہت ہی مختلف طرز کا انسان ہے جس میں اشتعال پذیر مذہبی جذبات' جہاد و شہادت عنقا (یعنی ختم) ہو جاتے ہیں۔ (از رواداری اور مغرب؟ صفحہ ۲۹۰، ) (بحوالہ نوائے وقت ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۵ء)

## ⑭ سر چارلس ٹریولین

میرے خیال میں اہلِ دیس کو وہ عمدہ تعلیم دی جائے جسے وہ خود پسند

کریں' جب ہندوستان کا بڑا حصہ تعلیم یافتہ ہو جائے گا تب ہمارا فرض ہوگا کہ مذہب عیسوی کی تعلیم جاری رکھیں۔ جب میں نے کلکتہ چھوڑا تو اس سے قبل میں نے تعلیم یافتہ طبقے کی فہرست بنوائی جو عیسائی ہوئے اس سے معلوم ہوا کہ عیسائی بننے والے لوگ زیادہ وہ تھے جو ہندو کالج سے پڑھے تھے۔ میرے نزدیک لوگ عیسائی بناتے میں غلطی کرتے ہیں۔ میرا یقین ہے کہ ملک میں مذہب عیسوی کی تعلیم بلاواسطہ پادریوں کے ذریعے اور بالواسطہ کتابوں' اخباروں اور یورپینوں سے بات چیت وغیرہ کے ذریعے نفوذ کرے گی حتیٰ کہ عیسوی علوم سوسائٹی میں نفوذ کر جائیں گے تب ہزاروں کی تعداد عیسائی ہوا کریں گے۔ (روشن مستقبل صفحہ ۸۲۸)

## ⑮ سر آکلینڈ کالون

گورنر صوبہ متحدہ کی علیگڑھ آمد

علیگڑھ کے طلبہ اپنی تعلیم و تربیت کی علامات ایسے ہی واضح طور پر ظاہر کرتے ہیں جیسے انگلستان میں ہمارے پبلک سکولوں اور ہماری یونیورسٹیوں کے کامیاب طلبہ ظاہر کرتے ہیں۔ علیگڑھ کالج کا ایک طالب علم فیاضانہ خیالات' اعلیٰ تربیت اور آزادانہ خصائل رکھنے والا شخص خیال کیا جاتا ہے سب سے بڑھ کر وہ ہندوستانیوں کے اس فرقہ کا ایک نمونہ بن گیا ہے جو انگریزوں کی خواہش کی پوری داد دیتا ہے لیکن وہ بھی توقع کرتا ہے کہ ہم بھی انکی خواہشوں کی اسطرح داد دیں۔ (عزت و ایمان کے بدلے پیسہ)۔

(روشن مستقبل صفحہ ۱۸۱، رسالہ سپاس نامہ جات، جوابات)



## ⑯ ڈاکٹر ہنٹر

مسلمانوں میں اشاعت تعلیم کا مقصد

میرا یقین ہے کہ مسلمانوں کی ہر جماعت کی تعلیم کا انتظام بہ سہولت بہت کم خرچ میں ہو سکتا ہے۔ روپیہ کی اس قدر ضرورت نہیں جس قدر کہ مسلمانوں کی خاص ضروریات کو مدنظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ مشرقی اضلاع جہاں مذہب کا زور ہے وہاں میرے خیال میں گورنمنٹ کو مسلمانی کاشت کاروں تک رسائی کے لئے نیا نظام قائم کرنا پڑے گا۔ میرے خیال میں مشرقی اضلاع میں یہی طریقہ اختیار کیا جائے۔ کون سا طریقہ......؟ سر لارڈ ہارڈن نے (اولاً) جہاں لوگ خود تعلیم نہیں دلوانا چاہتے تھے بہت سے سکول قائم کئے تھے۔ طریقہ یہ تھا کہ اول ایک عارضی سکول قائم کر دیا جاتا تھا جس میں گاؤں کے بچوں کو تعلیم تقریباً مفت تھی۔ لیکن جب اس کی قدر ہوتی تو فیس بڑھا دی جاتی اور جب وہ سکول چل نکلتا تو اس روپیہ سے دوسرے رقبہ میں سکول کھول دیا جاتا' اس طریقہ سے مغربی بنگال کے جنگلوں میں اندرونی حصوں میں تعلیم پھیلا دی گئی۔ میرے خیال میں مشرقی اضلاع میں بھی یہی طریقہ اختیار کیا جائے جہاں لوگ مذہب کا جنون رکھتے ہیں اور ایسے اضلاع میں جو مسلمان گورنمنٹ کے موروثی بدخواہ اور ہمارے طریقہ تعلیم کے مخالف ہیں امداد کے قواعد کارآمد نہیں ہو سکتے۔ البتہ پچاس سستے مدرسے جن میں تھوڑی تنخواہ کے مسلمان مدرس رکھے جائیں جن کے اخراجات کا بڑا حصہ گورنمنٹ ادا کرے وہ ایک ہی نسل میں مشرقی بنگال کا عام پسند رنگ بدل دیں گے۔ ایسے مدارس شروع میں کم کامیاب ہوں گے' مگر وہ رفتہ رفتہ نہ صرف مسلمان کاشت کاروں کے بچوں کو بلکہ مسلمان استادوں کو جن کی آمدنی غیر یقینی ہے' کو

کھینچ لائیں گے۔ اس طرح سے ہمیں اس جماعت کو اپنا طرف دار بنا لینا چاہیئے۔ جو بالاستقلال شدت کے ساتھ ہماری مخالف ہے۔

روشن مستقبل صفحہ ۱۵۳، از مسلمانان ہند، از ڈاکٹر ہنٹر صفحہ ۲۱۱

## ⑰ ڈاکٹر ہنٹر

مسلمان ڈپٹی مقرر کرنے کی غرض کے لئے

مسلمانوں کی ابتدائی اور ثانوی تعلیم کے لئے ایک خاص ڈپٹی انسپکٹر جو ان کا ہم مذہب ہو ضرورت ہو گی۔ اس کا پہلا فرض ان مسلمان مدرسوں اور کالجوں کے متعلق رپورٹ تیار کرنا ہو گا جو دیسیوں (ہندوستانیوں) کی نگرانی میں ہیں۔ مجھے اُمید نہیں کہ وہ انگریز افسران کے باقاعدہ معائنے کو گوارہ کریں گے لیکن ان میں سے بہت سے سرکاری امداد لینے کے لئے اپنے ہم مذہب ڈپٹی انسپکٹر کے معائنہ کی آسان شرائط پر رضا مند ہو جائیں گے۔ اس طرح ہم کو بنگال میں سب سے زیادہ باغی درسگاہوں کو اپنے ساتھ کر لینا چاہیئے اگر وہ وفادار نہ بھی ہوں تو کم از کم امن پسند تو ہو جائیں گے۔

(روشن مستقبل صفحہ ۱۵۴، از مسلمانان ہند ڈاکٹر ہنٹر صفحہ ۲۱۱)

## ⑱ ڈاکٹر ہنٹر

اسلامی تعلیمی اداروں کو زیر اثر لانے کا طریقہ

اصل تعلیم بدستور مسلمان دیتے رہیں لیکن ہر مدرسہ میں ایک عربی دان یورپین پرنسپل مقرر کیا جائے جو مدرسہ میں رہے اور ماتحتوں کے ساتھ نگرانی کے ساتھ اپنا وقار قائم رکھ سکے، موجودہ خالص عربی کے شعبہ کو انگریزی اور عربی کا



شعبہ کر دیا جائے، تاکہ گورنمنٹ ضلع سکول کا پاس شدہ لڑکا کالج کی اعلیٰ تعلیم کے شعبہ سے مستفید ہو سکے۔ یہ امر مشتبہ ہے کہ شریعت محمدی کی باضابطہ تعلیم دی جائے جو سب پر لازمی ہو یقیناً شرع محمدی کو تعلیم کا مقصد نہ بنانا چاہیئے کیونکہ شرع محمدی سے مسلمانوں کا مذہب مراد ہے اور مذہب بھی اس زمانہ کا جبکہ اس کے پیرو تمام دنیا کو اپنی جائز شکارگاہ جانتے تھے اور انہوں نے زمانۂ حال کی مسلمان آبادیوں کی طرح عیسائیوں کے ساتھ اتحاد کر کے یا ان کی رعایا بن کر رہنا نہ سیکھا تھا سر دست بجائے شرع محمدی کی روزانہ قواعد کرنے کے لئے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ عربی اور فارسی لٹریچر اور اُردو میں مغربی سائنس کی تعلیم دی جائے۔

روشن مستقبل صفحہ ۱۵۶۔۱۵۵

## اِن بیانات پر علی گڑھ کے رجسٹرار کا تبصرہ

مندرجہ بالا اقتباسات سے واضح ہے کہ مسلمانوں کے لئے جدید نظامِ تعلیم کا نفاذ اوّل ان مقامات میں تجویز کیا گیا جہاں مذہب کا زور تھا۔ جہاں کے لوگ مذہبی مجنوں اور بدخواہ تھے، تاکہ بقول ڈاکٹر ہنٹر ایک ہی سال میں عام پسند رنگ بدل دیا جائے گا اور مخالفوں کو اپنا طرف دار بنایا جائے۔ مسلمانوں کے جن دینی مدارس میں انگریز انسپکٹر کی رسائی نہ ہو سکتی تھی وہاں مسلمان ڈپٹی انسپکٹر مقرر کیا جائے، تاکہ بنگال کی سب سے زیادہ باغی درسگاہوں کو اپنے ساتھ کر لیا جائے۔ اسی طرح کلکتہ مدرسہ میں مسلمانوں کی مذہبی درسگاہ تھی انگریز پرنسپل مقرر کر کے وہاں شرع محمدی کی تعلیم بند کی جائے اور اس کی جگہ انگریزی اور فارسی و عربی لٹریچر جاری کیا جائے۔ (روشن مستقبل صفحہ ۱۵۶۔۱۵۵)

## ⑲ مسٹر ای سی بیلی

سیکرٹری گورنمنٹ ہند

ان کی مذہبی دیوانگی جس کے لئے قرآن شریف سے کافی سند مل سکتی ہے، بہت بھڑکا دی گئی ہے کہاں تک کہ اب اندیشہ ہے کہ کل مسلمان بہت جلد باغی ہو جائیں گے، جن میں ناراض مذہبی مجنوں، جہلاء اور تنگ نظری کی تعلیم پائے ہوئے علماء شامل ہوں گے جو حکومت پر ناراض اور جاہل (سکول نہ پڑھے ہوئے) مسلمانوں پر بے حد اثر رکھتے ہیں۔

مسلمان ہند، از ڈاکٹر ہنٹر صفحہ ۱۵۱، روشن مستقبل صفحہ ۱۰۴

## ⑳ لارڈ میکالے

جس طرح پہلے زمانے میں طاقت ور اور بااثر لوگوں کو (یہود و نصاریٰ کی طرف سے) افیون کے پوست پلا کر سُست، پست ہمت اور بدعقل بنا دیا جاتا تھا، ہمارا نظامِ سلطنت (اپنی تعلیم اور قانون سے) اسی طرح اہلِ ہند کو بے کار کر دیگا۔ (نقشِ حیات صفحہ ۱۶۴، حصہ نمبر ۱، از حکومت خود اختیاری)

## ㉑ مسٹر پی ڈبلیو سنگر

ان دینی مدارس کو راہِ راست پر لانے کے لئے کوئی بھی بلاواسطہ اقدام پاکستان میں تشدد کی لہر کو اُبھارے گا اور پاکستانی فوج کی یکجہتی کو ہلا کر رکھ دے گا۔ اسلئے مناسب ہوگا کہ اُردن کی حکومت کی طرح حکومتی امداد سے دینی مدارسِ عالیہ کو پروان چڑھایا جائے، جہاں ریاضی، اکنامکس کے ساتھ دینی تعلیم کا بھی اہتمام



او۔ (دینی مدارس میں تعلیم صفحہ ۲۴۱)

سلیم منصور انسٹی ٹیوٹ پالیسی اسٹڈیز عالمی ادارۂ فکر اسلامی، اسلام آباد

## ㉒ ڈاکٹر جسیکا سٹرن

ہارورڈ امریکہ یونیورسٹی کے کینیڈی اسکول آف گورنمنٹ کی تحقیق کار کا بیان

پاکستان کے دینی مدارس جہادی عنصر کی ترقی کا ذریعہ ہیں۔ یہ مدرسے جنرل محمد ضیاء الحق کے زمانہ میں اس لئے زیادہ تیزی سے پھلے پھولے کیونکہ ان کو حکومتی سطح پر زکوٰۃ فنڈ سے مالی مدد ملتی تھی۔

(روزنامہ "ڈان" کراچی ۲ دسمبر ۲۰۰۰ء) بحوالہ دینی مدارس میں تعلیم صفحہ ۲۳۴

### آگے چل کر مزید لکھتی ھے:

چونکہ ان دینی مدرسوں پر حکومت پاکستان کی کوئی نگرانی نہیں ہے، اس لئے یہ مدرسے تنگ نظر (کُفر دُشمن) اور دہشت گرد (مجاہد) عناصر کے تربیتی مراکز بن چکے ہیں۔ (روزنامہ "ڈان" کراچی ۲ دسمبر ۲۰۰۰ء) بحوالہ دینی مدارس میں تعلیم صفحہ ۲۳۶)

دینی مدرسوں کے تناظر میں امریکہ سب سے بڑا تعاون یہ کر سکتا ہے کہ وہ پاکستان کے سیکولر (لادین) نظامِ تعلیم کو مضبوط بنانے کے لئے حکومت پاکستان کی بامعنی معاونت کرے۔ اِس عمل کے نتیجے میں پاک بھارت تناؤ کم ہو سکتا ہے اور ایٹمی اسلحے سے پیدا شدہ خطرے کو روکا جا سکتا ہے۔

جسیکا سٹرن، روزنامہ "ڈان" کراچی ۲ دسمبر ۲۰۰۰ء، بحوالہ دینی مدارس میں تعلیم صفحہ ۲۳۷

## ۲۳ امریکی اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ

کے جولائی ۱۹۵۱ء۔کے پالیسی بیان میں کہا گیا

پاکستان میں ہمارے اہداف (منصوبہ جات) کے لئے ایک خطرہ اور ہے جو کیمونزم کی طرح عیاں (ظاہر) نہیں۔ یہ جاگیرداروں کے رجعت پسند (اسلام پسند) گروہوں اور غیر تعلیم یافتہ مذہبی راہنماؤں کی طرف سے ہے جو موجودہ مغرب پسند (یہود پسند) حکومت کی مخالفت کر رہے ہیں اور اسلام کے دقیانوسی اُصولوں کی طرف واپس لوٹنا چاہتے ہیں' ان کی قوت کا سرچشمہ عوام کے مذہبی جذبات اور جاہل لوگوں کی طرف سے تغیر وتبدل کی مخالفت ہے اگر یہ غالب آگئے تو پاکستان ایک مذہبی ریاست بن جائے گا' جو واضح طور پر مغرب (یہود) دُشمن ہوگی۔ اس لئے ہمیں جمہوری دستور اور جدید تعلیم کے لئے موجودہ حکومت کی کوششوں کی مکمل حمایت کرنا چاہیے۔

پاک امریکہ تعلقات صفحہ ۱۳، از دستاویزات صفحہ ۶۴، خرم مراد منصورہ

## ۲۴ تھامس فریڈ مین

امریکی صحافی کا بیان

اگر پاکستان جیسی قومیں غربت میں زندگی گزارتی رہیں اگر ان کے عوام صرف ان مذہبی مدارس کے مصارف ہی برداشت کر سکتے ہوں جو صرف قرآن کی تعلیم دیتے ہیں تو پھر ہم خوف ہی کے عالم میں زندگی گزاریں گے۔

امریکی عزائم اور اُن کا مقابلہ۔ مصنف پروفیسر خورشد احمد صفحہ ۱۵

(انٹرنیشنل ہیرالڈ ٹربیون آئی ایچ ٹی، ۹ دسمبر ۲۰۰۲ء)



## ۲۵ ایل ڈینورٹ

آسٹریلیا کی نیشنل یونیورسٹی کے دفاعی اور
اسٹریٹیجک مطالعات کے شعبے کا ڈائریکٹر

ایک ایسی جنگ مذہبی مدارس اور ان کے ہوسٹلوں میں لڑی جانی چاہیے' جو مستقبل کے انتہا پسند (اسلام پسند) کی پرورش گاہ ہیں۔ یہ جنگ جنوب مشرقی ایشیا کے جرائد' اسکولوں کے اساتذہ' مذہبی رہنماؤں' سیاست دانوں' غیر حکومتی انجمنوں اور دیگر عناصر کو لڑنا چاہیے۔ اور معتدل مسلمانوں (منافقین) کو اس کی حمایت کرنی چاہیے۔

(امریکی عزائم اور ان کا مقابلہ صفحہ ۱۸ (آئی ایچ ٹی ۱۷ دسمبر ۲۰۰۲ء)

## ۲۶ پال وولف اور ایڈورڈ کیپنیڈی

مغرب اور مسلم دُنیا کے درمیان خطرناک خلیج حائل ہے ہمیں لازماً اس خلیج کو پر کرنا ہوگا اور ہمیں ابھی سے اِس کی ابتداء کرنی چاہیے' کیونکہ خلا بہت بڑا ہے اور مزید دیر کی گنجائش نہیں۔ امریکی سینیٹر ایڈورڈ کینیڈی کا منصوبہ ہے کہ آج کے ہائی سکول کے طلباء کل کے لیڈر ہیں ہمیں ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے کہ ہم مسلمانوں سے اقدار اور افکار کے میدان میں رابطے استوار کر کے ان سے امریکی مخالف جذبات وتصورات کا خاتمہ کریں۔

ان بیانات اور سابقہ برطانیہ کے وزراء کے بیانات میں کئی اُمور قدرِ مشترک ہیں۔ مثالی نظامِ تعلیم صفحہ ۲۳۳ (صدارتی ایوارڈ یافتہ)

## ۲۷ امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ

کے ترجمان کے اعلان کے مطابق

امریکہ اس بات کی حمایت کرتا ہے کہ پاکستان ایک جدید اور اعتدال پسند راہ پر گامزن ہو جس کے لئے تعلیم ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے' چنانچہ یونیسکو کی رپورٹ ''ترقی پذیر ممالک میں اعلیٰ تعلیم' خطرات و توقعات'' میں تعلیمِ عامہ پر زور دیا گیا ہے اور اس تعلیمِ عامہ کا بنیادی نقطہ پیشہ سے قطع نظر ایک فرد کی مکمل شخصیت سازی ہے جس میں اس کی زندگی کے مقصد کو مہذب بنانا اور اس کے جذباتی ردِ عمل کو سنوارنا بھی شامل ہے۔ اس مخصوص طریق تعلیم کی جڑیں مغرب میں ہیں۔ (مثالی نظامِ تعلیم صفحہ ۲۳۳)

## ۲۸ صدر بل کلنٹن

جدہ (اے ایف پی)

باہمی اختلافات دور کرنے اور دہشت گردی (جہاد پرستی) کا مقابلہ کرنے کے لئے عالمی سیاسی معاشرہ تشکیل دیا جائے۔ امریکہ اس مقصد کے لئے رابطہ کرے گا اور مسلمانوں پر زور دیا کہ وہ اپنے تعلیمی نظام میں عقیدے کی تلقین ختم کر دیں۔ وہ جدہ میں اکنامک فورم میں اظہارِ خیال کر رہا تھا۔ اُس نے کہا کہ اس سیاسی معاشرے میں صرف اپنی پسند کے مطابق خدا کی عبادت کرنے یا اس سے اختلاف کرنے کی آزادی ہونی چاہیے۔ (العیاذ باللہ)

بحوالہ روزنامہ ''جنگ'' ۲۱ جنوری ۲۰۰۳ء

مثالی نظامِ تعلیم صفحہ ۲۶۳



## ۲۹ ٹامسن کارلائل

ہیروز اینڈ ہیروز ورشپ کا مصنف

مسلمان پوری دنیا پر غالب آچکے تھے۔ یہ سب عقیدے کی پختگی کا نتیجہ تھا جس کی بدولت ایک قوم کی تاریخ کے باب روشن ہوئے۔ (لہٰذا عقیدے کی پختگی کو ختم کرنے کیلئے تعلیم دی جائے)۔ کتاب کا نام (محمد ﷺ صفحہ ۴۱)

## ۳۰ برطانیہ کے وزیرِ تعلیم کا انکشاف

ڈرائیور نے بتایا کہ پرسوں کی بات ہے کہ میں لندن میں بچوں کے سکول میں گیا تھا تو وہاں وزیر تعلیم آیا تھا تو میں نے اس سے مطالبہ کیا کہ ہمارے مسلمان بچوں کو حلال گوشت دیا جائے کیونکہ یہاں اسکولوں میں سب کچھ چلتا ہے۔ حلال جانور بھی ذبح نہیں ہوتے اور خنزیر کا گوشت عام ہے۔ وزیر نے کہا کسی مسلمان بچے کو بلاؤ۔ وزیر نے پوچھا: تمہارا مذہب کیا ہے؟ بچے نے کہا پاکستان۔ وزیر نے کئی بار اپنا سوال دُہرایا اور ہر دفعہ بچہ پاکستان یا پاکستانی کہتا رہا۔ وزیر نے کہا تم حلال گوشت کا مطالبہ کرتے ہو تم لوگ جو پاکستان میں پیدا ہوئے تھے اور یہاں آئے مزید بیس سال چلو گے پھر ختم ہو چکے ہو گے' مر جاؤ گے یا ریٹائرڈ لائف گزارو گے اور یہ بچے ہمارے معاشرے کا حصہ بن جائیں گے انہیں بھول جاؤ اور یہ مت کہو کہ یہ ہمارے بچے ہیں یہ تمہارے نہیں یہ برطانیہ کے بچے ہیں۔

(یورپی تہذیب تباہی کے دہانے پر صفحہ ۵۹۷) (از برطانوی مسلمان اور ان کا مستقبل صفحہ ۱۲۲)

## ⑪ سر اینٹونی مکڈانل

ایک بڑے شاعر کا قول ہے کہ صلح کی فتوحات لڑائی کی فتوحات کی نسبت کچھ کم نہیں ہیں چنانچہ ہندوستان میں ہمارے عہد کی مصالحت آمیز فتوحات میں اس کالج کا قائم ہونا یقیناً ایک فتح ہے، جس سے سب کے دلوں کو خوشی حاصل ہوتی ہے اور کسی کے دل کو تکلیف یا رنج نہیں پہنچتا۔ یہ ایک ایسی فتح ہے جس کی رونق امروز زمانہ کی وجہ سے کم نہیں ہو سکتی ہے۔ اس بات کی اُمید کرنا کچھ مبالغہ نہیں ہے کہ یہ کالج ترقی پا کر آئندہ مسلمانوں کی بڑی درسگاہ ہو جائے گا۔

(حیات جاوید صفحہ ۳۸۷)

## ⑫ یہودی پروٹوکول

(۱) ہمیں تمام غیر یہود اقوام کی تعلیم کو اس انداز سے مرتب کرنا ہے کہ جب کبھی ان کو کسی معاملے میں اپنے طور پر کوئی قدم اُٹھانا پڑے، تو کسی قطعی نتیجہ پر نہ پہنچ سکیں۔ ہم ان تمام طریقوں سے غیر یہود کو اتنا زچ کر دیں گے کہ وہ ہم کو ایک بین الاقوامی اقتدار پیش کرنے پر مجبور ہو جائیں گے اور اس طرح ایک اعلیٰ حکومت کی بنیاد پڑے گی۔

(۲) ہم وہ تمام اقدام کریں گے کہ روئے زمین سے غیر یہود کی تمام تعلیمی قدروں کا استیصال ہو سکے۔ (پروٹوکول صفحہ ۱۹۸)

## ⑬ لوشاتلیہ، عیسائی مُبلغ

مغربی زبانوں کی اشاعت کے ذریعے مغربی افکار سرایت ہوتے ہیں



اگر انگریزی، جرمنی، ڈچ اور فرنچ زبانوں کی ترویج کی جائے تو اسلام کا سابقہ (یعنی تعلق و واسطہ) مغربی کتب سے پڑے گا اور اس لٹریچر کو ایک مادی اسلام پیش کرنے کا موقع مل جائے گا اس طرح مشنری اسلامی فکر کو مسمار کرنے کے مقصد میں کامیاب ہو جائیں گے کیونکہ اسلام اپنے وجود اور قوت کی حفاظت علیحدہ رہ کر کر سکتا ہے۔ (دنیا عیسائیت کی زد میں صفحہ ۲۳)

مشنریوں کے اعمال کے نتائج میں خواہ کتنا ہی اختلاف کیوں نہ ہو مگر حقیقت یہ ہے کہ اسلامی عقائد کا خاتمہ انہی کوششوں کا نتیجہ ہے جو عیسائیت کے لئے کی گئی ہیں۔ اسلامی دنیا کی سیاسی تقسیم نے بھی مغربی تمدن کے لئے راہیں ہموار کر دی ہیں کیونکہ جب اسلام سیاسی اعتبار سے کمزور ہو جائے گا تو کچھ وقت گزرنے پر ملک مغربی تہذیب کے جال میں پھنسا ہوا ہو گا۔ (ایضاً)

## ⑭ پادری زویمر عیسائی مُبلغ

جاہل مسلمانوں میں گھسنے کا بہتر راستہ اسکول ہیں۔ پہلے ان کو تعلیم دی جائے، اسکولوں کے ذریعے مشنری کارکن مسلمانوں کے گھروں میں داخل ہو سکتے ہیں اور یسوع مسیح کا پیغام پہنچا سکتے ہیں۔ (دنیا عیسائیت کی زد میں، صفحہ ۲۷)

## ⑮ رامون لل عیسائی مُبلغ

۱۹۲۴ء میں رامون لل نے پوپ سلسلتین پنجم سے ملاقات کے دوران انہیں دو کتابیں پیش کیں، جن میں مسلمانوں میں تبلیغ کا منصوبہ پیش کیا گیا تھا۔ رامون لل کے منصوبے کی دو کڑیاں تھیں۔ اوّل یہ کہ چرچ، علم، سکولوں کو تبلیغ کا ذریعہ بنائے اور دوسری یہ کہ اگر پرامن کوششیں کامیاب نہ ہوں تو مسلمانوں کو

بزورِ قوت عیسائی بنایا جائے۔ (دنیا عیسائیت کی زد میں صفحہ ۶۴)

## ۳۶ رابرٹ کلارک

رابرٹ کلارک نے سکولوں کے مقصد کو بیان کرتے ہوئے چرچ مشنری سوسائٹی کی لاگ بک حیدر آباد میں مورخہ ۱۶ نومبر ۱۸۸۳ء کو ان الفاظ میں لکھا۔ ہمارے بڑے مرکزی مشن اسکولوں کو ہر جگہ بڑی قابلیت وقوت کے ساتھ قائم کرنا چاہئے۔ سچائی کے قطروں کے مسلسل بہاؤ سے تعصب اور غلطی کے پتھر آخر کار بہہ جائیں گے اور ہندو ازم اور دینِ اسلام کا مکمل ڈھانچہ بالآخر ریزہ ریزہ ہو جائے گا۔ (دنیا عیسائیت کی زد میں صفحہ ۹۰)

## ۳۷ پروفیسر ڈبلیو جے ڈائونز

گارڈن کالج میں کیمسٹری کا پروفیسر کہتا ہے کہ یہ بات درست ہے کہ ہم مسلمان کو عملاً اپنا ہم خیال نہیں بنا سکے مگر یہ واقعہ درست ہے کہ وہ جب یہاں سے فارغ التحصیل ہو کر نکلتے ہیں تو مسلمان بھی کب رہتے ہیں۔

(دنیا عیسائیت کی زد میں صفحہ ۳۹۲)

## ۳۸ ایف سی کالج کا سابقہ پرنسپل

ایک مالیات کے سربراہ کے جواب میں اس نے کہا: مجھ سے یہ نہ پوچھو کہ کتنے طلباء کو ہم نے عیسائی بنایا۔ یہ پوچھو کہ کتنوں کو اسلام پر قائم نہیں رہنے دیا۔ ہم نے ایک نسل تیار کی ہے جو اب اسلام سے وفادار نہیں رہی اور یہی ہماری محنتوں کا حاصل اور ہماری اصل کامیابی ہے۔ (ماہنامہ ترجمان القرآن اپریل ۲۰۰۳ء صفحہ ۲۷)



## ۳۹ ایف سی کالج کے پرنسپل کا بیان

ایف سی کالج کے امریکی پرنسپل کا بیان مستقبل میں عالم اسلام کی قیادت پاکستان کے ہاتھ آنے والی ہے۔ اس ضمن میں ہمیں یہاں ایسا تعلیمی ادارہ قائم کرنا چاہئے یا ایف سی کالج کو اس نہج پر لانا چاہئے کہ مستقبل کی قیادت کی تربیت ہم اپنے طریقے پر کر سکیں۔ (رودادِ ایف سی کالج۔ از مجلۃ الدعوۃ، ربیع الثانی ۲۰۰۳ء)

## ۴۰ یکم اکتوبر ۲۰۰۳ء امریکی رپورٹ

جو ایوان نمائندگان کو پیش کی گئی

۱۵ رکنی کمیٹی نے اسے مرتب کیا

تعلیم وہ شعبہ ہے جہاں پر امریکہ کے عرب اور مسلم دنیا سے ہمارے مفادات مشترک دکھائی دیتے ہیں لیکن امریکہ اس اہم ذریعے کو خاطر خواہ طریقے سے استعمال نہیں کر سکا۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے تعلیم کے کلیدی (بنیادی) پروگراموں کے اجراء اور وظائف کے لئے رقوم کی فراہمی مسلم دنیا میں مستقبل کی قیادت کو ہم رنگ بنانے میں بنیادی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ یہ ضروری ہے کہ عربوں اور مسلمانوں کے تعلیمی اداروں سے تعلقات کا دائرہ وسیع سے وسیع تر کرنے کے لئے بڑے پیمانے پر مالی وسائل فراہم کئے جائیں اور ان اداروں سے امریکی تعلیمی اداروں کا تعلق جوڑنے کی راہیں تلاش کی جائیں۔ آج مسلم دنیا امریکہ کے بارے میں بُری رائے رکھتی ہے لیکن دوسری طرف امریکی تعلیم کے بارے میں مثبت اور صحیح سوچ پائی جاتی ہے۔ ہمیں اس سوچ سے پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہئے۔ جس میں ایک جانب تو ان کے نصاب تعلیم کو بہتر بنائیں اور دوسری

جانب امریکہ میں تعلیم کے مواقع فراہم کریں۔ (صفحہ ۳۳)۔ ہم مشرقِ وسطیٰ میں امریکی یونیورسٹیوں کی کارکردگی سے بہت متاثر ہوئے ہیں' جنہوں نے کھلی سوچ اور عالمی اقدار کی ترویج کے لئے بے پناہ کام کیا ہے۔ انہوں نے ایسے عرب مردوں اور عورتوں کو تعلیم و تربیت فراہم کی ہے جو رائے عامہ کی تشکیل اور ان معاشروں میں قیادت کے مناصب پر فائز ہوں گے۔ امریکی یونیورسٹی بیروت' امریکی یونیورسٹی قاہرہ' امریکی یونیورسٹی لبنان' یہی دائرے میں قائم ہیں جہاں چھے چھے ہزار لڑکے لڑکیوں کو تعلیم دی جا رہی ہے اور یہ قابلِ قدر تعلیمی ادارے عرب مسلم دنیا میں امریکی اقدار کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان تعلیمی اداروں کی مضبوطی اور وسعت ان علاقوں کے تعلیمی ڈھانچے پر اثر انداز ہو گی' جس میں یونیورسٹی تعلیم کو معاشرے کی تبدیلی میں ایک عامل کا کردار ادا کرنا ہے۔

اندریں حالات یہ مشاورتی گروپ سفارش کرتا ہے کہ عرب اور مسلم دنیا میں امریکی تعلیمی اداروں کی تعمیر' تشکیل اور وسعت پر بھرپور توجہ دی جائے' تاکہ امریکی قومی مفادات کو تحفظ دیا جائے۔ تعلیمی میدان میں طویل المیعاد سطح پر سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والی چیز مسلم عرب خطے کے طالب علم کو وظائف کی فراہمی ہے۔ عرب' مسلم دنیا کی قیادت پر فائز غالب اکثریت' امریکی یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہے اور ایہ امر باعثِ مسرت ہے کہ ان میں سے بڑی تعداد نے امریکی وظائف ہی پر تعلیم حاصل کی۔ (صفحہ ۳۵)۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ عرب و مسلم امریکی یونیورسٹیوں میں نہ صرف باہم مشترک منصوبے شروع کئے جائیں بلکہ تعاون کے مختلف میدانوں میں بھی ہاتھ بٹایا جائے' جس میں نصابی کتب کی تشکیل' طرزِ تدریس اور امتحانی طریقِ کار شامل ہیں۔ مناسب ہو گا کہ یہ کام ہائی



سکول کی سطح پر ہی سے کیا جائے۔ اس طرح مسلم دنیا کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں ہمارے نقطۂ نظر سے تنقیدی سوچ کے ساتھ معاشی' سماجی اور سیاسی امکانات پیدا ہوں گے۔ (صفحہ ۳۴)۔ امریکہ کو مسلم' عرب دنیا میں تعلیمی آزادی (یعنی مذہب سے) کے سوال پر پختہ مؤقف اختیار کرنا ہو گا۔ ہمیں باہم تعاون کے جن شعبوں میں خصوصی معاہدے کرنے چاہئیں ان میں صحافت میڈیا' کاروباری انتظامات اور ملب شامل ہیں۔ ہماری جانب سے طلبہ ویزوں کے اجراء میں زبردست کمی کوئی اچھا اقدام نہیں ہے۔ مثال کے طور پر پاکستانی طلبہ کے لئے ویزوں میں دو تہائی کمی کی گئی ہے۔ برق رفتاری سے طلبہ کو امریکہ میں تعلیم کے مواقع فراہم کرنے چاہئیں۔ یہی چیز ہمارے قومی مفادات کے حق میں جاتی ہے۔ (صفحہ ۳۵) اس طرح ہم کو مسلم دنیا کی یونیورسٹیوں یا ان کے قرب و جوار میں امریکی کارنر کھولنے چاہئیں۔ جہاں مسلم نوجوان نسل ہمارے رسائل' کتب' انٹرنیٹ فلموں اور موسیقی اور دیگر اعلانات سے ہمارے مؤقف کو سمجھ سکیں گے۔ (صفحہ ۳۷)۔ پھر ہمیں امریکی رومز بنانے چاہئیں جہاں ۱۶ سے ۲۵ سال کی عمر کے نوجوان مسلمان امریکہ کی چھ ۶ قدروں آزادی' اکثریت معاشرت' نئے مواقع اور اظہارِ ذات کی لذت چکھ سکیں گے (صفحہ ۳۸)۔ مسلم دنیا کے خصوصاً اعلیٰ طبقے' اساتذہ' طالب علموں میں امریکی کتب کی بڑی مانگ ہے' جس سے ہمیں استفادہ کر کے اپنے مفادات کے حصول کے لئے پہنچنا چاہیے۔ ہمارے اصلی مفادات کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے کتب بڑا اہم کردار ادا کر سکیں گی۔ عرب اور مسلم مقامی زبانوں میں ترجمے کے لئے ہر سال ایک ہزار ایسی کتابوں کا ترجمہ مفید رہے گا۔ یہ کام مسلم دنیا میں مقامی سطح پر کی گئی شعبے کی شراکت سے کرنا ہو گا اس سے ہم ان

لوگوں کے تصورات کو درست کر لیں گے۔

ہماری کامیاب قومی ڈپلومیسی سے متعلق حکمت عملی کا بہت زیادہ انحصار انگریزی زبان کی تدریس پر بھی ہے۔ اس ضمن میں برٹش کونسل امریکی لینگویج سنٹر فل برائٹ پروگرام اور وائس آف امریکہ نے بڑی مدد دی ہے۔ اگر ہم نے اس پروگرام کو چھوڑ دیا تو مسلم معاشروں پر اثر انداز ہونے کا ایک نہایت قیمتی موقع ضائع کر دیں گے۔ بلاشبہ ان معاشروں میں قدامت پسندوں کی جانب سے اس طرح مزاحمت جاری رہے گی کہ انگریزی سیکھنے سے ان کی مقامی زبان ان کی تہذیب وثقافت اور مذہبی قدروں کو خطرہ لاحق ہو رہا ہے۔ اس مزاحمت کے لئے ہمیں ضروری طور پر انگریزی زبان کی تدریس عامہ کے لئے ایک وسیع پروگرام کی ضرورت ہے اور وسیع رقم خرچ کرنا ہو گی' جس میں اوّلین اقدام کے لئے ان ملکوں کے تعلیمی اداروں میں لسانی ماہرین' لسانی تربیت کے لئے بھیجنا ہوں گے۔ یہ امریکی ماہرین ہی ہماری قومی پالیسی کے فہم سے آراستہ ہونے چاہئیں جو وہاں نصاب سازی اور افراد سازی کریں۔ (صفحہ ۵۰-۵۱)

ان نکات سے اخذ کردہ نتائج

میڈیا[۱]، تعلیم[۲]، این جی اوز[۳] اور انگریزی زبان[۴]

ماہنامہ ترجمان القرآن۔ مارچ ۲۰۰۴ء

## (۴۱) پادری زویمر عیسائی مُبلغ

عیسائی مبلغین اپنی تبلیغ کے نتائج کمزور دیکھ کر مایوس نہ ہوں کیونکہ یہ پکی بات ہے کہ مسلمانوں کے دِلوں میں یورپی علوم اور عورتوں کی آزادی کی طرف



شدید میلان پیدا ہو چکا ہے (لہٰذا ان کے ذریعے عیسائیت ضرور پروان چڑھے گی)۔ (تربیۃ الاولاد فی الاسلام صفحہ ۸۰۵، از الغارۃ علی العالم الاسلامی صفحہ ۴۷)

## (۴۲) سیموئیل زویمر

عالمی صدر تبلیغ مسیحیت

مغربی تہذیب وثقافت کی دو خصوصیات ہیں: ایک تباہ کرنے والی (یعنی انسانیت کو) اور دوسری آباد کرنے والی (یعنی حیوانات کو)۔ خصوصاً مسلمانوں کی جدید نسل کو تعلیم جدید کے نام پر اسلام کی طاقت سے رہا کرایا جائے۔

الغارۃ علی العالم الاسلامی صفحہ ۱۱

از امت مسلمہ پر کفار کے مظالم کے دلخراش حالات صفحہ ۴۱۵

## (۴۳) ہمفرے کے اعترافات

(۱) اور کچھ لوگ ہماری مخالفت پر تیار ہو جائیں گے کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ترکی کے حکام بڑے ہوشمند اور دانا ہیں ہمیں کامیاب نہیں ہونے دیں گے لیکن ہمیں (یعنی اہل برطانیہ) کو ابھی سے متوسط طبقے کے بچوں کو اسکول میں تعلیم دینا ہے جو ہم نے ان کے لئے تیار کر رکھی ہے' اس طرح مسلمان نسل دین و مذہب کو بھول جائے گی۔

ہمفرے کے اعترافات، صفحہ نمبر ۱۱۸

(۲) علماء دین سے نسل کا رشتہ توڑنے کے لئے اساتذہ کے ذریعے جو ہمارے تنخواہ دار ہوں' جدید علوم پڑھائے جائیں۔

ہمفرے کے اعترافات، صفحہ نمبر ۱۰۷

(۳) مسلمانوں کو جہالت اور لاعلمی میں رکھنا' کسی مذہبی تعلیمی مرکز کی قیام کی کوشش کو کامیاب نہ ہونے دینا' بچوں کو دینی مدارس میں جانے سے روکنے کے لئے علماء دین اور دینی مرکزوں پر الزامات اور تہمتیں لگا کر انہیں بدنام کریں۔ (ہمفرے کے اعترافات، صفحہ نمبر ۹۹)

## ۴۴ شرل بنارڈ

افغانستان میں امریکی سفیر
زلمے خلیل زاد کی آسٹریلین اہلیہ

قرآن میں یہودیوں اور عیسائیوں کے بارے میں مخالفانہ اور اشتعال انگیز احکام موجود ہیں' تاہم بعض مقامات پر ان کے لئے نرم احکامات بھی موجود ہیں' تاریخ میں اسلامی برادری مذکورہ قوموں سے حالتِ جنگ میں مبتلا رہی ہے۔

ہمیں سب سے پہلے جدیدیت پسند قیادت کو آگے لانا ہوگا' لیڈروں کے لئے رول ماڈل بنانا ہوگا۔

دوسرے مرحلے پر ہمیں اسلامی دنیا میں جمہوری معاشرے (سول سوسائٹی) کے فروغ کے اقدامات کی کوشش کرنی ہوگی' اس مقصد کے لئے مقامی غیر سرکاری تنظیموں اور دیگر شہری اداروں کو آگے آنا ہوگا' کیوں کہ کسی بحرانی صورت حال میں انہی میں سے ایک جمہوری قیادت اُبھر سکتی ہے۔ ہمیں امریکی' جرمن اور مغربی اسلام کو فروغ دینا ہوگا' اس مقصد کے لئے افہام وتفہیم کی ضرورت پڑے گی' ہمیں ہر صورت میں بنیاد پرستوں (اسلام پسندوں) کی کھل کر مخالفت کرنی ہوگی۔



اس مقصد کے لئے ہمیں عرب صحافیوں کی حوصلہ افزائی کرنی ہوگی' تاکہ وہ بنیاد پرستوں (اسلام پسندوں) کی ذاتی زندگیوں اور عادات کے بارے میں کھل کر رپورٹنگ کر سکیں' ان بنیاد پرستوں (اسلام پسندوں) کی سفاکیوں کو بے نقاب کرنا پڑے گا۔ ہمیں ایک معتدل اور خوشنما اسلام کے بارے میں پروپیگنڈہ کرنا چاہئے اور اس حوالے سے ہر اس ملک' خطے اور گروپوں کی حوصلہ افزائی ہونی چاہئے جو اس مقصد کے لئے تعاون کرے۔

اسکولوں میں نصاب میں جمہوری اسلام کے پیغام کو نمایاں کر کے شامل کیا جائے' بنیاد پرستوں (اسلام پسندوں) نے مسلم ممالک میں تعلیم کے شعبے پر اپنی گرفت مضبوط رکھنے کی زبردست کوشش کر رکھی ہے' ہمیں یہاں اپنے قدم جمانے ہوں گے' ہمیں تعلیم اور نوجوانوں پر بھرپور توجہ مرکوز کرنی ہوگی' ہمیں بنیاد پرستوں (اسلام پسندوں) کے تضادات کو نمایاں کر کے سامنے لانا ہوگا' جدت پسند (یہودیت پسند) عناصر کو سامنے لانا ہوگا۔

ہمیں انتہائی چنیدہ سیکولر عناصر کی بھرپور مدد کرنی پڑے گی' ہمیں بنیاد پرستوں کو ایک دشمن کے طور پر سامنے لانا ہوگا۔

ہمیں اس بات کی حمایت کرنی ہوگی کہ اسلام میں مذہب اور ریاست کا آپس میں کوئی تعلق نہیں اور یہ الگ الگ ہیں' نیز اس بات کو ماننے سے ایمان پر کوئی حرف نہیں آتا۔

عالم اسلام کی اخلاقی صورتِ حال کا مقدمہ، صفحہ نمبر ۴

## ۴۵ لارڈ کرومر

جس کی حیثیت مصر کے وائسرائے کی تھی
۱۹۰۸ء میں اپنی پالیسی بیان کرتے ہوئے کہتا ہے

انگلستان اپنی تمام نوآبادیات کو سیاسی آزادی دینے کے لئے تیار ہے کہ جیسے ہی دانشوروں اور سیاست دانوں کی ایسی نسل تیار ہو جائے جن کے اندر انگریزی تعلیم رچی بسی ہو' وہ انگلش کلچر کا مثالی نمونہ ہوں اور حکومت کے حصول کے لئے تیار ہوں' لیکن انگریز حکومت کسی حالت میں ایک لمحے کے لئے بھی آزاد اسلامی ریاست کو برداشت نہیں کر سکتی۔

(عالم اسلام کی اخلاقی صورت حال کا مقدمہ، صفحہ نمبر ۴)

## ۴۶ ایک فرانسیسی مُبلغ کا بیان

دینِ اسلام کا طاقت کے ذریعے مقابلہ کرنا' اسے اور زیادہ پھیلانے کا ذریعہ بنے گا' اس لئے اسے ختم کرنے کے لئے نہایت مناسب اور مہلک ہتھیار اور تباہ کن طریقہ یہ ہے کہ مسلمانوں کے بچوں کو سکولوں میں تعلیم و تربیت دی جائے اور بچپن ہی سے ان کے عقیدے خراب کرنے کے لئے شکوک و شبہات کے بیج ان میں اس طرح بو دیئے جائیں کہ انہیں پتہ ہی نہ چل سکے۔

(اسلام کے خلاف یہود و نصاریٰ کی سازشیں، صفحہ ۱۲۲)

## ۴۷ مسیحی مُبلغ انا ملیگان

یہاں اسلام کے مضبوط قلعہ میں گھسنے کے لئے تعلیم و تربیت سے مختصر



راستہ نہیں' دراصل عیسائیت کے اثر کے سائے میں جنم لینے والوں کی نسل کے لئے تعلیم گاہ (سکول و کالج و یونیورسٹی) ایک قوت اور طاقتِ لازوال کی حیثیت رکھتی ہے' یہ تاثیر مسلسل جاری رہتی ہے یہاں تک کہ اس کے نتائج ان افراد کو اپنا گرویدہ بنا لیتے ہیں جو اپنے ملک کے مستقبل کے لیڈر اور پیشوا ہونے والے ہیں۔ (یہود و نصاریٰ کی اسلام کے خلاف سازشیں، صفحہ نمبر ۲۱۶)

## ۴۸ ھیملٹن گب کا بیان

(۱) ان سکولوں نے طلبہ کے اخلاق و آداب کو اپنے قالب میں ڈھالا ہے اور ان کے ذوق و وجدان کو جلا بخشی' سب سے اہم بات تو یہ ہے کہ انہی سکولوں میں طلبہ کو اُن یورپین (انگریزی' امریکی وغیرہ) زبانوں کا علم عطا کیا جنہوں نے ان کو اپنی زندگی کی راہوں پر یورپین افکار و نظریات سے براہ راست اتصال و انضمام پر قدرت عطا کی اور انہیں اس کی صلاحیت پیدا کی کہ وہ ان اثرات کو جو بچپن ہی میں ان کے ذہنوں میں پیدا کئے گئے تھے وہ دوسروں میں پھیلائیں۔

### دوسرا بیان اسی گب کا

(۲) ہماری تعلیمی و ثقافتی سرگرمیاں عصری تعلیم اور صحافت کے توسط سے بآسانی مسلمانوں پر ایک ایسا تاثر قائم کرنے کی اہلیت رکھتی ہیں جو انہیں ظاہری طور پر کافی حد تک لادین اور خدا بیزار بنا دے گا۔

(یہود و نصاریٰ کی اسلام کے خلاف سازشیں، صفحہ نمبر ۲۱۶)

# ۴۹ عالمی یہودی فتنہ گر

ہنری فورڈ اوّل کی کتاب کے اُردو ترجمہ سے

## چند چیدہ چیدہ اقتباسات

مترجم: میاں عبدالرشید

### ۱ ...... مزدوروں کا استیصال کرنے کے لئے

سارے امریکہ کے اندر تجارت کے بہت سے شعبوں میں کمیونسٹ کالج چلائے جاتے ہیں جن کا انتظام اور تعلیم دونوں یہودیوں کے ہاتھوں میں ہیں۔ ان سب کا مقصد امریکی مزدوروں میں روپیہ حاصل کرنے کے رجحان کو فروغ دینا ہے' تا کہ ملک کی اقتصادیات کو تباہ کیا جا سکے' جیسا کہ روس میں کیا جا چکا ہے۔ یہ ہیں یہودی فکر کے تباہ کن اثرات جو ہماری مزدور دنیا پر مرتب ہوتے ہیں۔

(صفحہ نمبر ۱۲)

### ۲ ...... سکول و کالج

یہودی فکر کالجوں میں خاص طور سے بار بار حملہ آور ہو رہا ہے۔ ہماری اولاد کو ان کے آباؤ اجداد کے ورثے سے محروم کیا جا رہا ہے۔ جوانی کے ابتدائی ایام میں جب لڑکے آزادیٔ فکر سے نئے نئے روشناس ہوتے ہیں' یہودی انہیں اپنے نرغے میں لے لیتے ہیں اور ان کے ذہنوں میں ایسے خیالات ٹھونس دیتے ہیں جن کے خطرناک نتائج و عواقب کو وہ اس وقت دیکھ نہیں سکتے۔ جوانوں میں ایک قدرتی بغاوت ہوتی ہے جو ترقی کا سبب بنتی ہے۔ ان میں کچھ آزاد روی بھی ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ قدیم اعتقادات پر نکتہ چینی کرتے ہیں مگر یہ دونوں



چیزیں ذہنی قوت ظاہر کرتی ہیں۔ یہودی ٹھیک ان دنوں جوانوں پر حملہ آور ہوتے ہیں جب وہ اس ابتدائی دور سے گزر رہے ہوتے ہیں۔ ان دنوں انہیں یہ بتایا جاتا ہے کہ مرد و عورت کا آزاد معاشقہ فطری امر ہے اور اس میں کوئی برائی نہیں' حالانکہ نہ صرف معاشرے بلکہ انفرادی کردار کی بنیاد بھی خاندان پر ہے۔ اسی طرح ان ہی دنوں انہیں انقلاب پر اُبھارا جاتا ہے اور وہ اس کے حق میں آتشیں تقریریں کرتے ہیں یہ انہیں بعد میں پتہ چلتا ہے کہ انقلاب کے ذریعے انسانی معاشرے میں کوئی ترقی نہیں لائی جا سکتی بلکہ یہ اقتصادی اور اخلاقی لحاظ سے تباہی کا باعث بنتا ہے۔

کالجوں میں بھی یہودی نے وہی طریقہ اختیار کیا ہے جس سے وہ ہمارے گرجوں کو تباہ کر چکے ہیں۔ پہلے نوجوانوں کے دلوں سے قدیم بنیادوں کا احترام ضائع کیا' پھر ان کے ذہنوں میں یہودی انقلابی سوشل عقائد داخل کئے۔ ان کے ''پراٹوکولز'' میں غیر یہودی اقوام کو افکار کے ذریعے تباہ کرنے کا پروگرام درج ہے۔ بہت سی جدید اصطلاحات یہودیوں کی وضع کردہ ہیں' مثلاً: ''سوشل انقلاب'' وغیرہ۔ ہر یونیورسٹی میں سُرخ فلسفیوں کا گروہ یہودیوں پر مشتمل ہوتا ہے مگر وہ دھوکہ دینے کے لئے کسی غیر یہودی پروفیسر کو آگے کر دیتے ہیں اور ان غیر یہودی پروفیسروں میں سے بیشتر یہودیوں کے تنخواہ دار ملازم ہوتے ہیں۔ نوجوانوں کو یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ وہ ایک نئی عظیم تحریک میں حصہ لے رہے ہیں جو انسانوں کی فلاح کے لئے ہے۔ اس طرح پروفیسروں اور طالب علموں کو اپنے ساتھ ملا کر یہودی اپنے کام کو معزز بنا لیتے ہیں۔ آرٹ' سائنس' مذہب' معاشیات اور سوشیالوجی وغیرہ ہر مضمون میں یہ اپنے نظریات داخل کر رہے ہیں۔

(صفحہ نمبر ۱۳، ۱۴)

ہر ایک کو معلوم ہو کہ یہ یہودی فکر ہے اور یہ اینگلو سیکسن۔ یہ تو کوئی انصاف کی بات نہیں کہ فلموں، سکولوں، چرچوں اور یونیورسٹیوں اینگلو سیکسن افکار کو تو یہ کہہ کر داخل ہونے سے روک دیا جائے کہ یہ فرقہ پرستی ہے، یہ نسل پرستی ہے، یہ خیالات فرسودہ ہو چکے ہیں، یہ رجعت پسندانہ خیالات ہیں یا یہودی خیالات ہی کو اینگلو سیکسن خیالات بنا کر پیش کیا جائے۔ مقابلہ آزادانہ ہو، پھر اگر یہودی خیالات فوقیت حاصل کر جائیں تو یہ ان کا حق ہے، مگر ایسا کبھی نہیں ہو سکتا۔ یہودی خیالات اسی صورت میں پنپتے اور پھلتے پھولتے ہیں جب پہلے عوام کے ذہنوں سے ان کی اپنی تہذیب کے اثرات اور ان کے اپنے عقائد زائل کر دیئے جائیں۔

یہودی حملہ آور ہو چکے ہیں وہ جنگ کا آغاز کر چکے ہیں۔ ہم اس سے ڈرتے نہیں، بے شک جنگ ہو لیکن ہر شخص کو اس بات پر اصرار کرنا چاہئے کہ جنگ منصفانہ طریق سے لڑی جائے۔ کالج کے طلباء اور صاحبِ فکر لوگوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ یہودیوں کا مقصد ان لوگوں کے افکار اور نسل کو مٹانا ہے جنہوں نے اس ساری تہذیب کی بنیاد رکھی تھی اور جن پر آئندہ تہذیب کا دارومدار ہے۔ انہیں یہ بھی معلوم ہونا چاہئے کہ حملہ آور کون ہیں۔ (صفحہ نمبر ۱۵، ۱۶)



## اسی کتاب کا دوسرا حصہ

# فتنہ یہود کے خفیہ عزائم

یعنی

## ساری دنیا پر اقتدار جمانے کا خوفناک خفیہ یہودی منصوبہ

ہمیں غیر یہود کی تعلیم کو اس انداز میں مرتب کرنا ہے کہ وہ کسی معاملہ میں کوئی قطعی فیصلہ نہ کر سکیں۔ (صفحہ نمبر ۹۹)

ہم غیر یہود کی بے پایاں ہوس، حرص، نفرت، غضب اور ظالمانہ انتقام سے کام لیتے ہیں۔ ہم ہی وہ چشمہ ہیں جہاں سے دہشت اور بربریت کے سوتے پھوٹتے ہیں۔ (صفحہ نمبر ۱۰۳)

ہم غیر یہود کی نوجوان نسل کو بے وقوف بنا چکے ہیں۔ ہم نے ان میں بدمعاشی اور بددیانتی کو فروغ دے کر انہیں غلط نظریات و عقائد کا تابع بنا دیا ہے۔ (صفحہ نمبر ۱۰۴)

جو کچھ ہم اپنی بکھری ہوئی قوم کے لئے براہِ راست حاصل نہیں کر سکتے اسے گول مول طریقوں سے حاصل کریں گے۔ اسی مقصد کے لئے ہم نے فری میسن تحریک چلا رکھی ہے۔ (صفحہ نمبر ۱۰۶)

ہم دنیا کو اس حد تک ''آزادی'' کے فریب میں مبتلا کر چکے ہیں، کہ اب ہر آزادی پسند عملاً انارکسٹ (بے قانون) بن چکا ہے اور یہ لوگ محض احتجاج کی

خاطر احتجاج کئے جاتے ہیں۔ (صفحہ نمبر ۱۰۷)

ہم ان کے دانشوروں کو نئے اور عجیب و غریب نظریات پر بحثوں میں اُلجھائے رکھیں گے اور کہیں گے کہ یہ ترقی پسند نظریات ہیں۔ غلط افکار کی مانند ''ترقی'' کا لفظ بھی سچائی کو محو کرنے کے کام آتا ہے۔ کون اندازہ کر سکتا ہے کہ سب دانشور صدیوں سے ہمارے سیاسی منصوبہ کے مطابق کام کر رہے ہیں۔

(صفحہ نمبر ۱۰۹)

جو ممالک ترقی یافتہ اور روشن خیال سمجھے جاتے ہیں وہاں ہم نے بے معنی، گندہ اور قابلِ نفرت فحش لٹریچر پیدا کر دیا ہے۔ (صفحہ نمبر ۱۱۰)

## ۵۰ اُردو برائے جماعت ہفتم

پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

تعلیمی پالیسی ۱۹۹۸ء تا ۲۰۱۰ء

صفحہ نمبر ۱۰۳، ۱۰۴، ۱۰۵

انگریز برصغیر میں تاجر بن کر آئے اور تاج وَر بن گئے۔ وہ اپنے ساتھ اپنا نظامِ تعلیم بھی لائے۔ اس نظامِ تعلیم کا مقصد ایسے طلبہ کی کھیپ تیار کرنا تھا جو رنگ اور نسل کے اعتبار سے تو ہندوستانی ہو مگر اخلاق اور سمجھ کے اعتبار سے انگریز ہو۔ انگریزوں نے پراپیگنڈے کا ہتھیار استعمال کر کے یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ وہ ہندوستان کی ترقی اور خوش حالی چاہتے ہیں، حالاں کہ حقیقت اس کے بالکل برعکس تھی (ہے)۔ وہ ہندوستان کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے تھے (ہیں) اور ہندوستان کی دولت انگلستان کی خوش حالی میں اضافے کا باعث بن رہی تھی (ہے)۔



اکبر آلہ آبادی نے مغربی تہذیب و تمدن کی اندھی تقلید پر شدید نکتہ چینی کی ہے۔ مغربی تہذیب کا دلدادہ گروہ مذہب کو سائنس اور فلسفے کے تابع بنا رہا تھا (ہے)۔ جدید تعلیم یافتہ طبقے کے ذہنوں پر مغرب کا رعب قبضہ جما چکا تھا (ہے)۔ سیاسی غلامی تو تھی ہی (ہے)، اب ذہنی غلامی کا آغاز بھی ہو چکا تھا (ہے)۔ یہ اس ذہنی غلامی کا ہی نتیجہ تھا (ہے) کہ یہ طبقہ مغرب کی ہر بات کو اعلیٰ و برتر اور مشرق کی ہر چیز کو ادنیٰ و پست سمجھنے لگا تھا (ہے)۔ اکبر نے اس مشکل گھڑی میں قوم کی راہنمائی کا فریضہ سرانجام دیا۔

اپنی حکومت کو دوام بخشنے کے لئے انگریز قوم نے یہاں ایسا نظام رائج کیا جس کا مقصد مسلمانوں کے ذہنوں سے ماضی کی شان و شوکت اور عظمت و سطوت (غلبہ) کا نقش مٹا دینا تھا (ہے)۔ چنانچہ تعلیمی ادارے بنائے گئے، یورپ سے استاد منگوائے گئے اور ایسا نظامِ تعلیم رائج کر دیا گیا، جس نے چند برسوں میں لوگوں کے ذہن تبدیل کر دیئے۔

اکبر آلہ آبادی مغربی تعلیم کے مخالف اسی لئے تھے کہ اس نے مسلمانوں کو ان کے آباؤ اجداد سے غافل کر دیا تھا، مسلمان اپنے ماضی کی درخشاں روایات سے بے بہرہ ہوتے چلے جا رہے تھے (ہیں)۔

شیخ مرحوم کا قول اب مجھے یاد آتا ہے۔

ع   دل بدل جائیں گے تعلیم بدل جانے سے

جدید تعلیم سے آراستہ افراد اپنی معاشرت سے بیگانہ ہوتے جا رہے تھے (ہیں)۔ وہ انگریزی تہذیب اور معاشرت پر جان چھڑکنے لگے تھے (ہیں)۔ وہ انگریزی تمدن سے اس قدر مرعوب ہو چکے تھے (ہیں) کہ انگریزی بولنے میں فخر

محسوس کرتے (ہیں)، اپنی گفتگو میں یورپی مفکرین کے حوالے دیتے (ہیں)۔ ان کے نزدیک قدیم تعلیم یافتہ افراد غیر مہذب تھے (ہیں)۔ گویا اس نئی نسل نے اپنے آباؤ اجداد کے خلاف بغاوت کا حکم (جھنڈا) بلند کر دیا تھا (ہے)۔ اکبر نے اپنی شاعری کے ذریعے سے مغربیت کے سیلاب کے آگے بند باندھنے کی کوشش کی۔ انہوں نے یہ کہہ کر قوم کو احساس دلایا۔

طفل (بچہ) سے بُو آئے کیا ماں باپ کے اطوار کی
دودھ تو ڈبے کا ہے، تعلیم ہے سرکار کی
ہم ایسی کل کتابیں قابلِ ضبطی سمجھتے ہیں
کہ جن کو پڑھ کے لڑکے باپ کو خبطی (پاگل) سمجھتے ہیں
تعلیم جو دی جاتی ہے ہمیں وہ کیا ہے فقط بازاری ہے
جو عقل سکھائی جاتی ہے وہ کیا ہے فقط سرکاری ہے

انگریزی تعلیم کا مقصد لائق، ہنر مند اور ذہین افراد تیار کرنا نہ تھا (ہے) بلکہ کلرک پیدا کرنا تھا (ہے)۔ یہی وجہ ہے کہ ہندوستان میں انگریزی تعلیم زیادہ تر آرٹس کے مضامین تک محدود رہی۔ سائنس اور ٹیکنالوجی کے علم سے مسلمانوں کو واقف کرانا انگریزی تعلیم کا مقصد نہیں تھا۔ اکبر انگریزی تعلیم کو خوب سمجھتے ہیں۔

چار دن کی زندگی ہے کوفت سے کیا فائدہ
کھا ڈبل روٹی، کلرکی کر، خوشی سے پھول جا
مذہب چھوڑو، ملت چھوڑو، صورت بدلو، عمر گنواؤ
صرف کلرکی کی اُمید اور اتنی مصیبت توبہ توبہ

مغربی تہذیب نے پرانی اقدار پر حملہ کیا تھا (ہے)۔ ہماری پرانی قدریں ہمیں اخلاص و تقویٰ سکھاتی تھیں (ہیں)، اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول



اللہ سے محبت کرنے کا درس دیتی تھیں (ہیں)۔ مغربی تہذیب کا مرکز و محور خود غرضی اور ظاہر داری تھا (ہے)۔ یہ تہذیب مادہ پرستی سکھا رہی تھی (ہے)۔ اب دولت ہی سب سے بڑی قدر بن گئی تھی (ہے)۔ اکبر نے اس صورتِ حال کی تصویر کشی ان الفاظ میں کی ہے۔

نہیں کچھ اس کی پرسش اُلفتِ اللہ کتنی ہے
سبھی یہ پوچھتے ہیں آپ کی تنخواہ کتنی ہے

مغربی تہذیب نے عورت کو بے باکی اور بے پردگی سکھائی۔ اکبر نے اپنی شاعری میں مشرقی (گھریلو باپردہ) اور مغربی عورت (سکول و کالج والی) کا موازنہ کیا۔ مشرقی عورت (گھریلو باپردہ) اپنے خاوند کے آرام و سکون کا خیال رکھتی ہے، اپنے بچوں کی تربیت کی طرف خاص توجہ دیتی ہے، جب کہ مغربی عورت (سکول و کالج والی) تو آزادی پسند ہے، وہ ناچنے گانے اور گھومنے پھرنے کو گھر کی چار دیواری پر ترجیح دیتی ہے۔ اکبر کو مشرقی عورت (گھریلو باپردہ) عظمت کا مینار نظر آتی ہے۔ وہ مغرب زدہ عورت (سکول و کالج والی) سے شدید نفرت کرتے ہیں۔

بے پردہ کل جو آئیں نظر چند بیبیاں
اکبر زمیں میں غیرتِ قومی سے گڑ گیا
پوچھا جو ان سے آپ کا پردہ کدھر گیا
کہنے لگیں کہ عقل پہ مردوں کی پڑ گیا

☆☆☆☆☆

حامدہ (مسلمان لڑکی) چمکی نہ تھی، انگلش سے جب بیگانہ تھی
اب ہے شمع انجمن (کنجری)، پہلے چراغ (باپردہ) خانہ تھی

☆☆☆☆☆

# حصول مقاصد کا ایک نمونہ

پروفیسر (ریٹائرڈ) رفیق

سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج، لاہور

## کی کفریہ بکواسات

۱۔ جنت' دوزخ کا حقیقی طور پر کوئی وجود نہیں ہے دراصل یہ Mortal Status (فانی مقام' صورت حال) ہے' عذاب قبر کا کوئی وجود نہیں ہے' قبر کی زندگی Sleeping Life (چپکے سے پڑے رہنا یا آرام کرنا) ہے۔

۲۔ قرآن سے مراد قرآن کی آیات کا لفظی مضمون نہیں' بلکہ ہر آیت اور ہر حدیث کے پیچھے ایک Thought (سوچ' خیال) ہوتا ہے اور قرآن سے وہی مقصود ہے الفاظ کا کچھ اعتبار نہیں۔

۳۔ قرآن متروک (یعنی ترک کیا ہوا' چھوڑا ہوا) ہو چکا ہے' اب ایک فنی کتاب کی ضرورت ہے۔

۴۔ قرآن کو صرف Message (پیغام) سمجھا جائے' اگر سارا قرآن غلط ہے تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا قرآن کی تھیوری (قیاس' خیال' نظریہ) اگر غلط ہے تو اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔

۵۔ سورج کے غروب ہونے کے بارے میں سائنس کہتی ہے کہ سورج



غروب نہیں ہوتا' جبکہ قرآن اور حدیث میں متواتر سے اس کے غروب ہونے کی بابت بتایا گیا ہے' جو غلط ہے۔

۶۔ خدا کو ایک کہیں دو کہیں یا چار کہیں' اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ اللہ پاک ہے اس کو اعداد (گنتی) میں نہ پرکھیں۔

۷۔ عذاب قبر مولویوں کی خام خیالی ہے۔ حدیث کے ظاہری الفاظ پر نہیں جانا چاہئے۔ الفاظ کوئی معنی نہیں رکھتے۔ اصل چیز مفہوم ہے۔

۸۔ حضرت علی (رضی اللہ عنہ) مسلمان نہیں تھے کافر تھے۔

(نعوذ باللہ نقل کفر، کفر نباشد)

۹۔ ڈاڑھی رکھنا ضروری نہیں ہے' نبی کریم (ﷺ) چونکہ عرب میں پیدا ہوئے جہاں کہ ڈاڑھی رکھنے کا رواج تھا' عرب والوں کی بھی ڈاڑھی تھی اس لئے آپ نے بھی ڈاڑھی رکھ لی اگر آپ امریکہ میں پیدا ہوتے تو آپ کلین شیو ہوتے' تھری پیس سوٹ پہنتے اور نائی لگاتے۔

۱۰۔ اسلامی نظریہ حیات' نظریہ پاکستان اور دو قومی نظریہ نصاب سے خارج کر دینا چاہئے۔

۱۱۔ واقعہ شق القمر (چاند کا پھٹ جانا' حضور (ﷺ) کا معجزہ) اس کی کوئی حقیقت نہیں۔ واقعہ معراج محض روحانی خواب ہے۔

۱۲۔ مسلمان ہونے کے لئے کلمہ زبان سے کہنا ضروری نہیں' مسلمان ہونا محض تصوراتی ہے۔

# حصولِ مقاصد کا ایک اور نمونہ

گورنمنٹ کالج لاہور کے شعبۂ عربی و اسلامیات کا

## پروفیسر خان چاولہ کی کفریہ بکواسات

۱۔ دورِ حاضر میں مجتہد (اجتہاد کرنے والا' فقہ اسلامی کی اصطلاح میں قرآن وسنت اور اجماع پر قیاس کرکے شرعی مسائل کو اخذ کرنے والا) نبوت کے منصب پر فائز ہے کیونکہ ایک مجتہد نبوت کا فریضہ ادا کرتا ہے۔

۲۔ جو لوگ عمل صالح کریں اور اللہ پر ایمان نہ لائیں' اللہ انہیں جہنم میں داخل نہیں فرمائے گا۔

۳۔ متقی اور پرہیزگار شخص پر نماز فرض نہیں' صرف گنہگار اور سیاہ کار شخص نماز ادا کرے' کیونکہ قرآن نے کہا ہے: (ترجمہ ''بے شک نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے۔'') تو پھر جو مریض نہیں وہ دوا کیوں استعمال کرے۔ بے حیا اور بدکار آدمی کو ہی نماز ضرور پڑھنی چاہئے۔

۴۔ قرآن پاک میں جہاں سؤر کا گوشت حرام قرار دیا گیا ہے وہاں اس سے مراد وہ خنزیر نہیں جو گھروں میں پالے جائیں چونکہ گھر میں پالے ہوئے خنزیر گندگی نہیں کھاتے لہٰذا وہ خنزیر کھانا حلال ہے' سمندری خنزیر بھی حلال ہے' علت (سبب) نجس ہونے کی ہے جب علت ختم ہوگی تو سؤر نجس نہیں رہا اس کو خود پالا گیا ہو اور گندگی سے بچایا گیا ہو تو عین



حلال ہے۔

۵۔ حضرت ابوبکر صدیق (رضی اللہ عنہ) نے مرتدین زکوٰۃ سے زکوٰۃ وصول کرکے' دینی فریضہ ادا نہیں کیا بلکہ سیاسی بصیرت (سیاست کی سوجھ بوجھ) کا ثبوت دیا۔

۶۔ حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) نے عیسائی قبیلہ بنی تغلب سے ایک موقع پر جزیہ کی بجائے زکوٰۃ وصول کی تھی اور ایسا مصلحت کی بنا پر کیا' تاکہ اسٹیٹ (ریاست) کو تحفظ حاصل ہو۔

۷۔ حدیث' قرآن کو منسوخ کرسکتی ہے' بندہ خدا کی صفت کا مظہر ہے لہٰذا ایک خدا کا تصور عبث (بے فائدہ' بے کار) ہے۔ بندہ خالق بھی ہے' رازق بھی ہے' رحیم بھی ہے' کئی خداؤں کا تصور قرآنی تعلیمات کے برعکس (مخالف) نہیں۔

۸۔ خلفائے راشدین کے زمانہ میں کفار و مشرکین کو بیت اللہ میں جانے سے نہیں روکا جاتا تھا۔

۹۔ آج کل کے یہود و نصاریٰ کو قلبی دوست بنایا جاسکتا ہے' چونکہ یہ اہل کتاب نہیں ہیں۔

۱۰۔ جب تک ہم قرآن کو نہیں چھوڑیں گے' ترقی نہیں کرسکتے۔ قرآن نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا ہے' ہدایت بہت کم کو ملی ہے' زیادہ تر گمراہ ہوئے ہیں۔

۱۱۔ فقہا (علم فقہ کے عالم) کا عقل کا خانہ خالی تھا' پرائیویٹ سیکٹر (اللہ کے ولیوں کی طرف اشارہ ہے) کا اجتہاد میں نہیں مانتا' صرف حضرت عمر

(رضی اللہ عنہ) کے اجتہادات کا میں قائل ہوں، امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے اجتہاد کو میں نہیں مانتا۔

۱۲۔ پروفیسر چاولہ بکتا ہے کہ نبی کریم کا ارشاد ہے خَیْرُ النَّاسِ مَنْ یَّنْفَعُ النَّاس (ترجمہ: ''لوگوں میں سب سے اچھا وہ ہے جو لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔'') اس سے ثابت ہوا کہ جن لوگوں نے انسانیت کے لئے مفید کام کئے وہی اچھے لوگ ہیں یعنی جنہوں نے جہاز بنائے، بجلی بنائی، نئی نئی ایجادات کیں اور انسانیت کو نفع پہنچایا، وہی لوگ اچھے ہیں، اعمال صالحہ کے ساتھ ایمان سے مراد صرف انسان کی ہوشمندی اور بلوغت ہے۔ یہ کیا مضحکہ خیز (ہنسی مذاق میں ڈالنے والی) بات ہے کہ مولوی جو کوئی کام بھی نہیں کرتے، جنت میں چلے جائیں اور انسانیت کی خدمت کرنے والے جہنم میں جائیں۔

۱۳۔ روزہ انسانی قوتوں کو مضمحل (کمزور) کر دیتا ہے، جبکہ قرآن انسان کو مضبوط اور طاقتور دیکھنا چاہتا ہے۔ روزہ سے انسان کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔ طالب علم اگر کمزور ہوگا تو پڑھائی کیسے کرے گا۔



# شیطانی تعلیم کے اغراض و مقاصد کا خلاصہ

## پیش کردہ بیانات کی روشنی میں

۱۔ انگلش زبان کے ذریعے اسلام سے خارج کر کے کافرانہ زندگی بالآخر عیسائیت تک پہنچانا۔

۲۔ مسلمانوں کے مفادات اور ان کی قومی روایات کی مخالفت کرنا۔

۳۔ مذہب کی تحقیر و توہین کرنا۔

۴۔ اسلام اور قرآن کے متعلق پختہ اعتقاد نہ رہنے دینا۔

۵۔ چند مذہبی رسومات کے علاوہ باقی تمام اسلام کو ختم کرنا۔

۶۔ مولویوں اور دینی رہبروں کو یہود و نصاریٰ کے تمام کافرانہ ظالمانہ منصوبہ جات کے ساتھ متفق بنا کر کافر و منافق بنانا۔

۷۔ پاک بھارت اختلافات و تناؤ ختم کرنا یعنی بوجہ بے غیرت ہونے کے۔

۸۔ ایٹمی خطرے سے یورپ کو محفوظ کرنا۔ بوجہ تعلیمی منافقین کے۔

۹۔ شرع محمدی کو تعلیم کا مقصد نہ بنانا بلکہ محض عربی لٹریچر کو انگریزی کے ساتھ رکھنا۔

۱۰۔ اسلامی نظامِ حکومت کا راستہ روکنا۔

۱۱۔ مسلمانوں کی طرف سے لاحق خوف کو ختم کرنا۔

۱۲۔ اسلامی جہاد کا تصور ختم کرنا۔

۱۳۔ مادی اسلام (یعنی جو محض دنیاوی مفادات کے موافق ہو اور نفسانی

خواہشات کے خلاف نہ ہو باقی سب کا انکار) پیش کرنا جس کو جدید' ماڈرن' روشن خیال اور یورپی اسلام کہا جاتا ہے۔

۱۴۔ یہودیوں کی حکومت کو برقرار رکھنا۔

۱۵۔ عوام الناس پر علماء حق کی دینی گرفت کو ختم کرنا' تاکہ وہ یہود و نصاریٰ کے پنجے میں آسانی سے گرفتار ہو جائیں۔

۱۶۔ مسلمانوں کو فکر و عمل کی قوت سے خالی کرنا' یعنی پیٹ کی فکر میں لگائے رکھنا۔

۱۷۔ سائنسی فنون کو دینی تعلیم کے ساتھ ملانا' تاکہ سائنسی فنون میں شامل کافرانہ نظریات و تہذیب کی بدولت راہِ راست سے ہٹا کر شیطانی راہ پر چلایا جائے جس پر وہ خود چل رہے ہیں۔

۱۸۔ یہودیوں کے مطابق ہر فرد کی شخصیت سازی کرنا۔ (یعنی اُن کے رنگ میں ڈھالنا)۔

۱۹۔ مسلمانوں میں عقائد حقہ اور ایمانیات کو ختم کرنے کے لئے ان میں پیدا ہونے والے فرقوں کے کافرانہ یا گمراہانہ نظریات کو حق کے ساتھ ملا دینا' تاکہ اس کے بعد وہ یہود و نصاریٰ کے کسی بھی کفر کو کفر نہ سمجھیں۔

۲۰۔ جنگ کے بغیر مسلمانوں کو فتح کر لینا یعنی تعلیم کے ذریعے اپنا حامی بنا لینا جیسا کہ پاکستانی فوج اور حکومت کے کردار سے واضح ہے کہ امریکی فوج بغیر لڑائی کے ملک میں گھس کر مسلمانوں کو مار رہی ہے۔

۲۱۔ مسلم معاشروں پر اثر انداز ہونا۔

۲۲۔ مسلمانوں میں دہشت گرد' فسادی اور لوٹ مار کرنے والے ذہن تیار کرنا جن کو محض معاشرے کی پریشانی' اسلام کی بدنامی اور مسلمانوں کو مارنے کے جواز کی فراہمی کے لئے استعمال کیا جائے۔



# کلام الامام' امام الکلام

## امام کا کلام کلام کا امام ہوتا ہے

تکبر اور ناجائز کام جن کی پہچان
یہ ہیں پڑھے لکھے جاہل بات میری مان

سلطنت انگریز کی اور نام ''پاکستان'' ہے    ناسخ ہے انگریز اور منسوخ ہوا قرآن ہے
شوق ہے انگریزی کا اور نام مسلمان ہے    کیا بتاؤں، کیا کہوں کہ کتنا کم عرفان ہے
علم سمجھا ہے جسے وہ فقط زبان ہے    علم اصل ہے وہی جس کا ہمیں فرمان ہے
لڑکیاں اسکول جائیں بے ضمیری اپنی دیکھ    کتنی کم ہے سوچ تیری، کیسا تو نادان ہے
صدر سے چپڑاسی تک جاہل، کرتے ہیں ناحق    اور تکبر ہی تو ہے ''جاہل'' کا جو نشان ہے
ظالموں اور کمینوں کو سزا نہ دے جو بادشاہ    جان لے اُس کو کہ نااہل ہے بے ایمان ہے
ہو خیالِ ٹیکس اور وہ خود عیاشی میں رہے    ایسا حاکم ملک کا شیطان ہے، مروان ہے
چوری، ڈاکہ اور رشوت ایک ہی تو چیز ہے    بلکہ رشوت سب سے ''بد'' اور راشی سب کا خان ہے
راشی ہو اینٹی کرپشن، پھر کرپشن کب رُکے    لعنتی اینٹی کرپشن رشوت کی پرستان ہے
حکمِ کافر مانے اور رکھے مشرف نام تو!    بلکہ تو مشرک ہے اولادِ لعینِ مروان ہے
اسکول ضد اسلام کی اور مومنوں کی حکمران    روح کُش، جسم پرور ہیں گمراہ ان سے جہان ہے
عدلیہ گر عدل چھوڑے ملک ہوتا ہے تباہ    ملک ویران ہوتا ہے جیسے قبرستان ہے

عدلیہ خود کرتی ہے رشوت خوری، ظلم و ستم ملک کی ایسی عدالت بدتر از شیطان ہے

گر خلاف عدلیہ مسلم بولے تو مجرم ہے وہ گر خلاف حق کرے اتنا بڑا ذیشان ہے

تو ہے سرحد کا محافظ ملک اندر سے تباہ فوجی افسر ہیں عیاش اور ملک اب ویران ہے

حکم سب انگریز کا، حاکم غلام انگریز کے کرتا ہے آزادیاں تُو کتنا کم پہچان ہے

نام لے کشمیر کا دنیا سے بدحا کم تیرے لٹ گیا ہے ملک سارا بن کے قبرستان ہے

آگے سپاہی اپنے کے بھاگے تُو گیدڑ کی طرح کیا لڑے گا جا کے تُو، وہ فوجِ ہندوستان ہے

ووٹوں کا قائل ہے جو اسلام کا قاتل ہے وہ نیک کنجر سب برابرؔ کتنا تو انجان ہے

ملک، دین، اسلام اور غیرت کے دشمن حکمران بس ہوا ہے ثابت اب تو کتنا بدعنوان ہے

دشمنِ حق سے مسلمان کھیلتا ہے آج تُو پر وہ مسلم ہی نہیں سن لو وہ تو ''عمران'' ہے

جنگ کے میدان میں تھپیڑے کھاتا ہے تُو جابجا اور لیکن ہر گھڑی کرکٹ میں سر گردان ہے

رسم و کثرت نے کیا ہے قوم کو غرق آج تک حق رہا ہے اقلیت میں پڑھ لے تُو قرآن ہے

داڑھی اور مونچھیں صفا چہرہ تیرا انگریز کا شکل عورت کی بنا لعنت کا لے سامان ہے

ڈوبیں مسلم لاکھ گر پرواہ نہیں تجھ کو ذرا مُلّا ڈوبے ایک گر کرتا پھرے اعلان ہے

علم و حفظ و نہج نہیں ہے کلمہ سے بڑھ کر کوئی کلمہ کو جو کچھ نہ سمجھے جان لو وہ ''ہامان'' ہے

اشتہاروں کو جو چسپاں کرتا ہے دیوار پر بے ادب گستاخ ہے وہ بدتر از حیوان ہے

ننگے سر پھرتا ہے اور گانے سنے تُو رات دن پردہ اور ایمان گیا بے حد ہوا نقصان ہے

سود کا رکھا پرافٹ نام ان ابلیسوں نے مالک و خالق سے یہ تو جنگ کا اعلان ہے

اور یہ جاہل آرہے ہیں بن کے سب اسکولوں سے جاہل ہیں استاد سارے ان کی سکول دکان ہے



## انگریزی تعلیم مشائخ اسلام کی نظر میں:

انگریزی تعلیم کے بارے میں اہل اسلام کے بھی حوالہ جات ملاحظہ ہوں۔

پانچ سوسالہ سازش۔

عرب کے ابوالفیض محدث غماری مصری اپنی کتاب مطابقة الاختراعات العصرية لما اخبر به سيد البرية مطبوعه مصر کے صفحہ ۶۵ پر رقم طراز ہیں۔

وهذه المدارس هى أخطر خطر على الإسلام وأعظم ضرر على أهله فانهاالسبب الوحيد فى القضاء على الدين وانتزاعه من الشباب المتعلم فيها والمتخرج منها،وفساد أخلاقهم وكفرهم وإلحادهم فان الكفار لعنهم الله بعد تفكير طويل فى أسباب القضاء على الاسلام وتجارب دامت أكثرمن خسمائة سنة لم يجدوا لذالك وسيلة انجح ولاطريقاًأقرب من هذه المدارس ولذالك وجه عنايتهم اليها والى الاكثار منهافى كل قطر استعمروه لأجل القضاء على الاسلام بعد ان عقدواعدة مؤتمرات۔۔۔۔۔هومفصل فى كتاب "الغارة على العالم الاسلامى"وكتاب "المستشرقون"وهما كتابان ينبغى لكل مسلم مغروربالاستعمارمفتون بحضارة الافرنج أن يقرأ هماحتى يكون على بصيرة من مقاصد المستعمرين ويتحقق من الغاية المقصودة لهم من

حرصهم على تعليم أولادالمسلمين ولا سيما البنات،فقد صرحوالعنهم الله بأن البنت المسلمةاذاتعلمت اللغة الافرنجيةفانها ستتخلق بأخلاق الافرنج وتتشبع بروح التفرنج بسبب التعليم أولا،ثم بما تقرؤه من المجلات والجرائد والكتب الافرنجيةوبذالك تضعف فيهاالروح الاسلامية والتعاليم الدينية، ثم تكون هي وحدهامدرسةاذاصارت أماتربى أولادهاعلى الروح الافرنجية فينشئون بعيدين عن الدين جاهلين به ،وبذالك يقع انسلاخهم من الدين ومروقهم من الاسلام،وقدجاءتهم المدارس بالنتيجة المرغوبةلهم،هي انسلاخ الشباب المتعلم فى مدارسهم من الدين وان لم يتحقق الديانة المسيحية الا أنه اعدى للاسلام والمسلمين من مسيحيةبألف درجة،فقدأصبحوايحاربون الاسلام علانية فى الوقت الذى تحارب فيه المسيحيةالاسلام خفية -وأصبحوا يحاربون الاسلام بعنف وقوة وصلابة فى الوقت الذى تحاربه المسيحية بلين وتدرج وسياسة،فكل شيطان منهم اضر على الاسلام من ألف كافر-

یعنی سکول، کالج، یونیورسٹیاں ہی اسلام کے لئے سب سے بڑا خطرہ اور مسلمانوں کے لئے سب سے زیادہ نقصان دہ ہیں کیونکہ دین کو ختم کرنے اور نوجوان طالب علم کے دل و دماغ سے اس کو نکالنے اور ان کے اخلاق و عادات



تباہ کرنے اور ان کے کفر و الحاد کا واحد سبب یہی ہیں کیونکہ کفار (لعنهم الله) اسلام کو ختم کرنے کے اسباب میں غور و فکر اور پانچ سو سال سے زائد مسلسل تجربات کے بعد اس نتیجہ پر پہنچے کہ سکولوں کالجوں سے بڑھ کر اس مقصد کے لئے کوئی طریقۂ کار کامیاب اور قریب تر نہیں۔

لہٰذا انہوں نے اپنی تمام تر توجہ اپنے تعلیمی اداروں کی طرف کر دی اور اپنی نو آبادیات دنیائے اسلام میں انہیں کو زیادہ سے زیادہ پھیلانے میں مصروف ہو گئے اس سلسلہ میں انہوں نے متعدد اجلاس بلائے جیسا کہ کتاب الغارۃ علی العالم الاسلامی اور کتاب المستشرقون میں مفصل ہے۔

یہ وہ دو کتابیں ہیں جن کو پڑھنا ہر اس شخص پر ضروری جو مغربی استعمار کا دلدادہ ہو چکا ہے اور انگریزی تہذیب کے فتنہ میں مبتلا ہو چکا ہے تا کہ مغربی نو آبادیاتی نظام کے مقاصد کو بصیرت کے ساتھ جانے اور ان کے تعلیم کے بارے کوششوں کے اغراض و مقاصد کی تہہ تک پہنچنے بالخصوص لڑکیوں کی تعلیم انگریزوں لعنهم الله نے صاف الفاظ میں بیان کر دیا ہے کہ جب مسلمان لڑکی انگلش سیکھے گی تو عنقریب فرنگی عادتیں اپنا لے گی اور ابتداً بذریعہ تعلیم فرنگی روح (یعنی فکر) اس میں سرایت کرے گی ثانیاً انگریزی رسائل و جرائد اور کتابیں پڑھنے سے اور اس کے ساتھ ہی اس کی اسلامی فکر کمزور پڑ جائے گی اس طرح ایک وقت پر یہ اکیلی لڑکی ہمارا مکمل مدرسہ ہوگی اور اپنی اولاد کی جب تربیت کرے گی تو ہماری فرنگی روح اور فکر کے مطابق تربیت کرے گی جس کے نتیجہ میں وہ اولاد دین سے دور اور اس سے جاہل پروان چڑھے گی اور اس کی وجہ سے دین سے بالکلیہ نکل جائیں گے یوں انگریزوں کا مطلوبہ نتیجہ آسانی سے حاصل ہو جائے گا۔

وہ ہے نوجوانوں کا دین سے باغی ہونا اگرچہ عیسائیت کو قبول نہ بھی کریں۔ اسلام اور مسلمانوں کے لئے سب سے بڑے دشمن تو بن جائیں آج آپ دیکھ رہے ہیں کہ یہی سکولی طبقہ اسلام کے ساتھ اس وقت علانیہ جنگ میں مصروف ہیں جس وقت عیسائی خفیہ جنگ کر رہے ہیں اور اسلام کے خلاف پوری شدومد کے ساتھ برسرپیکار ہیں جس وقت کہ عیسائی نرمی اور آہستگی وسیاست کے ساتھ مصروف جنگ ہیں۔

پس اس تعلیم یافتہ طبقہ کا ہر شیطان اسلام کے لئے ہزار کافر سے زیادہ نقصان دہ ہے پھر چند سطر بعد سکولی ملحدین وزندیقوں کے اوصاف حدیث شریف سے بیان فرماتے ہیں۔

## فصل

روی البخاری ومسلم من حدیث علی رضی الله عنه قال:قال رسول الله ﷺ سیخرج فی آخرالزمان قوم احداث الأسنان سفهاء الأ حلام یقولون من خیر قول البریّة لایجاوزایمانهم حناجرهم،یمرقون من الدین کما یمرق السهم من الرمیة فاینما لقیتموهم فاقتلوهم، فان فی قتلهم اجراًلمن قتلهم،وروی أحمد و التّرمذیّ وابن ماجةمن حدیث عبدالله بن مسعود رضی الله عنه قال: قال رسول الله ﷺ ویخرج فی آخرالزمان قوم أحداث الاسنان سفهاء الأ حلام یقولون من خیر قول



الناس یقرئون القرآن لایجاوز تراقیهم یمرقون من الاسلام کما یمرق السهم من الرمیة فمن لقیهم فلیقتلهم فان قتلهم أجر عند الله لمن قتلهم،فهؤلاء الأحداث المذکورون هم هذاالشباب الفاسد الکافر الملحد المارق من الدین الذین یتمشدقون با لوطنیة والجهادومحاربة الاستعمار الذی هو من خیر قول البریة ،وهم اول من یثبت قدم الاستعماروینصرالکفرینشر مباد یه وعوائده وأخلاقه وملابسه وعقائده ،ومحاربته للأسلام والقضاء علی محاسنه وآثاره والسعی فی قلعه من النفوس، والدعوة الی ذالك بالقول والعمل والقوةبقدر مافی الوسع والأمکان ،بل لو وجدواالسبیل لکفرواالناس بالقوة کما فعل أتاتورك لعنه اللّٰه،

یعنی بخاری ومسلم نے علی پاک کی حدیث سے روایت فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آخر زمانہ (یہی واضح قرینہ ہے اس پر کہ حدیث سکولیوں کے متعلق بھی ہے چشتی عفی عنہ) میں کچھ لوگ ظاہر ہونگے جو نو عمر ہونگے کم عقل ہونگے بات خیر البریہ علیہ السلام کی کریں گے ایمان ان کے حلق سے تجاوز نہیں کرے گا دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر نشانہ سے تو جہاں انہیں پاؤ قتل کرو کیونکہ ان کے قتل میں قاتل کے لئے اجر ہے۔

اور احمد ترمذی، ابن ماجہ نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آخر زمانہ میں ایک قوم پیدا ہوگی جو نو عمر ہوگی بے وقوف

ہوگی۔ باتیں اچھی کریں گے قرآن پڑھیں گے حلق سے نیچے نہیں اترے گا اسلام سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر نشانہ سے تو جوان سے ملے ان کو قتل کر دے کیونکہ ان کا قتل اللہ تعالیٰ کے ہاں قاتل کے لئے ثواب ہے۔

پس یہ مذکورہ نوعمر لوگ یہی سکولی نوجوان ہیں جو فسادی کافر ملحد، دین سے خارج ہیں وطنیت (ترقی اسلام کی بات اچھی بات) جہاد اور مغربی استعمار کے جنگ جیسے دعویٰ کرتے ہیں جو کہ اچھی بات ہے حالانکہ استعمار کا قدم جمانے والے ہیں اور کفر کی مبادیات اس کے فوائد اس کی عادتیں اس کے ملبوسات اس کے عقائد اور کفر کی اسلام کے ساتھ جنگ اسلام کی خوبیوں کو ختم کرنا اس کے آثار مٹانا لوگوں کے دلوں سے اس کو نکالنا قول وفعل اور قوت کے ذریعہ بقدر امکان مخالفت کی دعوت دینا یہ سب کام انہیں کے ہیں۔ بلکہ یہ لوگ اگر طاقت پاتے تو لوگوں کو جبراً کافر بناتے جیسے کمال اتاترک نے کیا ہے خدا کی اس پر لعنت ہے۔

## سکولوں نے مسلمانوں کو نیم عیسائی کر چھوڑا:

اعلیٰ حضرت امام اہل سنت علیہ الرحمہ کے فتاویٰ رضویہ جلد ۲۳ صفحہ ۱۸۶ پر ہے سالہا سال سے جو علی گڑھ کالج انہیں مقاصد (یعنی ترقی اسلام وغیرہ) کے لئے قائم ہے اس کے ثمر سے ظاہر ہے کہ مسلمانوں کو نیم عیسائی کر چھوڑا اس کے اکثر تعلیم یافتہ اسلام وعقائد اسلام پر ٹھٹھے اڑاتے ہیں آئمہ وعلماء کو مسخرہ بتاتے ہیں خودغرضی وخود پسندی، دنیا طلبی، دین فراموشی یہاں تک کہ داڑھی وغیرہ اسلامی وضع سے تنفر ان کا شعار ہے جب ادھورے کے یہ آثار ہیں تکمیل کے بعد جو ثمرات ہونگے آشکار ہیں۔

قیاس کن زگلستان او بہارش را



# انگریزی تعلیم اور علماء رامپور

۳۔ الدلائل القاھرۃ علی الکفرۃ النیاشرۃ پر تصدیق کرتے ہوئے علماء رامپور لکھتے ہیں۔

نیچری ایجوکیشنل کانفرنسیں یا ان کے فضلے ندوہ مخذولہ کی شرکت بدنی ہو یا مالی قطعی حرام اور اس کو حلال اور دینی خدمت سمجھنے والا کافر و بے دین ہے۔

ملعون نیچریوں نے خوشنودی نصاری کیلئے حب جاہ میں گرفتار ہو کر انگریزی کا جال پھیلا رکھا ہے جس سے اس گروہ نابکار یعنی نالائق بندۂ کفار کی غرض فاسد یہ ہے کہ جو ہر ایمان مسلمان نادان بچوں کے سینے سے مٹ جائے مگر ان اشرار ناہجار کو اس رہزنی کے صلے میں کوئی منصب یا جہنمی خطاب مل جائے ہنوز ایک ماہ نہیں گزرا کہ آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس مدراس میں منعقد ہوئی جس کے صدر آنزیبل خان بہادر عزیز الدین احمد سی آئی اے کلکٹر آف ویلور نے خطبۂ صدارت فرماتے ہوئے کہا کہ مسلمان بچوں کو ابتداء میں قرآن خوانی سے جو نقصانات پیدا ہوئے ہیں آگے چل کر وہ انگریزی تعلیم میں حارج ہوتے ہیں آگے چل کر فرماتے ہیں کہ جو مادر وطن کے فرزند ایم اے یا بی اے کی ڈگریاں حاصل کرنے کے لئے کوشش کر رہے ہیں تو ان کو ایام رمضان میں روزہ بالکل نہ رکھنا چاہیے کیونکہ صوم سے طالب علموں کے قوائے عقلی وحسی کمزور پڑ جاتے ہیں۔

ملاحظہ ہو مزید کیفیت کے لئے اخبار وکیل۔

(فتاویٰ رضویہ جدید جلد ۱۵ صفحہ ۱۳۵)

## انگریزی تعلیم اور پروفیسر احمد سعید کاظمی صاحب مرحوم

انگریز نے نئی تعلیم کی اس تیز چھری سے عقائد واصول اسلامیہ کو بے دردی کے ساتھ مجروح کرنا شروع کر دیا اور ملت بیضاء کے مستحکم قلعہ کو متزلزل کرنے کی مذموم کوششوں میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا ان کا مقصد یہ تھا کہ اگر یہ لوگ عیسائیت قبول نہ کریں تو اسلام سے بہر حال دور ہو جائیں۔

(مقالات کاظمی جلد ا ص ۴۳۵)

## انگریزی تعلیم کا نصاب

نصاب درج ذیل اشیاء پر ہمیشہ مشتمل رہا ہے اور رہتا ہے۔

### انگریزوں کی تعظیم و تعریف

انگریزوں کی حکومت کی خدمت وحمایت کی پوری ذہنی وعملی تربیت اسلامی حکومت کی مخالفت خیال رہے کہ اگرچہ اسلامی حکومت کی مخالفت صراحۃً نہ بھی ہو التزاماً ضرور ہوتی ہے کیونکہ انگریزی حکومت کی موافقت اسلامی حکومت کی بعینہٖ مخالفت ہے جیسے موت سے موافقت ومحبت حیات سے مخالفت وعداوت ہے اگرچہ ذکر نہ بھی ہو اسلامی جہاد اور کفر وضلالت وفسق وفجور کی مخالفت کا خاتمہ یعنی کفر بالطاغوت کا جذبہ ایمان ختم کرنا، اسلامی تہذیب کی توہین و مذمت اسلامی بزرگوں یہاں تک کہ سید انبیاء ﷺ کی گستاخیاں اور ......... فحاشی وعریانی زنا کاری عورتوں کی بدکاری، شیطانی آزادی، بے پردگی، شراب نوشی، گانوں، باجوں کی باقاعدہ تعلیم اور دعوت وحوصلہ افزائی۔ اسلامی اخلاق وعادات پردہ، حیاء



پرہیز گاری کی پوری مذمت، یہی وہ چیزیں ہیں جن کو سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، نصابی کتب عربی، فارسی، اردو، انگلش میں پھیلایا جاتا ہے اور یہ سب کچھ بدترین کفر ہے حوالہ کے لئے امام یوسف بن اسماعیل نبھانی علیہ الرحمۃ کی کتاب ارشاد الحیاری فی تحذیر المسلمین من مدارس النصاری کی فصل ثالث سے عبارت پیش خدمت ہے۔

وانظر أيها المسلم العاقل رحمك الله وأرشدك الى مافيه رضاه الى اجتهاد الدول الافرنجية فى فتح المدارس فى بلاد الاسلام وانفاقهم عليها النفقات الكثيرة على ممر الشهور و الاعوام واعتنائهم بشؤونها الاعتناء التام أتراهم يا أخي يفععلون كل ذالك شفقة منهم على ابنك المسلم الذى ليس هو من ملتهم ولا من دولتهم وحرصا على نجاحه كلاّ والله لم يفعلوا ذلك الا لمقاصد مهمة وفوائدلهم كثيرة جمة تقابل نفقاتهم واتعابهم أصغافا مضاعفة وهي كلها عليك وعلى ابتك وعلى دينك وأهل ملتك دواهى عظمى ومصائب كُبرى يعلم ذلك جميع العقلاء ولايخفى الاعلى الجهلة الاغياء فمن فوائدهم انهم يخرجون هؤلاء الصبيان الذين يتعلمون فى مدارسهم من دين الاسلام اخراجا حقيقيا بقلوبهم وان بقوا فى الظاهر فى مسلمين ويستجلبون فحبتهم لهم محبة ممتزجة بلحمهم ودهم ينشئون عليها

ويعيشون عليها وذلك بتعلمهم لغاتهم وعوائدهم وكتبهم وأحوال مشاهيرهم وتراجمهم يرويهالهم المعلمون باجمل الروايات وفي ضمن ذالك يذمون لهم عقائد الاسلام ومشاهير المسلمين وأئمة الدين حتى ربما يتجاوزون الى سيد المرسلين وحبيب رب العالمين صلى الله تعالىٰ عليه وعلى آله واصحبه أجمعين وتتكر و هذه الامور على سمع الصبى المسلم عدة سنين فلا يخرج من المدرسة الاوقد تجرد بالكلية من دينه و حميته اللاسلاميه وصارت تلك الدولة الممدة للمدرسة التى تعلم أحب اليه من دولته و جنسيتها أحب اليه من جسبته معتقداً فيها وفي رجالها الكمال وهو لم يتعلم شيئا من دين الاسلام وسيرة نبيه سيدنا محمد عليه والصلاة والسلام ومناقب أصحابه الهداة المهدين وفضائل أئمة دينه المبين وأحوال خلفائه الراشدين ومن بعدهم من السلاطين والامراء العادلين بل روى له عنهم شياطين أولپك المعلمين عكس أوصافهم الجميلة ومناقبهم الجليلة فاعتقد فيهم خلاف الكمال الذى اعتقده على خلاف الحقيقة فى أعداء دينه ودولته وهؤلاء التلاميذ يكبرون ويعيشون فى الظاهر من جملة المسلمين و فى الحقيقة هم أعداء للدولة والدين وقد



اشربت قلوبهم الزندقة والضلال المبين الدولة و ترى الواحد منهم لجدخلوة مع من يشاكله فى ضلاله وسوء حالها اتلاويتك اكرمعه الاعت اضات على دين الاسلام ودولة الاسلام وعوائد المسلمين يمدحون تلك الدولة صاحبته المدرسة التى كملوا فيها دروس الضلال وتجردو من الدين والكمال ولايزاليخرج من هو لاء الزنا دقة فى كل سنة من هذه المدارس النصرانية عدد كثير فيجتمع منهم فى عرة سنين الجم الغير جلهم كلهم على هذا الحال وقد جلعوا الحق وراهم ظهريا ومابعد الحق الاستقلال

یعنی اے عقل مند مسلمان اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے اور اپنی خوشنودی والے کام کی طرف تیری رہنمائی فرمائے۔

انگریزوں کی اسلامی ملکوں میں اپنے مدارس قائم کرنے کی بھرپور کوشش کرنے اور مدت دراز ان پر بیش بہا اخراجات خرچ کرنے اور ان کی بابت پورا پورا اہتمام کرنے میں خوب غور وفکر کر کہ آیا وہ جو اتنا کچھ کر رہے ہیں محض تیرے متعلم بیٹے پر شفقت اور اس کی کامیابی کے حرص پر رہے ہیں جو کہ نہ ان کی قوم کا ہے نہ ان کے ملک کا واللہ۔ ایسا ہرگز نہیں بلکہ اس کے پیچھے ان کے اہم مقاصد و فوائد ہیں جن کے مقابلے میں ان کے اخراجات معمولی چیز ہیں اور وہ سب کے سب تیرے، تیرے بیٹے اور تیرے دین اور تیری قوم کے لئے بڑا وبال اور مصیبتیں ہیں اس کو ہر ذی عقل تو خوب جانتا ہے مگر جاہل بے وقوف اس سے قطعاً

بے خبر ہیں ان کے کچھ فوائد ہیں۔

۱۔ مسلمان بچوں کو دین اسلام سے حقیقی معنوں میں نکال لیتے ہیں اگرچہ بظاہر وہ مسلمان رہتے ہیں۔

۲۔ ان کے دلوں میں اپنی محبت ایسی پیدا کر دیتے ہیں جو ان کے گوشت پوست میں سما جاتی ہے اس کے ساتھ ہی پروان چڑھتے اور اس پر ہی زندگی بسر کرتے ہیں اور یہ سارا کچھ اس وجہ سے ہوتا ہے کہ وہ بچے انگریزوں کی زبانیں سیکھتے اور ان کی عادتیں اور ان کی کتب اور ان کے مشاہیر کے احوال سیکھتے پڑھتے ہیں اور یہ سارا کچھ ان کو پروفیسر ماسٹر حضرات بنا سجا کر سیکھاتے پڑھاتے ہیں۔

اور اس کے ضمن میں ہی عقائد اسلامیہ اور بزرگان دین کی مذمت کرتے ہیں یہاں تک کہ سید الانبیاء حبیب رب العالمین ﷺ تک تجاوز کر جاتے ہیں معاذ اللہ تعالیٰ اور یہ تمام باتیں بچوں کو کئی سال تک بار بار پڑھائی و سنائی جاتی ہیں حتیٰ کہ فارغ التحصیل ہونے تک وہ بچے دین اور اس کی غیرت سے بالکلیہ خالی ہو چکے ہوتے ہیں۔

اور سکولوں کی امدادی حکومت فرنگیہ ان کو اپنی حکومت سے زیادہ محبوب اور فرنگی قوم اس کو اپنی قوم سے زیادہ پسندیدہ ہوتی ہیں۔ وہ فرنگی قوم کو ہی باکمال سمجھتا ہے اور اس دوران اس نے دین اور سیرت نبوی، مناقب صحابہ، فضائل ائمہ دین ، احوال خلفاء راشدین اور بعد کے سلاطین کے خالات میں سے کچھ نہیں سیکھا ہوتا۔

بلکہ ان شیطان اساتذہ نے مذکورہ اسلاف کے اوصاف جمیلہ و مناقب حمیدہ کے برعکس بیان کیا ہوتا ہے تو لڑکا ان کے متعلق برعکس حقیقت اعتقاد رکھ لیتا



ہے۔

اور یہ لڑکے جب بڑے ہو کر معاشرے میں جیتے ہیں بظاہر تو من جملہ مسلمانوں کے ہوتے ہیں مگر درحقیقت اعداء دین ہوتے ہیں زندیقی اور کفران کی رگ رگ میں رچ چکا ہوتا ہے (جیسے مسٹر جناح نے کہا انگریزیت میری رگ رگ میں رچ چکی ہے) چشتی۔

یہی وجہ ہے ان سکولیوں میں جب کوئی اپنے ہم جنسوں میں سے کسی کے ساتھ ملتا ہے تو اس کا مذاکرہ دین اسلام پر اور حکومت اسلام اور مسلمانوں پر اعتراضات اور فرنگی حکومتوں کی مدح سرائی میں ہی ہوتا ہے جس نے انہیں دین و کمال سے خالی کیا ہوتا ہے ان سکولوں میں سے کثیر تعداد زندیقوں کی ہر سال نکلتی رہتی ہے جو دین حق کو بالکل پس پشت ڈال چکی ہوتی ہے حق کے بعد صرف گمراہی ہے۔

## فقیر راقم الحروف کی گذارش

ہر کوئی اپنی معلومات کے مطابق کلام کرتا ہے ناچیز کو بحمدہ تعالیٰ اپنے بزرگوں کے فیض و صحبت سے جس قدر معلوم ہوتا ہے اس کا خلاصہ درج ذیل ہے۔

ایمان کا جزو اعظم توحید ہے اور توحید دو چیزوں سے مرکب ہے کفر بالطاغوت اور ایمان باللہ سے اہل کفر کو نہ ماننا۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

فمن يكفر بالطاغوت ويومن بالله فقد استمسك بالعروة

الوثقی لاانفصام لها واللہ سمیع علیم بقرہ آیت ۲۵۶

یعنی جو طاغوت کے ساتھ کفر کرے اور اللہ پر ایمان لائے اس نے یقیناً مضبوط رسی کو تھام لیا جس کو ٹوٹنا نہیں اور اللہ سنتا جانتا ہے۔

قرآن و حدیث میں طاغوت کا لفظ اصنام، شیاطین اور ائمہ کفر یعنی سرداران کفار پر بولا گیا ہے جو حق واضح ہونے کے بعد بھی خلق خدا تعالیٰ کو حق کی طاعت کی طرف آنے سے روکتے ہیں کلمہ طیبہ میں کفر بالطاغوت کو لا الہ کے ساتھ تعبیر کیا گیا ہے اور ایمان باللہ کو الا اللہ سے۔

یوں کلمہ طیبہ کا پہلا جز نفی وانکار طاغوت ہے۔

اور دوسرا جز ایمان بالحق ہے۔

اور قرآن پاک میں جن طبقات کے ساتھ مخاصمہ یعنی (بحث و جدال) کیا گیا ہے وہ چار ہیں۔

مشرکین۔ نصاریٰ۔ یہود۔ منافقین

اب سکول و کالج کی تعلیم کا جزو اعظم اور مقصود اصلی کفر بالطاغوت یعنی کلمہ توحید کا جزو اول اعتقاداً وعملاً ختم کرنا ہے اسی چیز کو مختلف طریقوں سے تعلیم میں پھیلایا گیا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ سکولی طبقہ کفار کے مذکورہ تمام طبقات سے مکمل ہم آہنگی اور موافقت و دوستی رکھتا ہے یہاں تک کہ ان کے دین و مذہب کو بھی برا کہنا گوارا نہیں کرتا ہے ان سے جہاد کو فساد اور ان کی مخالفت کرنے والوں کو فسادی و دہشت گرد قرار دیتے ہیں اور ان کے ساتھ ہر مقام پر برسر پیکار رہے ہیں اسی



لئے اکبر الہ آبادی فرماتے ہیں

تعلیم جدید سے ہوا کیا حاصل
ہاں کفر سے جنگجوئی نہ رہی

اسی طرح سکولوں کا کفر اظہر من الشمس ہے۔

وہ اگرچہ بعض دینیات کے مضامین بھی پڑھتے پڑھاتے ہیں اور بعض اعمال اسلامیہ مثلاً نماز، روزہ بھی ادا کرتے ہیں مگر ایمان کا جز ومقدم یعنی کفر و ضلالت کی مخالفت سے بالکل خالی ہیں بلکہ اس کو انتہا پسندی کا نام دے کر دنیا سے ختم کرنا چاہتے ہیں اور اسی کی تگ و دو میں مصروف ہیں۔ اتنے بڑے کفر کے ساتھ اسلامی تعلیم جمع نہیں ہو سکتی کیونکہ کفر و اسلام ضدیں ہیں جن کا اجتماع و ارتفاع ناممکن ہے لہٰذا جو لوگ مغربی تعلیم اور اسلامی تعلیم کو ملانے کی مذموم کوشش میں مصروف ہیں اور اسے عصری و قدیم علوم کا حسین امتزاج قرار دیتے ہیں پکے منافقین ہیں جو ایک امر محال کے درپئے ہیں جیسے بجلی کی مثبت و منفی تاروں کو جمع کرنے سے پوری لائن اڑ جاتی ہے اسی طرح ایسے لوگوں کے کفر و اسلام ملانے سے ایمان کی لائن اڑ چکی ہے۔

## دو متوازی نظام تعلیم:

مفتی عبدالقیوم ہزاروی مرحوم سابقہ مہتمم مؤسس ثانی جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کہتے ہیں کہ اس سے متعلق گزارش ہے کہ اگر صرف نظام تعلیم، طریقہ تعلیم اور اغراض تعلیم کا تفاوت ہوتا تو ان امور میں تبدیلی پر غور کیا جاسکتا تھا لیکن یہاں دینی اور لادینی کا سوال ہے یہ دو ضدین بلکہ نقیضین ہیں، ان امور کا جمع ہونا محال ہے۔ اس وقت سرکاری تعلیمی اداروں میں ان ضدین میں معرکہ آرائی جاری ہے۔

ابھی تو انتظار کا مرحلہ ہے۔ سرکاری تعلیمی اداروں کی تعلیم کا جب تک کوئی واضح رخ متعین نہیں ہوتا اس وقت تک کوئی رائے دینا بے کار ہے۔

فی الحال سرکاری اداروں میں لادینی تعلیم کی دلیل یہ ہے کہ وہاں کے استاد اور طالب علم کے لئے دین پسندی کوئی شرط نہیں[1]، یہی وجہ ہے کہ وہاں کے استادوں اور پروفیسروں کی اکثریت لادین ہے۔ جو انہی سرکاری اداروں کی پیداوار ہے۔ دینی مدارس کا نظام تعلیم انسٹیٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز، اسلام آباد صفحہ نمبر ۵۵ (دینی تعلیم ص ۲۷)

## ایک غلط فہمی کا ازالہ

بسا اوقات سکولیوں کی طرف سے یہ اعتراض اٹھا کر اچھے بھلے اہل علم حضرات کو بھی غلط فہمی میں مبتلا کر لیا جاتا ہے کہ اگر کفار کی تعلیم اور ان سے تعلم حرام و ناجائز ہوتا تو سید عالم ﷺ قیدیانِ بدر سے کیوں فرماتے ہمارے بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دو اس طرح تمہارا فدیہ ادا ہو جائے گا۔

جواب میں اوّلاً گزارش ہے کہ سکولی نیچری جہلا سنی سنائی چھوڑ دیتے ہیں اصل صورت حال سے ہمیشہ بے خبر ہوتے ہیں ہم پہلے باحوالہ روایت پیش کرتے ہیں بعد میں جواب کی طرف آئیں گے۔

الفتح الربانی لترتیب مسند الامام احمد بن حنبل الشیبانی مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت ج ۱۴ ص ۱۰۱ میں ہے۔

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال کان ناس من

---

(۱) مفتی صاحب موصوف نے کسی مصلحت کی بنا پر اپنا مدعا کما حقہ بیان نہیں کیا انہیں چاہیے تھا "دین پسندی کوئی شرط نہیں" کی جگہ لکھتے کہ دین دشمنی شرط ہے۔



الأسریٰ یوم بدر لم یکن لھم فداء فجعل رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فداء ھم ان یعلموا اولاد الانصار الکتابۃ قال فجاء یوماً غلام یبکی الی والدہ فقال ماشأنک قال ضربنی معلمی قال الخبیث یطلب بذحل بدر واللہ لاتأتیہ ابداً

یعنی سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ بدر کے کچھ قیدیوں کے پاس فدیہ نہ تھا تو رسول اللہ ﷺ نے ان کا فدیہ اولادِ انصار کو کتابت سکھانا مقرر فرمایا۔

کہا (ابن عباس رضی اللہ عنہ نے) ایک دن ایک لڑکا اپنے والد کے پاس روتا ہوا آیا باپ نے کہا کیا ہوا؟ لڑکے نے کہا مجھے معلّم نے مارا ہے باپ نے کہا خبیث بدر کا بدلہ لینا چاہتا ہے۔ اللہ کی قسم اب اس کے پاس کبھی نہ جانا۔

غور کے بعد مذکورہ روایت سے درج ذیل حقائق معلوم ہوتے ہیں۔

۱ سوائے کتابت کے اور کچھ بھی سیکھنے کا نہیں کہا گیا لہٰذا اس سے کفار سے ہر قسم کی تعلیم حاصل کرنے اور تہذیب و شعور سیکھنے کا جواز ثابت کرنا سراسر باطل بلکہ کفر ہے۔

۲۔ کفار قیدی تھے آزاد نہیں تھے۔ یہی کفار جب آزاد تھے تو سید عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کسی بچے کو ان کے پاس نہیں بھیجا جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ قیدی اور آزاد کافر کا حکم مختلف ہے۔ قیدی سے کسی فتنہ و شر کا خطرہ نہیں ہوتا جبکہ آزاد سے ہر فتنہ و شر ممکن ہے لہٰذا آج کے حامی انگریز بے ضمیر مسلمان اس واقعہ سے انگریزوں کو جنگی قیدی بنانے کے بعد ان سے کتابت سیکھنے کا جواز حاصل کر سکتے

ہیں ان کی آزادی کی حالت میں سب کچھ سیکھنے کا جواز حاصل نہیں کر سکتے۔

آزاد کو قیدی پر اور مکمل تہذیب و معاشرت کو کتابت پر قیاس کرنا ایسے باطل اور حماقت ہے جیسے خربوزے پر رسولی کو قیاس کرنا باطل اور حماقت ہے۔

## لطیفہ:

ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ اونٹ کے گلے میں خربوزہ پھنس گیا۔ معاملہ ایک دانا آدمی تک جا پہنچا۔ اس نے اینٹ مار کر خربوزہ توڑ دیا جس سے اونٹ کی مشکل حل ہوگئی، اس واقعہ کو سکولی جیسے بے وقوف نے دیکھ لیا اب اس کا رسولی والے شخص سے آمنا سامنا ہوگیا کہنے لگا اس کا علاج جانتا ہوں اور اونٹ والی کارروائی دہرا کر آدمی کا کام تمام کر دیا۔

۳۔ اس روایت کے آخر میں کافر کا لڑکے کو مارنے کا جو ذکر آیا ہے اور لڑکے کے باپ کا بیٹے کو یہ کہنا کہ خبیث بدر کا بدلہ لینا چاہتا ہے لہٰذا اب اس کے پاس کبھی نہ جانا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کافر کی قلبی عداوت، بغض اور اس کا کسی نہ کسی صورت میں اظہار اس کو استاد پکڑنے کی اجازت نہیں دیتا اور شاید سید عالم ﷺ نے اسی حقیقت کو سمجھانے کے لئے قیدیوں سے کتابت سیکھنے کا حکم فرمایا ہوگا۔

## ثانیاً:

گذارش یہ ہے کہ کفار سے تعلم کتابت وغیرہ کا جواز کفار سے دوری اور نفرت کو فرض کرنے والی آیات و احادیث اور ان سے خیر کی توقع کرنے کو حرام قرار دینے والی آیات و احادیث نے منسوخ کر دیا ہے کیونکہ جنگ بدر ۲ ہجری کا واقعہ ہے اور کفار و منافقین سے منافرت، مباعدت، مباغضت یعنی ان سے نفرت



و دوری کی تعلیم دینے والی آیات اور کفار کا مسلمانوں کے ساتھ بغض و عداوت رکھنے اور مسلمانوں کی ضرر رسانی اور تباہی ہمہ وقت سوچنے کو بیان کرنے والی آیات سورۃ آل عمران اور سورۃ التوبۃ میں ہوا ہے جو واقعہ بدر کے کئی سال بعد نازل ہوئی ہیں۔

سورۃ آل عمران کی آیات درج ذیل ہیں۔

"اللہ نے گواہی دی کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتوں نے اور عالموں نے انصاف سے قائم ہو کر اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں عزت والا حکمت والا بے شک اللہ کے یہاں اسلام ہی دین ہے اور پھوٹ میں نہ پڑے کتابی مگر بعد اس کے کہ انہیں علم آچکا اپنے دلوں کی جلن سے اور جو اللہ کی آیتوں کا منکر ہو تو بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے پھر اے محبوب اگر وہ تم سے حجت کریں تو فرمادو میں اپنا منہ اللہ کے حضور جھکائے ہوں اور جو میرے پیرو ہوئے اور کتابیوں اور ان پڑھوں سے فرماؤ کیا تم نے گردن رکھی پس اگر وہ گردن رکھیں جب تو راہ پاگئے اور اگر منہ پھیریں تو تم پر تو یہی حکم پہنچا دینا ہے اور اللہ بندوں کو دیکھ رہا ہے۔"

(سورۃ آل عمران آیت نمبر ۱۸ تا ۲۰)

## ایک اور مغالطہ کا ازالہ

سکولی منافقوں کی طرف سے سادہ لوح مسلمانوں کو دھوکہ دینے کے لئے ایک یہ مغالطہ بھی پیدا کیا جاتا ہے کہ حدیث شریف میں آتا ہے علم حاصل کرو چاہے چین جانا پڑے۔ ظاہر ہے وہاں اس وقت چین میں کوئی اسلامی تعلیم نہیں تھی۔

جواباً عرض ہے کہ آیات و احادیث میں جہاں کہیں علم حاصل کرنے کی ترغیب وارد ہوئی ہے وہاں علم سے شریعت مطہرۃ کا ضروری علم مراد ہے۔ وہ بھی جتنا ہر مکلّف پر فرض ہے اور چین جانے سے اس فرض علم کو حاصل کرنے کے لئے سفر اور ہر طرح کی مشقت برداشت کرنا ہے اور چین کا ذکر تمثیلاً آیا ہے۔ اور اس مضمون کو تو شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اپنی مشہور زمانہ کتاب کریما شریف میں بھی ادا کیا ہے فرماتے ہیں۔

طلب کردنِ علم شُد بر تو فرض
دگر واجب ست از پیش قطعِ ارض

یعنی ایک تو علم حاصل کرنا فرض ہے دوسرا اس کے لئے سفر کرنا فرض ہے اور ظاہر ہے کہ علم دین کے لئے سفر بھی اسی پر فرض ہوگا جس کو بغیر سفر کرنے کے علم دین حاصل کرنا ممکن نہ ہو جس کو امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ کی طرح گھر میں علم میسر ہو جائے اس کے لئے سفر کو فرض کرنا سوائے جہالت کے اور کچھ نہیں۔ ترغیب علم کے متعلق آیات و احادیث کو سکولی تعلیم پر محمول کرنا نیچری وشیطانی وسوسہ ہے۔ امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فتاوی الحرمین برجف ندوۃ المین



میں فرماتے ہیں۔

انشد منشد منهم ان: اٰیه قل رب زدنی علما و اٰیة قل هل یستوی الذی یعلمون والذین لایعلمون و حدیث اطلبوا العلم ولو کان بالصین لاتختص بعلوم الدین بل یعم علوم المسلمین و النصاریٰ و المشرکین و تعلم اللسان الا نقلیذی وغیره والا لما کان لزاکرامین معنی فان العربیة لم تکن ثمهٗ وانما عنی النبی صلی اللّٰه علیه وآله وسلم تعلم لسان العین.

الجواب: هذا تفسیر للقرآن العظیم بالرأی السقیم و افتراء علی النبی العظیم علیه واعلی اله الصلوٰة والتسلیم وما هی الانزغة خبیثة نیشریة وقد بسطنا القول علی ماهو المراد با لعلم فی الآیات والحدیث المذکور علی تقدیر ثبوته فانه موضوع عند قوم وضعیف بالوفاق فی کتاب الحضر والاباحة من فتا وانا العطایا النبویة فی الفتاویٰ الرضویة.

میں عرض کرتا ہوں اگر مروّجہ سکولی شیطانی تعلیم فرض ہوتی تو صحابہ، اہل بیت، آئمہ کرام، محدثین، فقہا، جملہ اولیاء کرام اس کو ضرور حاصل کرتے کیونکہ وہ لوگ فرض تو فرض رہا مستحب کو بھی چھوڑنا گوارا نہیں کرتے تھے تو ان میں سے کسی کا علم حاصل کرنے کے لئے چین میں نہ جانا اس بات کا روشن ثبوت ہے کہ یہ شیطانی تعلیم انگریزوں اور ان کے ملعون پروفیسروں اور کرائے کے ملاؤں کا مصنوعی فرض ہے۔ لہٰذا امام بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے اس نورانی بیان سے یہ بھی معلوم

ہوگیا کہ احادیث و آیاتِ علم کو سکولی تعلیم پر چسپاں کرنے والا نیچریت میں قدم رکھ چکا ہے۔ جس کو خالص سنی کہنا امام اہل سنت کی تحقیق کے خلاف ہے۔

حقیقت ہے کہ یہ تعلیم نہیں خلق خدا کے لئے عذاب ہے۔

اقبال فرماتے ہیں کہ

عذاب دانش حاضر سے باخبر ہوں میں
کہ میں اس آگ میں ڈالا گیا ہوں مثلِ خلیل

یورپ میں بہت روشنی علم و ہنر ہے
حق یہ ہے کہ بے چشمۂ حَیواں ہے یہ ظلمات
یہ علم یہ حکمت یہ تدبر یہ حکومت
پیتے ہیں لہو دیتے ہیں تعلیم مساوات
یہ علم یہ حکمت یہ سیاست یہ تجارت
جو کچھ ہے وہ ہے فکر ملوکانہ کی ایجاد
جب پیر فلک نے وَرق ایام کا الٹا
آئی یہ سدا پاؤ گے تعلیم سے اعزاز
آیا ہے مگر اس سے عقیدوں میں تزلزل
دنیا تو ملی طائرِ دین کر گیا پرواز
خوش تو ہیں ہم بھی جوانوں کی ترقی پہ مگر
لب خنداں سے نکل جاتی ہے فریاد بھی ساتھ
ہم سمجھتے تھے کہ لائے گی فراغت تعلیم
کیا خبر تھی کہ چلا آئے گا الحاد بھی ساتھ



دانش حاضر حجاب اکبرست
بت پرست و بت فروش و بت گرست

یعنی موجودہ تعلیم حق کے سامنے سب سے بڑا پردہ ہے۔ بت پرست ہے، بت فروش اور بت گر ہے۔

## رباعی

طلسم علم حاضر را شکستم
ربو دم دانہ و دامش گستم
خدا داند کہ مانند براہیم
چہ بے پروا بہ نارِ وے نشستم

یعنی موجودہ تعلیم کے جادو کو میں نے توڑ دیا۔
اس کا دانہ اٹھا کر جال پھاڑ دیا۔
خدا جانتا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کی طرح
اس تعلیم کی آگ میں کتنا بے پرواہ ہو کر بیٹھا ہوں

☆☆☆

بے کاری و عریانی و مے خواری و افلاس
کیا کم ہیں فرنگی مدنیت کے فتوحات

مزید شبھات و خدشات کے ازالہ کے لئے ناچیز کی مختلف موضوعات کی کیسٹیں انشاء اللہ العزیز کافی ہونگی۔ حاصل کیجئے۔

**سوال**: اگر انگریزی تعلیم نہ ہوتی تو ڈاکٹر، انجینئر، ایجادات وغیرہ بھی نہ ہوتیں

تو یہ جملہ فوائد بھی نہ ہوتے۔

**جواب:** یہ ساری چیزیں سائنس کا ظاہری، معمولی اور جزوی مادی فائدہ ہے اور جتنے نقصانات بیان کئے گئے ہیں وہ روحانی، غیر معمولی اور کلی ہیں۔ اور جزوی مادی فوائد کو کلی و روحانی نقصانات پر ترجیح دینا اسلام میں منافقت، جہالت اور حماقت شمار ہوتا ہے۔

دلیل: ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ، وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور تم میں جو کوئی ان سے دوستی رکھے گا تو وہ انہیں میں سے ہے۔ بے شک اللہ! بے انصافوں کو راہ نہیں دیتا۔ اب تم انہیں دیکھو گے جن کے دلوں میں آزار ہے کہ یہود و نصاریٰ کی طرف دوڑتے ہیں۔ کہتے ہیں "ہم ڈرتے ہیں (کہ) ہم پر (کہیں) کوئی گردش (نہ) آجائے تو نزدیک ہے کہ اللہ تعالیٰ فتح لائے یا اپنی طرف سے کوئی حکم، پھر اس پر جو اپنے دلوں میں چھپایا تھا، چھپاتے رہ جائیں۔"

(ترجمہ سورۃ مائدہ آیت ۵۲-۵۱)

## شان نزول:-

یہ آیت حضرت عبادۃ بن صامت رضی اللہ عنہ صحابی اور عبداللہ بن ابی بن سلول کے حق میں نازل ہوئی۔ جو منافقین کا سردار تھا۔

حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہود میں میرے بہت کثیر التعداد دوست ہیں جو بڑی شوکت وقوت والے ہیں۔ اب میں ان کی دوستی سے بے زار



ہوں اور اللہ و رسول کے سوا میرے دل میں اور کسی کی محبت کی گنجائش نہیں۔ اس پر عبداللہ بن ابی نے کہا کہ میں تو یہود کی دوستی سے بے زاری نہیں کر سکتا۔ مجھے پیش آنے والے حوادث کا اندیشہ ہے اور مجھے ان کے ساتھ رسم و راہ رکھنی ضروری ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ یہود کی دوستی کا دم بھرنا تیرا ہی کام ہے۔ عبادہ (رضی اللہ عنہ) کا یہ کام نہیں۔ اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی۔

تفسیر خزائن العرفان۔

اس بیانِ حقیقت نشان کو پڑھ کر جب بڑے بڑے نام نہاد مبلغین کی طرف دیکھتے ہیں تو افسوس ہوتا ہے کہ جنہوں نے امت کو صراطِ مستقیم پر گامزن رکھنا تھا وہ خود عالم کفر سے مرعوب اور نفاق وگمراہی کی دلدل میں غرق دینی غیرت وحمیت سے قطعاً خالی نظر آتے ہیں اور تکبر وحسد ان کا زیور بن چکا ہے جیسا کہ پروفیسر سعید اسد فیصل آبادی نے انگریزی تعلیم کی حمایت اور فقیر کے حسد میں کہنے لگا یہ چشتی انگریزی تعلیم کے خلاف بولتا ہے یہ گاڑیاں، پل اور ڈاکٹر وغیرہ مدرسوں سے تیار ہوئے ہیں؟ اس بیان کی کیسٹ مجھ تک بھی پہنچی۔ لیکن تف ہے ایسے مبلغ اور سوچ پر جسکے پیش نظر دورانِ تبلیغ بھی دنیا ہو!

## سابقہ تفصیل کا حیرت انگیز مگر حقیقت پر مبنی خلاصہ

ڈاکٹر غلام جیلانی برق اپنی کتاب مسائل نو میں لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک مکھی کو خیال آیا کہ باغوں کی متعفن (بدبودار) فضا میں تتلیاں اور بھونرے (کالے رنگ کا تتیا سا جانور جو لکڑی میں سوراخ کر کے رہتا ہے) خواہ مخواہ خراب ہو رہے ہیں۔ ایک کتاب لکھ کر انہیں بدروؤں (گندے پانی کی نالی) اور بیت الخلاؤں (گٹروں) میں بلایا جائے۔ چنانچہ اس نے کئی سو صفحات کی ایک کتاب

لکھی جس میں مسائل ذیل پر تفصیلی بحث تھی۔

(۱) کہ باغوں میں ہر طرف تعفن پھیلا ہوا ہے جو صحت کیلئے مضر ہے۔

(۲) کہ قصاب کی دوکان کا ماحول از بس حسین (خوبصورت)' حیات پرور (زندگی بخشنے والا) اور راحت افزا ہے۔

(۳) کہ غلاظت میں وٹامنز کی کثیر تعداد پائی جاتی ہے۔

(۴) کہ قصاب خانہ' بدرو (گندے پانی کی نالی) اور غلاظت خانہ (گٹر) اصل دنیا ہے باقی سب کچھ محض بیکار۔

مکھی نے اس کتاب کے لاکھوں نسخے باغوں میں مفت تقسیم کئے اس کتاب کی خاطر جابجا لائبریریاں کھولیں' سفری کتب خانوں کا انتظام کیا ہر طرف مبلغ بھیجے اور پوسٹر چھاپے' پہلے تو بھونروں اور تتلیوں نے اس کتاب کا مضحکہ اڑایا لیکن رفتہ رفتہ اثر ہونے لگا کچھ نوجوان بھونرے شہروں میں آ کر بدرؤں کا جائزہ لینے لگے۔ بدبو کی لپٹ سے پریشان ہو کر بھاگتے اور پھر لوٹ آتے رفتہ رفتہ چند بھونروں نے بھی بدرؤں کی خوبیوں اور چمن کی خرابیوں پر تقریریں شروع کر دیں اور دس پندرہ برس میں تمام بھونرے اور تتلیاں گندی نالیوں میں آ کر غلاظت چاٹنے لگے۔ (مسائل نو (مکھی کی کہانی) از ڈاکٹر غلام جیلانی برق ص ۸)

## مقام فکر:

ذرا سوچئے کہ کیا وہ کتابیں جو گذشتہ سو سال سے آپ کو سکولوں میں پڑھائی جارہی ہیں کسی ایسی ہی مکھی کی لکھی ہوئی تو نہیں؟

آپ جانتے ہیں کہ صدیوں سے یورپ اسیر ہوا و ہوس اور رہین ناؤنوش ہے۔ وہاں اخلاقی و روحانی اقدار کا کوئی تصور تک موجود نہیں غریب اقوام کو لوٹنا۔



دن بھر تنور شکم تاپنا اور شام کو جنسی پستیوں میں ڈوب جانا ان کی زندگی ہے۔ خدا اور آخرت سے بے خبر' حرام و حلال سے نا آشنا اور پست لذتوں کے دل دادہ۔ یوں سمجھئے کہ یورپ ایک بدرو (گندی نالی) ہے جس میں وہاں کے لوگ مکھیوں کی طرح غلاظت چاٹ رہے ہیں۔ جب انہوں نے دیکھا کہ گناہ کی راہوں پر اب وہ اتنے دور جا چکے ہیں کہ ان کا رجوع اللہ کی طرف ناممکن ہو گیا ہے۔ دوسری طرف ان کا مد مقابل یعنی مسلمان روحانی اقدار کا شدومد سے قائل ہے اور یہ نظریاتی اختلاف بار بار سیاسی تصادم کی صورت اختیار کر لیتا ہے (اور نوبت جنگ تک جا پہنچتی ہے) تو انہوں نے ایک نہیں بلکہ ایک لاکھ سے زیادہ کتابیں اس موضوع پر لکھیں۔

(۱) کہ زندگی کا انجام موت ہے اور آگے کچھ بھی نہیں۔

(۲) کہ مذہب ایک داستان پارینہ ہے جو عصر رواں کا ساتھ نہیں دے سکتا۔

(۳) کہ ایشیا کی اخلاقی و روحانی اقدار کمتر از افیوں (نشے سے کم) نہیں۔

(۴) کہ کھانا' پینا' ناچنا اور عیش اڑانا اصل زندگی ہے۔

(۵) کہ مذہب اور سیاست کا دائرہ کار جدا جدا ہے۔

(۶) کہ وطن اساس قومیت ہے اور تصور ملت یعنی پان اسلامزم (مسلمانوں کو ایک قوم کہنا) ایک سرخ خطرہ ہے۔

(۷) کہ مسلمانوں کا سب سے بڑا مسئلہ خوراک ہے۔ وہ کھیتی باڑی میں لگے رہیں اور خام مال ہمیں بھیجتے رہیں اور لوہے کی مصنوعات ان کی خدمت میں ہم پیش کرتے رہیں گے۔

(۸) کہ انگریزی ام الالسنہ (تمام زبانوں کی اصل ہے) اور سرچشمہ تہذیب ہے۔

(۹) کہ انگریزی خط نہایت ترقی یافتہ خط ہے اسے اختیار کرنا اور قرآنی خط سے جان چھڑانا ترقی کے لئے لازمی ہے۔

(۱۰) کہ نپولین، نیلس، ملٹن، بیکن، نیوٹن وغیرہ محسنین انسانیت تھے اور باقی یہ غزالی و رومی وغیرہ تاریکی میں بھٹکنے والے اندھے۔

(۱۱) کہ یورپ کے درودیوار باغ وراغ اور بحور وطیور بے حد حسین ہیں اور یہ دجلہ دفرات اور سیحوں جیحوں گندے نالے کگو (کوا) پرندوں کا بادشاہ ہے اور یہ بلبل، چکور، تیتر اور مور سب کے سب بیکار و بے ہودہ ہیں۔

یہ کتابیں پڑھنے کے بعد ہم یورپ میں گئے، شروع شروع میں تو وہاں کی عریانی فحاشی اور عیاشی سے قدرے بدکے لیکن بہت جلد ان اثرات کو قبول کر لیا۔ واپس آ کر انہی باتوں کا پرچار شروع کر دیا اور اب یہ حال ہے کہ ہماری یونیورسٹیوں سے فوج در فوج ایسے گریجوایٹ نکل رہے ہیں۔

(۱) جو خدا اور رسول سے بیزار ے (شراب) و نغمہ کے پرستار اور زنجیر شکم میں گرفتار ہیں۔

(۲) جو تمام بلند اخلاقی و روحانی اقدار کے منکر ہیں۔

(۲) جو اپنی تاریخ روایات، اسلاف، ماضی، حال، مستقبل و منزل سے [illegible] بے خبر ہیں۔

(۳) جو [illegible] سے متنفر اور یورپ کی ہر چیز سے گرویدہ ہیں۔

(۵) جو اپنی زبان، اپنے ادب، بلکہ قرآنی خط تک کے دشمن ہیں۔



(۶) جن کے ہاں زندگی کی سب سے بڑی قدر شراب پینا اور نامحرم نیم عریاں عورتوں کی کمر میں ہاتھ ڈال کر چلنا ہے۔

آج یورپ بے حد خوش ہے کہ آخر اس نے اپنے اس حریف کو پچھاڑ ہی دیا جس سے وہ پہلے چودہ سو برس میں ہزار بار پٹ چکا تھا۔

(مسائل نواز ڈاکٹر غلام جیلانی برق ص)

## دینی تعلیم کو انگریزی تعلیم کے مساوی کرنے والے نام نہاد ملاؤں کیلئے مقام عبرت:

اگر آج ہماری درسگاہیں بدکردار سٹیڈیوں کم علم و بے عمل اساتذہ سے لبریز ہیں تو قصور کس کا؟ اسی نصاب کا ہے جو اس قدر مردہ و بے روح ہے کہ پہلی جماعت سے ایم۔ اے تک کی تمام کتابوں کا مجموعی اثر گلستان سعدی کی ایک حکایت جتنا بھی نہیں۔ (مسائل نواز ڈاکٹر غلام جیلانی برق ص)

## نصاب کی اہمیت:

ڈاکٹر غلام جیلانی برق لکھتے ہیں کہ ہٹلر اپنی کتاب ''مائین کیمف'' میں لکھتا ہے کہ ایک جھوٹ کو اتنی بار دہراؤ کہ دنیا اسے سچ سمجھنے پر مجبور ہو جائے۔ گذشتہ جنگ عظیم میں برطانیہ نے کہا کہ جمہوریت ایک مقدس نظام حکومت ہے اور ہٹلر دشمن جمہوریت ہے۔ ہٹلر نے کہا کہ جمہوریت دراصل چوروں اور ڈاکوؤں کی منڈی ہے جو غریب ایشیا اور افریقہ کو لوٹ رہی ہے۔ آدھی دنیا ہٹلر پر ایمان لے آئی اور آدھی چرچل پر۔ پراپیگنڈہ حقیقتاً ایک نہایت خوفناک حربہ ہے جس کے اثرات بڑے دور رس ہوتے ہیں۔ اس کے کئی طریقے ہیں مثلاً

اخبارات، رسائل، سینما، ریڈیو، تقاریر وغیرہ ان تمام میں موثر ترین نصاب تعلیم ہے جو نئی نسل کے دل و دماغ میں گھر بنا لیتا ہے اور زندگی کو ایک خاص ڈگر (طریقہ) پر ڈال دیتا ہے۔

انگریز بڑی ہی ہوشیار قوم ہے۔ ہندوستان پر قابض ہونے کے بعد اگر اسے خطرہ تھا تو صرف مسلمان سے۔ اس لئے اس نے یہاں ایک ایسا نصاب تعلیم نافذ کیا جس کا لازمی نتیجہ مذہب سے نفرت اپنی تہذیب و روایات سے بیزاری روحانی و اخلاقی اقدار سے بے خبری عظیم اسلاف سے بے تعلقی اور حیات کی لا مقصدی تھا چنانچہ گذشتہ سو سال میں ہماری یونیورسٹیوں سے رشوت خور بابو، مغرور و متکبر افسر اور عیش پسند جنٹلمین تو کروڑوں کی تعداد میں پیدا ہوئے لیکن ایک بھی ابن حنبل یا ابن قیم[۱] پیدا نہ ہو سکا۔ (مسائل نو [کمبھی کی کہانی] ڈاکٹر غلام جیلانی برق ص ۸)

۱۔ ڈاکٹر برق کو چاہیے تھا کہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ لکھتے نیز انہوں نے یہاں ابن قیم کا بھی اضافہ کیا ہے جو کسی طرح موزوں نہیں کیونکہ امام احمد اور ابن قیم میں کوئی مناسبت نہیں اول بالاتفاق امام الھدی ہیں جبکہ ثانی گمراہ، بددین ہے دیکھیں انباء الحی از امام بریلوی رحمۃ اللہ علیہ۔



# کیا اسلام اور سائنس جمع ہو سکتے ہیں؟

یہ امر کسی پر مخفی نہیں کہ جدید سائنسی شیطانی نظریہ میں مابعد الطبعیات اور دین کا انکار ہے۔ جس طرح قدیم و جدید علوم ملانے کو حسین امتزاج کا نام دے کر دین دشمنی کی جا رہی ہے۔ اسی طرح اسلام اور سائنس کو ہم آہنگ کرنے کی زہریلی کوشش اور ایک امر محال پر زور آزمائی کی جا رہی ہے اور اس خدمت یہود میں انگریزی تہذیب کے دلدادہ، پروردہ منافقین و مرتدین پیش پیش ہیں اسی لیے اپنی کتابوں کے نام ہی ایسے رکھتے ہیں۔ سنت نبوی اور جدید سائنس حتی کہ کئی مرتدین تو اسلام کی حقانیت کا معیار بھی جدید سائنس کو قرار دینے لگے ہیں جبکہ جدید سائنس اسلام کے مخالف ہے جیسا کہ پروفیسر احمد سعید کاظمی مرحوم لکھتے ہیں کہ سائنس کی سمت اور ہے اسلام کی اور۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسا کہ ایک شخص مشرق کی جانب جا رہا ہے تو دوسرا شخص مغرب کی جانب۔ جہت مخالف سے ملاپ نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح اسلام کا عروج بلندی کی طرف ہے اور سائنس کا نزول پستی کی طرف ہے لہٰذا ان کا ملاپ نہیں ہو سکتا اور نہ سائنس اسلام کا مقابلہ کر سکتی ہے۔ (خطبات کاظمی جلد ۴ ص ۱۲۰)

قدیم اہل مذاہب نے اپنے مذہبیات اور معتقدات کو اس کی قربان گاہ پر قربان کر دیا اور فرض ایمانیات کو سائنس کی آگ میں جلا کر خاکستر کر ڈالا یعنی سائنس کے اصول مخترعہ کے مطابق جو چیز غلط سمجھ لی گئی اس کو کسی طرح صحیح نہیں

کہا جا سکتا خواہ الہام ربانی ہی اس کی صحت پر مہر تصدیق ثبت کرتا ہو۔

(مقالات کاظمی جلد ا ص ۳۹۸)

پروفیسر احمد سعید کاظمی کی حق بیانی اور اُس کے شاگرد و مرید غلام رسول سعیدی کا سائنس پرستی کی بناء پر اس کی مخالفت کرنا۔

اب دیکھیئے انہیں کاظمی مرحوم کا فیض یافتہ وخود ساختہ مجتہد اور تحریری جنونی ملا غلام رسول سعیدی نے اپنے عقائد و ایمان کو سائنس کی آگ میں کیسے جلا کر خاکستر کیا ہے چنانچہ لکھتا ہے قرآن کی تفسیر سائنس کے مطابق کرنی چاہیے سائنس کے خلاف قرآن مجید کی تفسیر کرنے سے خدشہ ہے کہ کہیں سائنس کے طلباء اور ماہرین قرآن مجید کا انکار کر دیں اور اس ترقی یافتہ دور میں پرانی لکیروں کو پیٹتے رہنے میں دین کی کوئی خدمت نہیں ہے۔

(تبیان القرآن جلد ا ص ۳۰۹)

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں کہ یا نصوص قرآنیہ کو عقل کا تابع بتائے کہ جو بات قرآن عظیم کی قانون نیچری (سائنس) کے مطابق ہو گی مانی جائے گی ورنہ کفر جلی کے روئے زشت پر پردہ ڈھکنے کو ناپاک تاویلیں کی جائیں گی۔

اعلیٰ حضرت فرماتے ہیں ایسے لوگ بالقطع والیقین کافر و مرتد ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ جلد ۱۴ ص ۱۲۶)



# دوسرا فتنہ ذرائع ابلاغ

## (ٹی وی، ریڈیو، گراموفون، اخبارات، جرائد و رسائل)

''وہ لوگ جو چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں برائی پھیلے ان کے لیے دردناک عذاب ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔''

(سورۃ نور آیت نمبر ۱۹)

''اور کچھ لوگ کھیل کی باتیں (بے مقصد کہانیاں) خریدتے ہیں کہ اللہ کی راہ سے بہکا دیں بے سمجھے اور اسے ہنسی بنا لیں ان کے لیے ذلت کا عذاب ہے۔''

(سورۃ لقمان آیت نمبر ۶)

تمام کفار اہل یورپ خصوصاً یہود کبھی انسانیت کی فلاح و بہبود کی نہیں سوچ سکتے بلکہ وہ اپنی خیر و فلاح کی مثبت و صحیح فکر سے مکمل محروم ہیں پھر دوسرے کی خیر و فلاح کی توقع ان سے کیونکر ہو سکتی ہے۔

اس حقیقت کا بیان یہ ہے کہ کفار و منافقین کے کفر و منافقت جیسے عظیم جرم کی سزا کے طور پر باری تعالیٰ ان پر شیطان مسلط کر دیتا ہے ظاہر ہے شیطان اولاد آدم کا کھلا دشمن ہے لہٰذا وہ خبیث انہیں ہمیشہ دو جہاں کے خسارے اور تباہی کی طرف مختلف طریقوں سے بلاتا رہتا ہے اور یہ اندھے اس کے پیچھے دوڑتے

رہتے ہیں اور ترقی و کامیابی کے باطل گمان میں رہتے ہیں اور باطل میں مبتلا کرتے ہیں۔

قرآن حکیم کتاب حقیقت رقم نے ان کی اس حالت زار کو اس طرح بیان فرمایا ہے۔ اور جو شخص رحمان کے ذکر (یعنی قرآن) سے اعراض کرے ہم اس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں تو وہ اس کا ساتھی رہتا ہے اور بے شک وہ شیاطین ان کو فلاح کی راہ سے روکتے ہیں اور وہ یہی گمان کرتے رہتے ہیں کہ بلاشبہ وہ صحیح راہ پر ہیں یہاں تک کہ جب وہ کافر ہمارے پاس آئے گا تو اپنے شیطان سے کہے گا کاش کسی طرح مجھ میں تجھ میں مشرق و مغرب کا فاصلہ ہوتا تُو کیا ہی بُرا ساتھی ہے۔

اور جب کہ تم ظلم کر چکے تو آج یہ بات تمہارے کام نہ آئے گی کہ تم سب عذاب میں شریک (یعنی عذاب میں شرکت سے عذاب ہلکا نہ ہوگا بلکہ سب کو زیادہ سے زیادہ ملے گا) تو کیا (اے محبوب) تم بہروں کو سناؤ گے یا اندھوں کو راہ دکھاؤ گے اور انہیں جو کھلی گمراہی میں ہیں۔

اور ہم نے ان پر کچھ ساتھی تعینات کئے تو انہوں (ساتھیوں) نے ان (کفار کو) خوبصورت کر دکھلایا وہ کچھ جو ان کے سامنے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہیں (یعنی دنیاوی خواہشات اور آخرت کا انکار یا گذشتہ اور آئندہ اعمال یعنی جو کچھ کر رہے ہو یا کرو گے سب کچھ زبردست ہے)

(سورۃ زخرف آیات ۳۶ تا ۴۰)

یہ حال تو عام کفار کا بیان فرمایا گیا ہے بالخصوص یہود کی سنیئے۔

اور یہودی بولے اللہ کا ہاتھ بندھا ہوا ہے ان کے ہاتھ باندھے جائیں



اور ان پر اس کہنے سے لعنت ہے بلکہ اس کے ہاتھ کشادہ ہیں عطا فرماتا ہے جیسے چاہے اور اے محبوب یہ جو تمہارے رب کے پاس سے اترا اس سے ان (یہود) میں بہتوں کو سرکشی اور کفر میں ترقی ہوگی اور ان میں ہم نے قیامت تک آپس میں دشمنی اور بیر ڈال دیا جب کبھی لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں اللہ اسے بجھا دیتا ہے اور زمین میں فساد کے لئے دوڑتے پھرتے ہیں اور اللہ فسادیوں کو نہیں چاہتا۔

(سورۃ مائدہ آیت ۶۴)

کلام پاک پر بار بار غور فرمائیں اسی ضمن میں بے شرموں کو شرم دلانے کے لئے مجھے ہٹلر کا قول یاد آ گیا کہ

دنیا میں کہیں بھی فتنہ فساد نظر آئے تو سمجھنا کہ اس کے پیچھے چھوٹے سے چھوٹے یہودی کا ہاتھ ضرور ہوگا۔ ایسے ہی کرتوتوں کی بناء پر حدیث شریف میں یہود پر لعنت کی یوں ترغیب کی گئی ہے۔

"جس کو صدقہ دینے کی توفیق نہ ہو یہود پر لعنت کرے یقیناً یہ اس کا صدقہ ہے۔" (جمع الجوامع امام سیوطی ج ۷ ص ۲۷۷ کنز العمال حدیث ۴۱۶۳۴ بحوالہ تاریخ بغداد و دیلمی)

خیال رہے کہ یہود پر اس قدر شدت روا رکھنے سے پہلے ان کے ساتھ ابتداً نرمی کی بھی انتہا کی گئی تھی یہی وجہ ہے آنحضرت ﷺ اپنے ابتدائی مدنی دور میں ہر اس کام میں یہود کی موافقت پسند فرماتے جس کے اندر خدائی حکم نہ رکھتے محض ان میں اسلام کی الفت پیدا کرنے کو ابوداؤد شریف ص ۲۲۴ پر حضرت سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا۔

یہود اپنے بالوں کو پیچھے کی طرف ڈالتے تھے اور مشرکین سر میں

مانگ کیا کرتے تھے اور رسول کریم ﷺ کو جن کاموں میں امر نہ کیا جاتا ان میں یہود کی موافقت اچھی لگتی تو آپ نے ان کی موافقت میں بال مبارک پیچھے کو ڈالے بعد میں بالوں میں مانگ فرمائی یعنی جب یہود کی مسلسل بلاوجہ ضد وعناد میں کمی کی بجائے اضافہ ہوتا دیکھا تو ان کی موافقت کو چھوڑ کر مخالفت یہاں تک فرمائی کہ ان کے ساتھ بالوں کی وضع میں بھی مشابہت کو پسند نہ فرمایا۔

خیال رہے کہ یثاق مدینہ کا واقعہ بھی اسی ابتدائی نرمی وموافقت کی بناء پر وجود میں آیا تھا جب کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی امر اس کے خلاف نہیں اترا تھا بعد میں یہود کی مخالفت کا سلسلہ شروع ہونے کے بعد یثاق مدینہ ایسے تمام امور منسوخ ہوگئے پھر ان کی کوئی اجازت باقی نہ رہی۔ کسی سکولی شیطان کا یثاق مدینہ کو موافقت یہود کی دلیل ٹھہرانا سراسر باطل وکفر ہے۔

ان پیش کردہ حقانی ربانی بیانات کو جاننے سمجھنے کے بعد کسی صاحب ہوش وخرد سے ناممکن ہے کہ یہ جاہلانہ بکواس کرے کہ اہل یورپ اور سائنسدان انسانوں کی فلاح وترقی چاہتے اور دیتے ہیں۔ کیا دنیا کے موجودہ حالات مذکورہ ارشادات ربانی کے صدق کی شہادت دیتے ہیں یا آج کے تعلیم یافتہ احمقوں کی مذکورہ بکواس کی تصدیق کرتے ہیں؟

دنیا کو ہے پھر معرکۂ روح و بدن پیش
تہذیب نے پھر اپنے درندوں کو ابھارا

(اقبال)

کوئی ہے انکھیارا جو دیکھے کہ سائنسی آلات و ایجادات نے معمولی سی



نفسانی سہولت وعیاشی دے کر دین، اخلاق، مروت، قلبی سکون، ادب، غیرت و حیا ایسے انسانی اقدار کو انسان سے کیسے چھین لیا ہے۔

ہے دل کے لئے موت مشینوں کی حکومت
احساس مروت کو کچل دیتے ہیں آلات
وہ قوم کہ فیضان سماوی سے ہو محروم
حد اس کے کمالات کی ہے برق و بخارات

روحانی نقصانات کی تو حد ہی نہیں۔ جسمانی نقصانات میں بھی اگر غور کیا جائے تو جانی ہلاکتوں کا حساب ناممکن ہے۔ گاڑیوں، جہازوں، بجلی، جدید اسلحہ، بموں وغیرہ، تمباکو نوشی سے جتنی ہلاکتیں ہو چکی ہیں ان کا معمولی اندازہ ان ہلاکتوں کے اعداد و شمار کی ضامن کتابوں سے ہی لگایا جاسکتا ہے۔

"مگر پیٹو حریص، دنیا پرست سکولی اور ملا وسجادہ نشین کو کچھ نظر نہیں آتا"

بھروسہ کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر
کہ دنیا میں فقط مردان حُر کی ہے نظر بینا

زمانہ اپنے حوادث چھپا نہیں سکتا
تیرا حجاب ہے قلب ونظر کی ناپاکی

(اقبال)

ہزاروں اور ہیں جن کا یہی انجام ہونا ہے
نئی تعلیم کی تکمیل ہی ناکام ہونا ہے

کیونکہ

غلامی میں بشر عزت کے معنی بھول جاتا ہے
پہن کر طوق لعنت کا خوشی سے پھول جاتا ہے

(حفیظ جالندھری)

ان تمام نقصانات کو جس نے مدنظر رکھا وہ مذکورہ یورپی ذرائع ابلاغ کو کبھی جائز نہیں سمجھے گا لیکن

رمز و ایما اس زمانے کے لئے موزوں نہیں
اور آتا بھی نہیں مجھ کو سخن سازی کا فن

مزید تدبر وفکر کے لئے عرض ہے کہ مذکورہ تمام ذرائع ابلاغ کا مقصد وحید یورپی تہذیب و معاشرت یعنی ان کا مخصوص لادین، بے غیرت و بے حیاء، حرام خور، ظالم وسرکش وحشیانہ اندازفکر وعمل کو گھر گھر پھیلانا۔

اور دنیا کو بے دینی کے ذریعہ بے وقوف خفیف العقل بنا کر ان کو ہمیشہ کے لئے اپنا محکوم وغلام رکھنا تاکہ انسانی دنیا بابائے یورپ حضرت ابلیس کی تاقیام قیامت مرید رہے ان تمام ذرائع ابلاغ میں چند چیزیں قدر مشترک کے طور پر پائی جاتی ہیں۔

۱۔ اسلامی احکام وشعارات کی دیدہ دانستہ توہین واستہزاء

۲۔ کلام خدا تعالیٰ وکلام محبوب خدا تعالیٰ ﷺ کی بے عزتی کہ ایک طرف بازاری ننگی عورتیں یا گانے باجے دوسری طرف ساتھ ہی قرآن وحدیث، حج نماز وغیرہ کے مناظر۔

۳۔ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام واولیاء، صحابہ واہل بیت وعلماء کرام کی اہانت و استہزاء یہاں تک کہ فلموں، ڈراموں میں کفار وفساق کو انبیاء وصحابہ و



اہل بیت کرام بنا کر دکھایا جاتا ہے۔

۴۔ بے غیرتی، فحاشی، عریانی اور زنا کی مہذب ومنظم دعوت تاکہ دنیا چکلے کا منظر پیش کرے۔

۵۔ انگریزی حکومتوں کی پائیداری و مدح سرائی و وفاداری جس کا لازمی نتیجہ اسلام سے غداری و بغاوت ونفرت ہے۔

۶۔ کفر واسلام، ضلالت وہدایت، نیکی، بدی کے درمیان سمجھوتہ اور یکجائی و موافقت کرنا (معاذ اللہ) اسی لئے آپ دیکھتے ہیں۔

ٹی وی واخبارات میں قراءت، نماز، حج، قاری، نعت خواں، مولوی کے ساتھ کافر کنجر منافق گانا، فلم و ہر برائی اسی لئے تو جب کوئی پیٹو ملا، نعت خواں، قاری ان ذرائع ابلاغ میں جاتا ہے تو ان کی تمام تر برائیاں وکفریات کو ہاتھ نہیں لگاتا حالانکہ صاف آگیا کہ جو تم میں سے برائی کو دیکھے ہاتھ سے روکے نہیں تو زبان سے نہیں تو دل میں برا جانے مگر ان ملعون پیٹو ملاؤں نعت خوانوں، قاریوں نے پیسے کی ہڈی کو منہ میں ڈالنے کے لئے کفر و برائی سے سمجھوتہ کر رکھا ہے

۷۔ دین اسلام کی رہبری کا کام بازاری سرکاری درباری انگریز خواری ملاؤں وپیروں و پروفیسروں کے ہاتھ دینا تاکہ دینی مسائل میں لوگ انہیں شیطانوں کی طرف رجوع لائیں اور وہ بچڑ خانے کے ڈاکٹر ذاکر نائیک کی طرح قرآن کو کھلونا بنا کر دین و ایمان سے خوب بازیگری کریں اور انگریزی سرمایہ داروں سے خوب دولت کمائیں۔ اسی لئے میں کہتا ہوں۔

جو عالم ہے وہ ٹی وی، ریڈیو میں نہیں آتا جو ٹی وی، ریڈیو میں آتا ہے عالم نہیں ہوتا۔

اب ذرا پاکستانی ٹی وی کے اغراض و مقاصد اس کے پہلے جنرل منیجر ذوالفقار بخاری کی زبانی دل تھام کر پڑھیں۔

محمد صدیق شاہ بخاری لکھتے ہیں ہم یہاں اس خصوصی نشست کا ذکر کرنا چاہیں گے جس کو کراچی P.T.V کے جنرل منیجر اول ذوالفقار علی بخاری (مرحوم) نے ٹی وی کے یوم تاسیس سے چند ماہ پیشتر ٹی وی کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالنے کے لیے بلائی تھی۔ جن میں مخصوص فنکاروں، لکھنے والوں اور متوقع پروڈیوسر صاحبان کو مدعو کیا تھا جن سے بخاری صاحب "خصوصی کام" لینا چاہتے تھے۔ اس نشست میں جناب محترم شمیم احمد صاحب (مرحوم) جو شعبہ اردو، جامعہ کراچی کے پروفیسر رہ چکے ہیں، بھی موجود تھے جنہوں نے بعد ازاں اس تین گھنٹے پر محیط نشست کی روداد ۱۹۷۰ء اور بعد میں ۳، ۵ جنوری ۱۹۷۹ء میں ایک مقامی اخبار "جسارت" میں شائع کی تھی۔ اس خصوصی نشست میں بخاری صاحب نے ٹی وی کے دو بنیادی مقاصد بیان فرمائے تھے، اول تو اس زمانہ کی جنرل ایوب صاحب کی حکومت کے کارناموں کی گھر گھر تشہیر کرنا تھا اور دوئم بقول ان کے کہ "آپ کا دوسرا اور سب سے اہم مقصد یہ ہوگا کہ قوم اور پہلے متوسط طبقہ کو فرسودہ مذہبی تصورات سے آزاد کرائیں اور اس مقصد کو اس خوبی سے سرانجام دیں کہ لوگوں کو شعوری طور پر



اس کا پتہ نہ چلے کہ آپ جدید نسلوں کو مذہبی اثرات سے پاک کرنے کی کوئی مہم چلا رہے ہیں۔ اگر آپ نے یہ کام کر لیا تو یاد رکھیے کہ ہم ہمیشہ مذہبی جنونیوں اور ملاؤں سے اپنی معاشرت اور سیاست کو پاک کر دیں گے۔"

بنیادی مقاصد بتانے کے بعد بخاری صاحب نے شرکائے محفل کو علیحدہ علیحدہ ہدایات دیتے ہوئے عرض کیا کہ:

میں آج سے ہر اس لکھنے والے کو اپنے پروگرام کے معاوضے کے علاوہ دو سو روپیہ ماہوار دوں گا جو عربی پڑھے گا، ہم یہ چاہتے ہیں کہ ٹی وی اور ریڈیو سے ایسے افراد کو بحیثیت عالم دین اور جدید مفکر کی حیثیت میں پیش کر سکیں اور ان تمام ملاؤں کے اثرات دور کر سکیں جو مذہب کے ٹھیکیدار بنے ہوئے ہیں اور جنہیں ہم طوعاً وکرھاً پیش کرنے پر مجبور ہیں، آپ کو مذہب کی خرافات سے معاشرہ کو نجات دلانے کا کام کرنا ہے اور اسی لیے ہم اس ادارے کے ذریعے بالکل جدید ذہنوں کو آگے لانا چاہتے ہیں، نئے میڈیم کے ساتھ نئے ذہنوں کو نہ صرف فرسودہ اور مردہ تصورات سے نجات دلانے کے لیے استعمال کیا جائے گا بلکہ ان کو پوری قوم کے محسوسات اور طرزِ فکر کو بدلنا ہوگا۔

آپ اس مقصد کو اس طرح پورا کر سکتے ہیں کہ منافقت اور متضاد کردار کے لیے منفی ڈرامہ کرداروں کے داڑھی لگائیے "مضحکہ خیز کرداروں اور افراد کو مشرقی لباس پہنائیے، یہ یاد رکھیے کہ آپ کو اپنے تمام کرداروں اور اناؤنسروں کو وہ لباس پہنانا ہے جو ہمارے ترقی یافتہ معاشرے میں سو سال بعد رائج ہونا چاہیے

اور جواب ایک فی صد اوپر کے طبقے میں رائج ہے۔''

(حوالہ رواداری اور پاکستان ص ۳۸۵،۳۸۴)

## سوال:

ٹی وی اخبارات میں آنے والے ملاؤں اور محفلوں کا حال کھل گیا مگر اچھے جلسے ومحافل کو مووی کے ذریعے محفوظ کرنا اور فقط انہیں کو ہی دیکھنا کیسا ہے؟

## کیمرے وغیرہ مشین سے بنائی ہوئی تصویریں بھی حرام ہیں

اس سلسلہ میں ایک بیان انڈیا کے مشہور معتبر مفتی شریف الحق امجدی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نزہۃ القاری شرح بخاری ج ۵ ص ۵۵۱ سے پیش کیا جاتا ہے جو صاحب ایمان کے لئے کافی ہوگا اس کے برخلاف جو کچھ بھی کہا جاتا ہے وہ ایک جاہل اور بندۂ تہذیب حاضر کی بڑھ کے سوا کچھ نہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں

تصویر ذی روح کے چہرے بنانے کا نام ہے۔ حرام، ذی روح کا چہرہ بنانا ہے، اس سے حرمت پر کوئی اثر نہیں پڑتا کہ تصویر کیسے بنائی گئی۔

اس لئے جیسے ہاتھ سے بنائی ہوئی تصویریں حرام ہیں اسی طرح کیمرے وغیرہ مشین سے بنائی ہوئی تصویریں بھی حرام ہیں۔ اسی طرح ٹی وی اور ویڈیو کیسٹ بھی حرام ہے۔

اس سلسلے میں آج کل علماء کے مابین بہت طول طویل بحث اٹھ کھڑی ہوئی ہے کچھ حضرات یہ کہتے ہیں کہ یہ تصویر نہیں عکس ہے جیسے آئینے میں انسان کا عکس نظر آتا ہے اس لئے یہ جائز ہے۔ میں بھی ابتداءً یہی فتویٰ دیتا تھا لیکن پھر



زیادہ غور وخوض کیا تو اس نتیجے پر پہنچا کہ ٹی وی اور ویڈیو کیسٹ بنانا بھی حرام ہے اس لئے کہ ٹی وی بکس پر جو کچھ نظر آتا ہے وہ عکس نہیں تصویر ہے۔ اس کا واضح قرینہ یہ ہے کہ اگر انسان آئینہ یا پانی کے سامنے سے ہٹ جائے تو آئینہ اور پانی سے اس کی شبیہ غائب ہو جاتی ہے۔ اور ویڈیو کیسٹ میں جس کی تصویر ہوتی ہے وہ غائب ہو جائے بلکہ مر جائے جب بھی ٹی وی کے بکس پر اس کی تصویر نظر آتی ہے تصویر کے حرمت کی اصل علت حدیث میں اللہ تعالیٰ کی تخلیق کے ساتھ مشابہت کو قرار دیا گیا ہے۔ فرمایا گیا:

یضاھون بخلق اللّٰہ اور فرمایا ذھب یخلق کخلقی

اور یہ بات بالکل واضح ہے کہ عام تصویر کی بہ نسبت ٹی وی بکس پر نظر آنے والی تصویروں میں اللہ تعالیٰ کی تخلیق کے ساتھ مشابہت زیادہ ہے۔ عام تصویریں منجمد ایک ہی حال میں رہتی ہیں نہ بولتی نظر آتی ہیں نہ چلتی پھرتی اور ٹی وی بکس کی تصویریں دیکھنے میں ایسی معلوم ہوتی ہیں کہ وہ بول رہی ہیں اور چل پھر رہی ہیں معلوم ہوتا ہے کہ جیسے زندہ ہیں اس لئے اس میں اللہ تعالیٰ کی تخلیق کے ساتھ مشابہت زیادہ ہے۔ اس لئے یہ عام تصویروں کی بہ نسبت بدرجہ اولیٰ حرام ہوں گی۔[1]

---

[1] میں کہتا ہوں اس کی نظیر مسئلہ قطع دستِ طرّار (جیب تراش) ہے ہمارے اصول فقہ کی کتب میں لکھا ہے کہ کفن چور کا ہاتھ نہ کاٹنا اور جیب تراش کا ہاتھ کاٹنا اس وجہ سے ہے کہ آیت ہے سرقہ کفن چور اور طرار کے حق میں خفی ہے بعد تامل ظاہر ہوا ہے کہ قطع دست سارق کی علت بنسبت سارق کے طرار میں زیادہ پائی جاتی ہے لہٰذا اس کا ہاتھ کاٹنا زیادہ ضروری واولیٰ ثابت

جاری ہے

آج کل نجدیوں نے یہ فتویٰ دے رکھا ہے۔ حرام صرف مجسمے بنانا ہے رہ گئی وہ تصویریں جو کاغذ یا کپڑے پر ہوں حرام نہیں۔ ان کا مذہب صریح احادیث کے خلاف ہے حدیث آرہی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے پردے پر تصویر دیکھی تو اسے ناپسند فرمایا ظاہر ہے کہ پردے پر مجسمہ نہیں ہوگا بات وہی ہے جو ہم نے شروع میں لکھا کہ حرمت کی وجہ ذی روح کے چہرے کی ساخت ہے وہ جیسے مجسمے میں پائی جاتی ہے اسی طرح کاغذ اور کپڑے کی تصویر میں بھی پائی جاتی ہے۔

## حج فلم دیکھنا حرام ہے:

اے نام نہاد عاشقانِ اعلیٰ حضرت! شہزادہ اعلیٰ حضرت کی بھی سنیئے شہزادہ اعلیٰ حضرت الشاہ مفتی مصطفیٰ رضا خان صاحب قادری برکاتی رضوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

اللہ اللہ کیا زمانہ ہے کسے آج یہ وہم کہ مسلمانوں کو سینما جیسی چیز کے حرام وگناہ ہونے میں شک ہوگا کسے خطرہ تھا کہ اس تماشہ کے جواز کا جواب انہیں نظر آئے گا یہ وہم جاگے گا کسے اندیشہ تھا کہ ایسے بدکام جسے خواص وعوام مطلقاً گناہ وحرام جانتے مانتے ہیں کبھی اسے اگرچہ اس میں کہیں کے خواص بھی مبتلا ہو جائیں جنہیں مبتلا سنیں ہی نہیں خود اپنی آنکھوں دیکھیں۔ جائز سمجھا جائے گا کے

---

بقیہ حاشیہ ہوا۔ اسی طرح مشابہت تخلیق خدا تعالیٰ والی علت تصویر کی نسبت فلم میں زیادہ ہے خیال رہے کہ حرمت تصویر وغیرہ کی علت مضاہاۃ یعنی مشابہت حدیث پاک سرا سر مذکور لہٰذا سرقہ حدیث کی دلالت فلم کی حرمت پر دلالت النص وفحوی الخطاب کے قبیلے سے ہے جو غیر مجتہد کے لیے مفید حکم ہے اور اس کے لئے مجتہد ہونا شرط نہیں۔

(فتاویٰ رضویہ جلد ۲۰ ص ۲۳۸)



خیال تھا کہ کوئی بدلگام اس گانے بجانے اور تصاویر نچانے کا تماشہ دیکھنے دکھانے کو جائز سمجھے سمجھائے گا وہ بھی اس دلیل ذلیل سے کہ فلاں جگہ کے عوام ہی نہیں خواص بھی اس میں مبتلا بتائے جاتے ہیں کسے یہ گمان تھا کہ کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ سمجھوال بھی۔ شریعت کہیں کے مولوی کہلانے والے، حاکموں، بادشاہوں کے قول وفعل کا نام رکھے گا کہ وہ جو کہیں کریں جائز وحلال ہوگا کیسے ناجائز وحرام ہوگا۔

اب تک تو مسلمان یہی سمجھتے تھے کہ جاہل سے زیادہ عالم عوام سے زیادہ خواص پر ارتکابِ گناہ سے اشد الزام ہوتا ہے، رذیل سے زیادہ شریعت ارتکاب گناہ پر مورد الزام مطعون؛ وملام ہوا کرتا تھا یہ نہ جانتے تھے کہ اب زمانہ ایسا آ گیا کہ لوگ مولوی کہلانے والوں اور بادشاہوں کے ایسے ناجائز قول وفعل کو سن کر بجائے اس کے کہ انہیں اشد ملزم سمجھیں ان پر اشد طعن کریں انہیں سخت مطعون ملام ٹھہرائیں ان کے اس قول وفعل کو دلیل جواز بنالیں گے والعیاذ باللہ تعالیٰ وہ بھی ایسا نجس قول جس سے مسلمانوں کے دین کو ہنسی کھیل بنا لینے والوں کی امداد و اعانت ہو۔ حج مسلمانوں کے دین مقدس کا رکن ہے اس کا تماشا بنانا دین کو ہنسی کھیل بنا لینا نہیں تو کیا ہے۔

فانا للہ وانا الیہ راجعون ولا حول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

سینما دیکھنا تو ویسے بھی حرام ہے اور حج فلم کا تماشا دیکھنا حرام در حرام اشد اخبث کام ہے حج فلم کے ساتھ راضی ہونا اپنے دین کو ہنسی کھیل بنا لینے پر راضی ہونا ہے اس سے اخبث اور اشد نجس بدتر کام اور کیا ہوگا۔ گانے بجانے کی حرمت اور تصاویر کی ناجوازی کے متعلق اگر تفصیل دیکھنا ہو تو عطایا القدیر اور التجیر

رسائل اعلیٰ حضرت قدس سرہٗ ملاحظہ کریں۔

بعض لوگ خوشامد میں بادشاہوں حاکموں کے سامنے ایسے ہو جاتے ہیں کہ وہ دن کو رات کہیں تو یہ بھی ان کی ہاں میں ہاں ملانا ضروری خیال کرتے ہیں جو وہ کریں ان کے خوشامد میں یہ بھی ویسا ہی کر گزرتے ہیں جنہیں فرمایا گیا:

الناس علی دین ملوکھم بادشاہ کے دین کا لوگوں پر اثر ہوتا ہے لوگ بادشاہ کے دین کے رنگ میں رنگ جاتے ہیں مگر یہ آج تک غالباً نہ ہوا تھا کہ محض ان کے قول وفعل کو دلیل جواز ٹھہرایا گیا ہو اور شریعت ان کے ہاتھ میں یا ان کے قول وفعل کے تابع سمجھی گئی ہو۔ اب جو نہ ہو کم ہے پھر اخباری اشتہاری پروپیگنڈا کسے معلوم نہیں عرب ومصر کے علماء کا نام بدنام کیا جاتا ہے ہرگز علماء ایسی خبیث بات نہیں کہہ سکتے ہرگز ایسے شنیع امر سے راضی نہیں ہو سکتے ہرگز ایسے نجس کام کو پسند نہیں کر سکتے۔ علماء کو بدنام کرنے والے بدنام کنندۂ نکو نام چند ہندوستان ہی میں نہیں ہیں ہر جگہ ہیں یہاں ہندوستان ہی میں دیکھو ایسے لوگ برساتی حشرات الارض کی طرح پھیلے ہوئے ہیں۔ کیسے کیسے اجہل آج کل مولانا اور علامہ بنے ہوئے ہیں ہر لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا پہلے تو فریب دہی کو بڑے بڑے عمامے اور لانبے چوڑے جبے درکار ہوتے تھے۔ اب تو چورن والوں کی طرح زبان کھول لی یا تھیٹروں میں نوکری کر لی اور وہاں سے تقریر میں کچھ مہارت اور گانے کی مشق پیدا کر لی اور مولانا ہوا اور بڑے سے بڑا مولانا ہونا ہوا تو جیل کی ہوا کھالی اور علامہ کی ڈگری کے لئے تو اتنا بھی نہیں گھر بیٹھے علامہ بن جاتا ہے اخباروں میں اوندھے سیدھے مضمون لکھے اور اپنے نام کے ساتھ علامہ کا لفظ خود ہی لکھ دے اپنے آدمی سے لکھوایا کرے۔ دو چار آدمی ایسے بنائے جو علامہ کہا



کریں ہندوستان بھر میں علامہ مشہور ہو جائے گا۔ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ۔

اگر یہ واقعہ ہے کہ مصر کے کچھ لوگوں نے حج فلم کے ساتھ اظہار رضا کیا اسے جائز بتایا ہے تو وہ ایسے ہی مولانا اور ایسے ہی علامہ ہیں۔ ہرگز کسی عالم دین کی یہ ناپاک حرکت یہ نجس قول نہیں ہو سکتا۔ یہاں ولی کے ایک مشہور عام رسوا بین الخواص والعوام ہستی بھی تو سینما کی فلموں کو دیکھتی اور اس کی تعریفیں لکھتی اور چھاپتی ہے۔ ایسے ہی مصر کے بعض عبدالدنیا والدراہم دین سے آزاد جاہلوں نے حج فلم کو پسند کیا اور دیکھا دکھایا ہوگا اور بالفرض اگر دنیا بھر کے خواص وعوام کسی ایسے حرام کا ارتکاب اور اسے پسند کریں تو کیا اس سے وہ حرام جائز ہو جائے گا ہرگز نہیں۔

لا واللہ ان الحکم الا اللہ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(فتاویٰ مصطفویہ ص ۵۱۶ شبیر برادرز)

ٹی وی دیکھنے والے کی امامت جائز نہیں اس کے پیچھے پڑھی گئی نمازیں مکروہ تحریمی اور واجب الاعادہ ہیں۔ (فتاویٰ بریلوی شریف ص ۶۹، ۳۹۰)

# تیسرا فتنہ جمہوریت

جمہوریت کا لغوی معنی اکثریت ہے اور جمہوری سلطنت اسے کہتے ہیں جہاں اکثریت کے منتخب کردہ نمائندگان کی حکومت ہو۔

جمہوریت کو انگریزی میں ڈیموکریسی اور عربی میں دیمقراطیسیہ کہا جاتا ہے۔

## اصطلاحی معنی:

ا۔ آزادی اکثریت ومساوات پسند نظریہ و نظامِ حکومت، یہ سیاسی معنی ہے۔

۲۔ آزادی اکثریت و مساوات پسند نظریہ و نظامِ زندگی، یہ اجتماعی معنی ہے۔

اس نظامِ سیاست ونظامِ حیات کی بنیاد تین چیزیں ہیں۔

## ۱۔آزادی

یعنی حکومت سازی وحکومت رانی واجتماعی زندگی میں دین سے آزادی۔

## ۲۔اکثریت

یعنی حکومت سازی اور قانون سازی اور شہری زندگی میں اکثریت کو معیار قرار دینا اور دین کو بالائے طاق رکھ دینا۔



## ۳۔مساوات

دین وتقوئی، عقل وعلم کے فرق کو مٹا دینا یہاں تک کہ نبی، غیر نبی کی رائے بھی برابر کر دینا۔

اس کے حصول کا ذریعہ الیکشن (ووٹ) ہے۔

## ہماری دعویٰ

جمہوریت سراسر فریب وفساد، خلاف عقل وحکمت اور حرام بلکہ کفر و شرک ہے۔

### دلائل حقہ

## سراسر فریب ہونے پر دلیل نمبر 1:

ووٹوں کے ذریعے ہمیشہ مالی، افرادی اور سیاسی اثر ورسوخ اور طاقت رکھنے والا طبقہ ہی حکومت قائم کرتا ہے پھر خوب فرعونیت جگاتا ہے کیونکہ ووٹروں کو ایسے طبقہ سے مکمل آزادی کبھی حاصل نہیں ہوسکتی آخر کار ووٹر کو ان سے معاشی لالچ ومحتاجی کے علاوہ تھانہ کچہری کا خوف بھی مسلسل ہوتا ہے اور جان و مال و عزت کی تباہی کا خطرہ بھی لاحق رہتا ہے وہ اگر معاشی محتاجی دور کرنے کے لئے ہاتھ پاؤں مارے بھی تو مذکورہ خوف وخطرات واقعیہ کی زنجیریں اس کی غلامی کی قید کے لئے کافی ہوجاتی ہیں اسی لئے عالمی شیطانی حکومت میں ہمیشہ سپر طاقتوں کو ویٹو پاور حاصل رہی ہے کسی کمزور ملک کو نہیں غرضیکہ ع:

دیو استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب
تو سمجھتا ہے یہ آزادی کی ہے نیلم پری

## دلیل نمبر 2:-

علاقائی وملکی حکومتوں میں اگرچہ اکثریت کی کلیدی حیثیت نمایاں ہوتی ہے اور حل وعقد انہیں کے ہاتھ دکھائی دیتا ہے مگر عالمی حکومت میں جا کر یہی اکثریت کیوں دم توڑ جاتی ہے؟ وہاں جمہوریت، جمہوریت کی رٹ لگانے والے بے غیرت چند ویٹو طاقتوں کی قلت پر باقی ملکوں کی اکثریت کو کیوں قربان کر دیتے ہیں؟ معلوم ہوا جمہوریت کا خوشکن نعرہ بے وقوف قوم کے لئے دام فریب کے سوا کچھ نہیں یہ دو مختصر دلائل تو اس کے سراسر فریب ہونے پر ہیں۔

اب ذرا فساد ہونے کی سنیئے۔

## دلیل اول:

عزیز لڑتے ہیں آپس میں یہ ستم کیا ہے
خدا کی مار سے ووٹوں کی مار کم کیا ہے

(سید اکبر حسین الہٰ آبادی)

تمام دینی و دنیاوی، خونی اور قومی رشتے ناطے ٹوٹ جاتے ہیں۔

سینکڑوں قتل اور تنازعات پیدا ہو جاتے ہیں بے اندازہ مال ہواؤں اور حرامزادوں کے منہ میں چلا جاتا ہے، ہزاروں آبروئیں تار تار ہو جاتی ہیں۔ برسر منبر گالی گلوچ کا بازار خوب گرم ہوتا ہے یہاں تک کہ اسمبلی جو منتہائے الیکشن ہے میں دھینگا مشتی اور کفش زنی کا سہانا منظر پوری دنیا میں قوم کی عزت و وقار کو بلند کر رہا ہوتا ہے۔



## دلیل ثانی:-

جتنا لگانا ہے اتنا کمانا ہے کی سوچ پر جمہوری جوے باز خوب عمل پیرا ہوتے ہیں جس کے نتیجے میں فضول بے کار مستقل بیوروکریسی عملہ کی مسلسل زیادتی کے بوجھ کے علاوہ ان خارجی افسروں کی دو ہاتھا لوٹ مار اور ان کے عیاشانہ اخراجات قوم کو مہنگائی کی چکی میں پیس کر رکھ دیتے ہیں اور یوں قوم معاشی تنگیوں سے تنگ آ کر جرائم پیشہ بن جاتی ہے۔

جمہوری عوام کا دین تو ہوتا نہیں جیسے ہم آگے بیان کریں گے۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ) یوں دنیا بھی چلی جاتی ہے۔ ؎

نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے

# خلافِ فطرت

**دلیل:**

اللہ تعالیٰ نے اپنے کارخانۂ فطرت میں فرق و امتیاز کا ایسا مبارک سلسلہ قائم فرمایا ہے کہ کائنات کی ہر جنس و ہر نوع میں فرق و امتیاز اور تفاوت نمایاں نظر آتا ہے اور ایسا کیوں نہ ہو آخر یہ کائنات لیس کمثلہ شیء (اس جیسی کوئی شئے نہیں) والی شان کے مالک جل وعلا کے اسماء وصفات کی تجلیات ہیں تو ہر تجلی کا دوسری سے مختلف ہونا ضروری ہے اسی لئے انسانوں کی شکلوں، رنگوں اور قد و قامت اور افکار و عقول میں ہی فرق موجود ہے۔

حتیٰ کہ اربوں انسانوں کے انگوٹھوں کے نشانات کو جمع کیا جائے تو ایک کا دوسرے سے ہم وزن اور ہم شکل آپ کو نہیں ملے گا۔ فطرت الٰہیہ نے تو اتنے امتیازات رکھے ہیں مگر ملعون جمہوری ترازو میں مخلوق میں کوئی امتیاز نہ ہے۔

نبی اور غیر نبی برابر۔ مومن اور کافر برابر۔ نیک اور بد، عاقل و بے عقل، فاسق اور ولی اللہ برابر ہو گئے۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

جب نظامِ کائنات میں فرق و امتیاز فطرتی و تخلیقی ہے تو انسانوں کو رائے اور عقل میں برابر کرنا سراسر فطرت الٰہیہ کے خلاف ہوا اور فطرت الٰہیہ کی خلاف ورزی نہ کرے گا مگر گمراہ اور بدتر از حیوانات۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

"اے حبیب ﷺ فرما دیجئے پلید اور پاک برابر نہیں اگرچہ تمہیں
خبیثوں کی کثرت عجیب (اچھی) لگے تو اللہ سے ڈرتے رہو اے
عقل والو تاکہ تم فلاح پاؤ۔" (سورۃ المائدہ آیت نمبر 100)



تفسیر بیضاوی شریف میں ہے۔

حکم عام فی نفی المساوٰۃ عند اللّٰہ سبحانہٗ و تعالیٰ بین
الردیٔ من الاشخاص والاعمال والاموال وجیّد ھا رغب بہ
فی مصالح العمل وحلال المال

## خلافِ حکمت ہے

دلیل سابق سے خلافِ حکمت ہونا بھی معلوم ہوگیا کیونکہ حکمت ہے ایسا قول و فعل جو حق و حقیقت کے بالکل مطابق ہو۔ جب انسانی عقلی مساوات خلافِ فطرت ہوا تو خلافِ حقیقت ضرور ہوا اور یہی ہمارا مدّعا ہے۔

## خلافِ عقل ہے

عقل انسانی اگر سلیم ہو یعنی ہر نفسانی، شیطانی، ماحولیاتی خرابی سے پاک ہو تو یہ فیصلہ کرنے پر مجبور ہوگی کہ لاکھوں بے عقلوں، نشیوں کی رائے ایک عقل والے کی رائے کے برابر کبھی نہیں ہو سکتی۔ اسی لئے قلندر لاہوری نے فرمایا۔ ؎

گریز از طرز جمہوری غلام پختہ کار شو
کہ از مغز دو صد خر فکر انسانے نمی آید

یعنی پختہ آدمی بنو طرزِ جمہوری سے دور رہو کیونکہ دو سو گدھوں کے مغز سے ایک انسان کی فکر و عقل حاصل نہیں ہوتی۔

**لطیفہ:**

جانور جتنا بھوکا پیاسا ہو بھنگ و شراب کے قریب نہیں جاتا۔ حالانکہ نشہ کے نقصان سے بھی بے خبر ہے اور جو انسان منشیات استعمال کرتا ہے خوب جانتا

ہے کہ نشہ عقل جیسی عظیم نعمت میں فتور کا سبب ہے پھر بھی باز نہیں آتا تو معلوم ہوا کہ یہ انسان حیوانات سے بھی بدتر بن چکا ہے یعنی نشہ کی وجہ سے پھر جب دو سو گدھوں سے ایک آدمی کی عقل حاصل نہیں کی جاسکتی تو ایک بے عقل نشی ایک عقل والے کے برابر اور دو نشی ایک عقل والے سے بہتر کیسے ہو گئے۔

بریں عقل و دانش باید گریست

''اس عقل و دانش پر رونا چاہیے۔''

یہ ہے وہ عقل و شعور جو انگریزوں نے اسلام اور بانیٔ اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کی مخالفت کے صلہ میں حاصل کیا ہے اور پھر اپنی وضع کردہ زہریلی نام نہاد تعلیم و تربیت کے ذریعے پوری دنیا میں تقسیم کی ہے اور مزید کر رہے ہیں سکولیوں کا مسٹر جناح جمہوریت پسندی کی وجہ سے نشی کے برابر اور اگر نشی دو (۲) ہو جائیں تو ان کا قائداعظم ذلیل و رسوا ہو گیا (اللہ کرے اور زیادہ) اسی طرح ایک طرف سائنس دان عقل و دانش کے واحد مالک شمار ہوتے ہیں دوسری طرف جمہوریت کو مان کر خود اپنے اور اپنے اندھے پجاریوں کے ہاتھوں نشیوں، بے عقلوں کے برابر ہو چکے ہیں۔

ہمارے بزرگوں نے سچ فرمایا ہے کہ دوزخ بے عقلوں کا ٹھکانا ہے۔

**نکتہ:**

کفر و عقل اور دلیل کبھی جمع نہیں ہو سکتے کافر کو عقل و شعور کا مالک وہی سمجھے گا جو خود کافر یا بے عقل ہوگا۔

قرآن مجید میں جگہ جگہ کفار، یہود و نصاریٰ کو جانوروں کی مانند یا بدتر و بے شعور و بے عقل فرمایا گیا ہے۔



اس کی تصدیق کی ایک واضح دلیل یہی رومی، یونانی اور فرنگی نظامِ جمہوریت ہے۔

## مخالف شریعت اور موافق کفر ہونے پر دلیل

اسلام میں انسانوں کی درجہ بندی کی گئی ہے اور اس درجہ بندی کی بنیاد تقویٰ پرہیزگاری یعنی ایمان و عمل صالح کو قرار دیا گیا ہے۔ انبیاء و رسل میں سید الانبیاء علیہ السلام کو افضل و اعلیٰ قرار دیا گیا ہے پھر باقی انبیاء و رسل علیہ السلام میں مراتب بندی کی گئی ہے۔ وعلی ھذا القیاس۔

جب مسلمان اور کفار کے موازنہ کی بات آئی تو اللہ تبارک و تعالیٰ نے کفار کو جانوروں سے بھی بدتر قرار دیا ہے اسی تفاوتِ مراتب اور تحفظِ مدارج کے موضوع پر آیاتِ قرآنیہ دیکھیے۔

۱۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم (حجرات آیت ۱۳)
''بے شک تم میں سے (اللہ تعالیٰ) کے ہاں وہی زیادہ عزت والا ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے۔''

۲۔ قل لایستوی الخبیث والطیب ولو اعجبک کثرۃ الخبیث فاتقوا اللہ یا اولی الالباب لعلکم تفلحون
''فرما دیجئے اے محبوب (ﷺ) خبیث اور طیب برابر نہیں اگرچہ خبیثوں کی کثرت تجھے اچھی لگے تو اللہ سے ڈرتے رہو اے عقل والو! تاکہ تم فلاح پاؤ۔'' (آیت ۱۰۰ سورۂ مائدہ)

۳۔ ''فرما دیجئے کیا اندھا اور انکھیار برابر ہیں (یعنی کافر و مومن) تو کیا تم سوچتے نہیں۔'' (الانعام آیات ۵۰)

۴۔ ''فرما دیجئے کیا نابینا اور بینا برابر ہیں یا اندھیرے اور نور برابر ہیں۔''یعنی کافر و مؤمن اور کفر و اسلام۔ (الرعد)

۵۔ ''کیا ہم بنا دیں گے ایمان اور عمل صالح والوں کو زمین میں فساد کرنے والوں کی طرح یا ہم بنا دیں گے پرہیزگاروں کو بدکاروں کی طرح۔'' (سورۂ ص آیت ۲۸)

۶۔ ''فرما دیجئے کیا علم والے اور بے علم برابر ہیں۔'' (سورۂ زمر آیت ۹)

۷۔ ''تو کیا ہم مسلموں کو مجرموں کی مانند بنا دیں تمہیں کیا ہوا تم کیسے فیصلے کرتے ہو۔'' (سورۃ القلم آیت ۳۶)

۸۔ ''بے شک جنہوں نے کفر کیا یعنی اہل کتاب و مشرکین جہنم کی آگ میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہی ساری مخلوق سے بدتر ہیں بلاشبہ وہ جنہوں نے ایمان اور عمل صالح کو جمع کیا وہی ساری مخلوق سے اچھے ہیں ان کی جزاء ان کے پروردگار کے ہاں جناتِ عدن ہے۔ جس کے نیچے نہریں چلتی ہیں اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی ہوا وہ اس سے راضی ہوئے یہ سب کچھ اس کے لئے ہے جو اپنے رب سے تعظیم کے ساتھ ڈرتا ہے۔'' وغیرہ وغیرہ (سورۂ بینہ آیت ۶۔۷۔۸)

مذکورہ ثابت شدہ تفاوت و فرق کو ختم کرنا سراسر کفر و زندقہ و الحاد اور بے دینی ہے سیکولرازم اسی کی ایک شاخ ہے۔

جمہوریت میں، نبی، غیر نبی، کافر و مسلم صاحب عقل و نشئی رائے میں برابر کر کے



اسی تفاوت و امتیاز کو ختم کیا جاتا ہے جس کا لازمی نتیجہ نبوت و غیر نبوت، کفر و اسلام، گمراہی و ہدایت اور عقل و بے عقلی کی برابری ہے۔

کیونکہ شریعت مطہرہ تفاوت قائم کرتی ہے اور تفاوت ہی پر قائم رہتی ہے جب کہ جمہوریت اس کا عکس ہے۔ اسی لئے قلندر لاہوری فرماتے ہیں۔

جمہوریت اک طرز حکومت ہے کہ جس میں
بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

خیال رہے کہ علامہ کا مقصد جسمانی تولنا نہیں بلکہ روحانی اور شرعی تولنا ہے یعنی شریعتِ مطہرہ کے ترازو پر تولنا مراد ہے۔

## لطیفہ:

مجھے کسی نے کہا کہ میرا پیر بڑی شان والا ہے میں نے کہا کہ ووٹوں کو تسلیم کرتا ہے؟ کہنے لگا ''ہاں'' میں نے کہا پھر وہ دیوث کے برابر ہے کہنے لگا وہ کیسے میں نے کہا وہ اس لئے کہ ووٹ دونوں کا برابر ہے۔

فتاویٰ بریلی شریف مطبوعہ مکتبہ اعلیٰ حضرت لاہور پاکستان صہ ۴۳۱ پر ہے۔

موجودہ جمہوریت اسلام کش ہے کہ اس کا معنی سیکولرازم ہے جو انگریزی ڈکشنری کے مطابق لادینیت ہے۔ یہ سراسر شرک ہے۔

## جمہوریت اللہ کا عذاب ہے:

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ مرآۃ شرح مشکوٰۃ شریف جلد ۵ ص ۳۶۷ پر تحریر کرتے ہیں کہ مروجہ نظامِ جمہوریت اللہ تعالیٰ کا عذاب ہے۔ الخ

# جمہوریت شرک فی الطاعت ہے

کیونکہ جمہوریت میں اطاعت اکثریت کی ہوتی ہے جبکہ اسلام میں اطاعت اللہ عزوجل اور رسول اللہ ﷺ کی ہوتی ہے تو جمہوریت شرک فی الطاعت ہے جو توحید فی الطاعۃ کے بالکلیہ منافی ہے۔

جمہوریت میں آئین ہوتا ہے جو اسمبلی تیار کرتی ہے جبکہ اسلام خدا تعالیٰ کا دین ہے اسمبلی کا آئین نہیں خیال رہے کہ مسلمانوں کو اسلام کی اتباع کا حکم ہے یعنی فقہائے اسلام کے پیش کردہ اسلام کو سمجھ کر خود کو اس کے پیچھے چلانا نہ کہ خواہش نفس کی اتباع کرنے کے بعد ہوائے نفس اور اسلام میں مطابقت پیدا کرنا۔ اسمبلی قوانین شرعیہ کی اتباع نہیں کرتی بلکہ اختراع کرتی ہے۔

اسی لئے قلندر لاہوری فرماتے ہیں۔

تیری حریف ہے یا رب سیاست افرنگ
مگر ہیں اس کے پجاری فقط امیر و رئیس
بنایا ایک ہی ابلیس آگ سے تو نے
بنائے خاک سے اس نے دو صد ہزار ابلیس

خیال رہے کہ جمہوریت میں اکثر کا حکم اقلیت پر چلتا ہے۔ بادشاہت و ملوکیت میں ایک کی من مانی ہوتی ہے جبکہ اسلام میں خلافت ہے جس میں سوائے خدا تعالیٰ کے کسی کی بات نہیں چلتی۔

ا۔ مَنْ قال فی القرآن برأیه فاصاب فقد اخطأ یعنی جس نے قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہا اور درست کہا تو یقیناً اس نے خطا کی۔ سنن کبریٰ نسائی فی فضل القرآن مشکوۃ باب کتاب العلم، ابوداؤد فی العلم ترمذی فی التفسیر، دوسری حدیث



شریف میں ہے من قال فی القرآن بغیر علم فلیتبوأ مقعده من النار۔ ترجمہ: جس نے قرآن میں بغیر علم کے کلام کی وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنائے۔ ترمذی فی التفسیر۔ مشکوۃ کتاب العلم: یعنی علم شریعت سیکھنے کے بعد اس کے مطابق قرآن پاک میں کلام کرنے کی اجازت ہے نہ کہ خواہش نفس کے مطابق بولنے کے بعد قرآن کی مطابقت تلاش کرنے کی۔ اسمبلی میں یہ صورت حال ہوتی ہے کہ یا تو اسلام کے سراسر منافی قوانین وضع کئے جاتے ہیں یا کفار کے وضع کردہ قوانین کے مطابق معاذ اللہ اسلام کو بنایا جاتا ہے یا بعض اوقات قوانین شیطانیہ کو اسلام کے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ کیا معاذ اللہ اسلام کے کوئی قوانین نہیں؟

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہوں۔

(الجوابات السنية علی زُهاء السوالات اللیگیه مع فتوی)

مصنفہ: شیر بیشۂ اہل سنت مولانا حشمت علی خان رضوی علیہ الرحمۃ اور تاج العلماء مولانا مفتی سید شاہ اولاد رسول محمد میاں صاحب قادری برکاتی مارہروی و سید العلماء والحکماء حافظ قاری حکیم سید آل مصطفیٰ صاحب قادری برکاتی مارہروی علیہم الرحمۃ سید ابوالبرکات شاہ صاحب حزب الاحناف لاہور (تجانب اہلسنت عن اہل البدعۃ) مصنفہ: مولانا مفتی محمد طیب صاحب قادری رضوی علیہ الرحمۃ

جہان مفتی اعظم

مصنفین: مولانا مقبول احمد سالک مصباحی وغیرہ

**سوال**: اگر دیندار لوگ الیکشن نہ لڑیں گے تو بالکلیہ بے دینوں کا تسلط ہو جائے گا اور دین کی بات اسمبلی میں بالکل نہیں ہو سکے گی۔

**جواب**: اوّلاً گزارش ہے کہ جب دیندار الیکشن لڑتے ہیں تو وہ دیندار ہی نہیں رہتے کیونکہ ایک تو اکثریت حاصل کرنے کے لئے تمام مذکورہ بالا فرق و امتیاز کو مٹا کر ہر ایک کے ساتھ موافقت کرنی پڑتی ہے دوسرا ہر کافر بدمذہب کو حکومت سازی اور حکومت رانی کا برابر حق دار سمجھنا پڑتا ہے اس سے اسلام کی نفی ہوتی ہے جو سراسر کفر ہے۔

ثانیاً گذارش ہے کہ اسمبلی میں جب اکثریت پر ہر چیز کا دارومدار ہوتا ہے اور ہر فیصلہ ووٹوں کی اکثریت پر ہوتا ہے تو وہاں کسی کے بولنے سے کیا فائدہ؟ جبکہ وہ اقلیت میں ہے وہ لاکھ شور وغل کرتا رہے کس نے سننا ہے؟ ہاں ایک فایدہ معکوسہ ضرور ہوتا ہے وہ یہ کہ دنیائے کفر اور بے دینوں میں اسلام اور اسلام والوں کی توہین، کمزوری اور بے وقعتی ضرور ظاہر ہوتی ہے جو کہ الیکشن نہ لڑنے کی صورت میں ہرگز نہ ہوگی۔

حقیقت یہ ہے کہ اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

قلندر لاہوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں

اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں
نئی تہذیب کے انڈے ہیں گندے



الیکشن ممبری کونسل صدارت
بنائے ہیں خوب آزادی کے پھندے
میاں نجار بھی چھیلے گئے ساتھ
نہایت تیز ہیں یورپ کے رندے

**سوال**: اسلامی اور فرنگی جمہوریت میں کیا فرق ہے؟

**جواب**: فرقِ اوّل:

اسلامی جمہوریت کے لئے شرط ہے کہ حکم خداوندی کے مقابلہ میں نہ ہو ورنہ کوئی حیثیت نہیں رکھتی بلکہ سب کافر قرار پائیں گے اگر نیتِ مخالفت ہو۔

## فرقِ ثانی:

اسلامی جمہوریت میں شرط ہے ایمان وتقویٰ۔

فساق وفجار کی اکثریت بالکل بے حیثیت ہے لیکن خیال رہے کہ حقیقت میں اسلامی جمہوریت بھی وحدت کے تابع ہے کیونکہ تقویٰ واحد لاشریک کی طرف سے شرط ہے لہٰذا حقیقت میں واحد کا حکم کثیر پر ہوا تو اگر یوں کہا جائے کہ اسلام میں جمہوریت کا تصور ہرگز نہیں تو بھی بالکل درست ہوگا۔

ووٹوں کو جائز ماننا درحقیقت کفر وشرک اور بے دینی کی حکومت کو جائز ماننا ہے اور کفر وفسق جاہلیت کی حکومت کو جائز ماننا کفر ہے۔ نتیجہ نکلا ووٹوں کو جائز ماننا کفر ہے۔

پہلے مقدمہ کی دلیل اظہر من الشمس ہے کہ جب کفار ومشرکین اور مرتدوں بے دینوں کی رائے دہی کو حکومت سازی میں تسلیم کیا لیکن اکثریت کے ساتھ مشروط کر دیا تو ان کی حکومت کو پہلے تسلیم کیا۔

دوسرا مقدمہ یعنی حکومت کفر کو جائز ماننا کفر یہ بھی اہلِ ایمان پر ظاہر ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

آیت ۴۴ سورۃ مائدہ:

''جو لوگ خدا تعالیٰ کے اتارے پر فیصلہ نہیں کرتے وہی کافر ہیں۔''

تفسیر تاویلات اہل السنۃ امام ابو منصور ماتریدی علیہ الرحمۃ میں آیت مذکورہ کے تحت ہے۔

هكذا من جحد بما انزل الله ولم يره حقافهو كافر

''جس نے اللہ تعالیٰ کے اتارے کا انکار کیا اور اسے حق نہ جانا تو وہ کافر ہے۔''

جرمن فلسفی تھیوڈور ہرزل (Theodor Herzl) جو صیہونیت کے بانیوں میں سے تھا، اس نے اپنی تصنیف ''یہودی ریاست'' میں جو اس نے ۱۸۹۶ء میں لکھی کہا تھا:

''دانشمندانہ اور معقول فیصلے پارلیمانی اداروں سے سرزد نہیں ہو سکتے۔ عوامی خواہشات کی صحیح نمائندگی اور ریاست کے حقوق و مفادات کی محافظ وہی شخصیتیں ہوتی ہیں جو تاریخی قوتوں کی پیداوار ہوں۔ حکمرانی کے لئے یہی شخصیتیں پیدا ہوتی ہیں، یہ کام عوام کا نہیں۔''

جرمن فلاسفر نیٹشے (Nietzche) کی تصنیف ''یوں کہا زرتشت نے'' کے چھٹے ایڈیشن مطبوعہ جارج ایلن اینڈ نون لمیٹڈ ۱۹۴۲ء کا دیباچہ ایک یہودی ڈاکٹر آسکو لیوی نے جس میں اس نے یہود کی ''جمہوریت'' کا یوں پول کھولا ہے:



''غریب اور امیر برابر ہوں، کمزور اور طاقتور برابر ہوں، جاہل اور عالم، ایک دوسرے کے مساوی ہوں۔ نہیں بلکہ جہلا امیروں، علماء اور طاقتوروں پر بھی سبقت لے جائیں۔ یہود نے عیسائیت کا لبادہ اوڑھ کر جمہوریت کا علم اٹھایا اور اپنے اخلاق سے دنیا کو مسخ کیا۔ سیاہ تہہ خانوں میں چھپ کر اس نے بڑی صفائی سے عظیم رومن ایمپائر کو پامال کیا۔ اس کے بعد اس نے دوسروں کو آڑے ہاتھوں لیا۔ دنیا میں یہودیت کے علاوہ ایسے اخلاقی نظام موجود ہیں جو مخزن حیات نہیں، جو دنیا کو باطل قرار نہیں دیتے۔ منو کی کتاب والے قدیم ہندو، روما اور یونان کی تہذیبیں، اسلام کی فتوحات اور اٹلی کی نشاۃ ثانیہ اس کی درخشاں مثالیں ہیں۔ انہوں نے ہماری طرح دنیا کو گداگر نہیں بنایا بلکہ اسے نعمتوں سے مالا مال کیا۔ ان کی قیادت صرف چند لوگوں کے ہاتھ میں تھی جو لاکھوں لوگوں کو ان کے مقام پر رکھتے تھے۔ ایتھنز، روم، غرناطہ اور فلورنس نے کہاں گندی نالیوں والے علاقوں میں پھرتے پھرتے ووٹوں کی بھیک مانگی تھی۔ ان کی پشت پر ایک عظیم اخلاق تھا جو عوام کو قول و فعل سے نیٹشے کے خدا کی طرح مطمئن کر سکتا تھا۔ مخلوق میں سے کون ہے جو بلاقیمت زندہ رہنا چاہتا ہے۔ ہم وہ ہیں جن کو زندگی نے خود ہمارے حوالے کیا ہے، ہم ہر لحظہ سوچتے ہیں کہ ہم نے اس احسان کے بدلے انسانیت کو کیا دیا ہے؟''

یہ تھے وہ لوگ جنھوں نے یورپ کو سیکولر ڈیموکریسی کے آگے جھکایا اور خود اپنے دین کے علمبردار بن کر یورپ کر ہر قدر، ہر عقیدے اور ہر مذہب سے بیگانہ کر کے اسے گمراہی اور جہالت کی پٹی پڑھائی اور ماڈرن ازم اور ترقی پسندی کے خالی خولی نعروں پر رضا مند کر دیا۔ یہودی از سرتاپا، مذہبی ہوتا ہے لیکن دوسروں کا مذہبی ہونا اسے اسلئے گوارا نہیں ہے کہ اس سے انکی کھال بچی رہتی ہے۔

## اسلام کا تصور جمہوریت

اسلام ایک عالمگیر دین ہے جس کی منفرد اور جامع اقدار ہیں۔ یہ دین کسی ایک فرد، قبیلے، گاؤں، شہر یا ریاست کے لیے نہیں ہے، بلکہ تمام کائنات کے لیے ذریعہ نجات و راہنمائی ہے۔ اکثر مصنفین اسلامی سیاسی نظام کا مغربی تصور جمہوریت کے ساتھ موازنہ کرتے ہیں یا پھر اسلامی طرز حکومت کا اصل جمہوری طرز حکومت کو قرار دیتے ہیں۔

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اسلامی نظام کے تمام تر اصول و ضوابط قرآن میں تحریری شکل میں ملتے ہیں جب کہ ان اصول وضوابط کی عملی شکل حضور ﷺ کی حیات طیبہ ہے۔ اس لیے اسلام نے جو طرز معاشرت متعارف کروایا ہے، وہ دنیا کے تمام نظاموں سے منفرد اور اپنی مثال آپ ہے۔ اس لیے اسلامی طرز حکومت کا مغربی تصور جمہوریت سے تقابل کرنا یا اسلامی نظام حکومت کو جمہوری قرار دینا اتنا صحیح معلوم نہیں ہوتا، کیونکہ نہ تو قرآن میں اسلامی طرز حکومت یا سیاسی نظام کو جمہوریت کا نام دیا گیا، نہ بادشاہت کا بلکہ صرف اور صرف اسلامی نظام حکومت یا اسلامی طرز معاشرت یا اسلامی تہذیب وتمدن کے نام ہی تاریخی طور پر سامنے آئے ہیں۔ ویسے بھی اگر بغور دیکھا جائے تو اسلامی نظام حکومت کو



اصلی جمہوریت کہنا زیادتی ہوگی، کیونکہ اسلام نے خلیفہ یا امام کے چناؤ کے لیے نہ صرف امام کی خصوصیات بتائی ہیں، بلکہ ووٹر یا سربراہ مملکت کا انتخاب کرنے والوں کی بھی خصوصیات بتائی ہیں۔ اسی طرح جمہوریت اکثریت کی حکومت ہے جب کہ اسلام میں اکثریت کی حکومت کا کوئی تصور نہیں ملتا، بلکہ صرف اللہ تعالیٰ جو کہ وحدہ لاشریک ہے، کی حکومت کا تصور ملتا ہے۔ اس لحاظ سے مغربی یا جدید جمہوریت میں عوام (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرتے ہیں۔ اسی لیے اسلامی نظام حیات ایک منفرد نظام ہے۔ اس کو جمہوری نظام کہنا بالکل بھی ٹھیک معلوم نہیں ہوتا۔

دوسری دلیل اسلامی نظام کے منفرد ہونے کی یہ ہے کہ جمہوریت میں پارلیمنٹ میں حزب اقتدار اور حزب اختلاف کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔ حزب اقتدار کا کام قوانین بنانا اور انہیں نافذ کرنا ہے جب کہ حزب اختلاف کا کام حزب اقتدار پر ہر حال میں تنقید کرنا ہے جب کہ اسلامی نظام میں نہ تو کوئی حزب اقتدار ہے اور نہ ہی حزب اختلاف، بلکہ مجلس شوریٰ کا ہر رکن حزب اقتدار اور حزب اختلاف ہے۔

اسلامی طرز حکومت میں سربراہ مملکت کو براہ راست پرکھنا ہر فرد کا فرض ہے اور اگر وہ راہ راست پر ہے تو اس کی اطاعت بھی ہر فرد پر فرض ہے۔ اختلاف کا جواز ہی پیدا نہیں ہوتا۔ اس بات سے ثابت ہوتا ہے کہ جمہوریت نام کی چیز اسلامی طرز حکومت میں روز اول سے ہی موجود نہیں، بلکہ اسلامی طرز حکومت جمہوریت سے بھی بہتر اور اعلیٰ نظام حکومت ہے۔

تیسری بڑی دلیل اسلامی طرز حکومت کے جمہوری نہ ہونے کی کچھ اس

طرح سے ہے کہ جمہوریت میں عالم اور ان پڑھ کا ووٹ ایک ہی وزن کا حامل ہے جو کہ فطرت کیخلاف بات ہے۔ مثلاً جدید ریاست میں بھی صدر یا وزیراعظم امور سلطنت کے سلسلے میں چپڑاسی یا کلرک سے مشورہ نہیں لیتا' بلکہ متعلقہ ماہرین سے ہی مشورہ لیتا ہے۔ اسی وجہ سے چپڑاسی' کلرک اور آفیسر کی تنخواہوں میں بھی تفاوت پائی جاتی ہے۔ ظاہر ہے ایک چپڑاسی قانون پر لیکچر نہیں دے سکتا۔ اس کے لیے ایک قانون دان ہی مناسب رہے گا۔ مختصر یہ کہ اسلامی سربراہ مملکت کو منتخب کرتے وقت ہمیشہ دیندار' ایماندار اور دانشمند لوگ آپس میں مشورہ کرتے ہیں' کیونکہ قرآن میں ارشاد ہے:

''علم والے اور جاہل برابر نہیں ہے۔''

جب کہ جدید جمہوریت میں معاشرتی تفاوت کے باوجود عالم اور جاہل کا ووٹ ایک ہی حیثیت کا حامل ہے۔ اسی پر اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے کہا تھا:

جمہوریت اک طرز حکومت ہے کہ جس میں
بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے

اگر اسلامی نظام کو جمہوری قرار دیا جا سکتا ہے تو پھر اسلامی نظام کو اسلامی وشلزم یا اسلامی کمیونزم بھی کہہ دینا چاہیے' کیونکہ سوشلزم میں بھی بہت سی اقدار سلامی اقدار سے ملتی جلتی ہیں۔ اسی طرح کمیونزم کی بہت سی اقدار بھی اسلامی ام سے ملتی جلتی ہیں۔ یہاں صرف یہ واضح کرنا ہے کہ دراصل اسلامی نظام ہوری نہیں ہے۔ یہ صرف ایک اسلامی نظام ہے جس کی اپنی منفرد اقدار ہیں۔ اوات' اخوت' رواداری اور قانون کی حاکمیت اپنی اصل حالت میں صرف اور ف اسلامی نظام میں ہی دیکھی جا سکتی ہے۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ اقدار



ایک جمہوری نظام کی خصوصیات ہیں تو وہ احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں' کیونکہ یہ سب کہنے کی باتیں ہیں۔ عملی طور پر جدید ریاست میں نام نہاد کامیاب ترین جمہوریت برطانیہ میں دیکھی جا سکتی ہے۔ کیا وہاں پر رواداری یا قانون کی حاکمیت اصلی حالت میں موجود ہے؟ کیا وہاں پر کئی سالوں پر محیط گورے اور کالے کا فرق نہیں پایا جاتا؟ مساوات کے اصولوں کی دھجیاں سب سے زیادہ برطانیہ میں ہی اڑائی جاتی ہیں۔ قصہ مختصر یہ کہ اسلامی نظام اپنے اندر ایک جامعیت رکھتا ہے جس کا اپنا ایک علیحدہ اور منفرد مقام ہے اور اس سے دوسرے نظاموں کی مشابہت ثابت کرنا بالکل بے کار ہے۔ اسلامی نظام حکومت ایک اپنا تہذیب وتمدن' بودو باش اور طرز معاشرت رکھتا ہے جو اللہ تعالیٰ کا بنایا ہوا نظام ہے اور غلطی اور ناانصافی سے پاک ہے۔ اس میں حاکمیت اللہ کی ہے اور انسان کو اس کا نائب بنا کر بھیجا گیا ہے' جو اللہ کے بتائے ہوئے طریقوں کے مطابق فیصلہ کرنے پر مجبور ہے اور مشاورت میں دانشمند اور دیندار لوگوں سے ہی مشورہ کرنے کا پابند ہے۔ انسانوں میں برتری صرف اور صرف تقویٰ کی بنیاد پر ہے۔ معاشرتی رتبے کے لحاظ سے کسی کو کسی پر برتری حاصل نہیں۔ رنگ ونسل کے اعتبار سے کوئی کسی سے اعلیٰ و برتر نہیں۔

اب کچھ مغربی مفکرین کی آراء پر بھی نظر ڈال لی جائے جس میں انہوں نے جمہوریت کی ریشہ دوانیوں پر بحث کی ہے۔

ماہر سیاسیات Burke کا کہنا ہے:

''اکثریت کے فیصلے کو تسلیم کرنا کوئی فطرت کا قانون نہیں ہے۔ کم تعداد بعض اوقات زیادہ مضبوط طاقت بھی ہو سکتی ہے اور اکثریت کی حرص کے مقابلے میں اسکے اندر زیادہ معقولیت

بھی ہو سکتی ہے۔''

جمہوریت کی شرائط اور خوبیوں پر بحث کرتے ہوئے ماہرین کہتے ہیں:

''جمہوریتوں کی تاریخ بتاتی ہے کہ یہ شرائط شاذ و نادر ہی پوری ہوئی ہیں، عملی اعتبار سے جمہوریت دراصل جہالت کی حکمرانی کا نام ہے۔ اس کی ساری توجہ کیفیت اور تعداد پر رہتی ہے، کیفیت پر نہیں۔ اس میں ووٹ گنے جاتے ہیں، انہیں تولا نہیں جاتا۔''

پس مذکورہ دلائل سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ اسلام کا طرز حکومت نہ تو جمہوری ہے اور نہ ہی شخصی، وہ اپنی مثال آپ ہے اور لازوال ہے۔ جدید نظام اس کا مقابلہ کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے، بلکہ ان میں موجود چند ایک خوبیاں بھی اسی نظام سے مستعار لی گئی ہیں۔ جدید نظاموں سے قطع نظر اسلامی طرز حکومت ہر سقم اور کمزوری سے یکسر پاک قابل عمل نظام ہے۔

(اُمور سیاست برائے جماعت بی۔ اے ص ۱۵۱ تا ۱۵۴)

## بانیٔ جماعتِ اسلامی مودودی کا نظریہ

① ''اصولی حیثیت سے یہ بات واضح طور پر سمجھ لیجئے کہ موجودہ زمانے میں جتنے جمہوری نظام بنے ہیں (جن کی شاخ ہندوستان کی موجودہ اسمبلیاں بھی ہیں) وہ اس مفروضے پر مبنی ہیں کہ باشندگان ملک اپنے دنیوی معاملات کے متعلق تمدن، سیاست، معیشت، اخلاق اور معاشرت کے اصول خود وضع کرنے اور ان پر تفصیلی قوانین وضوابط بنانے کا حق رکھتے



ہیں اور اس قانون سازی کے لیے رائے عامہ سے بالاتر کسی سند کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ نظریہ اسلام کے نظریے کے بالکل برعکس ہے۔ اسلام میں توحید کے عقیدہ کا لازمی جزو یہ ہے کہ لوگوں کا اور تمام دنیا کا مالک اور فرماں روا اللہ تعالیٰ ہے۔ ہدایت اور حکم دینا اس کا کام ہے اور لوگوں کا کام یہ ہے کہ اس کی ہدایت اور اس کے حکم سے اپنے لیے قانون زندگی اخذ کریں۔ نیز اگر اپنی آزادی رائے اختیار کریں بھی تو ان حدود کے اندر کریں جس میں خود اللہ تعالیٰ نے ان کو آزادی دی ہے۔ اس نظریے کی رو سے قانون کا ماخذ اور تمام معاملات زندگی میں مرجع اللہ کی کتاب اور اسکے رسول ﷺ کی سنت قرار پائی ہے اور اس نظریے سے ہٹ کر اول الذکر جمہوری نظریے کو قبول کرنا گویا عقیدہ توحید سے منحرف ہو جانا ہے۔ اسی لیے ہم کہتے ہیں کہ جو اسمبلیاں یا پارلیمنٹیں موجودہ زمانے کے جمہوری اصول پر مبنی ہیں، ان کی رکنیت حرام ہے اور ان کیلئے ووٹ دینا بھی حرام ہے کیونکہ ووٹ دینے کے معنی ہی یہ ہیں کہ ہم اپنی رائے سے کسی ایسے شخص کو منتخب کرتے ہیں جس کا کام موجودہ دستور کے تحت وہ قانون سازی کرنا ہے جو عقیدہ توحید کے سراسر منافی ہے۔ اگر علمائے کرام میں سے کوئی صاحب اس چیز کو حلال اور جائز سمجھتے ہیں تو ان سے اسکی دلیل دریافت کیجئے۔''

(رسائل ومسائل حصہ اول بعنوان سیاسی مسائل ص ۳۷۴۔۳۷۵)

۴ ''ہمارے عقیدہ توحید کا بنیادی تقاضا یہ ہے کہ حاکمیت جمہور کی نہیں بلکہ خدا کی ہے اور آخری سند خدا کی کتاب کو مانا جائے اور قانون سازی جو کچھ بھی ہو کتاب الٰہی کے تحت ہو نہ کہ اس سے بے نیاز ہو کر۔ یہ ایک اصولی معاملہ ہے، جس کا تعلق عین ہمارے ایمان اور ہمارے اساسی عقیدے سے ہے۔'' (رسائل ومسائل حصہ اول ۴۲۴)

## وہابیوں کو دعوتِ توحید

(یعنی اہل حدیث، جماعت الدعوۃ، دیوبندیوں، احراریوں، جماعت اسلامی والوں، سپاہ صحابہ وغیرہم)

توحید کے دعویداروں کو ہم دعوت توحید دیتے ہیں کہ تمہارے اکابر نے بھی تسلیم و اقرار کیا ہے کہ جمہوریت شرک فی الطاعت یا انکار اطاعت کی وجہ سے مشرکانہ لادین نظام حکومت ہے۔ مگر پھر وہی تمہارے اکابر جمہوریت کو تسلیم کرتے آئے ہیں خود بھی شرک و کفر میں مبتلا رہے تمہیں بھی اس لعنت میں مبتلا رکھے ہوئے ہیں لہٰذا اگر تمہیں توحید مطلوب ہے تو فوراً ووٹ لینا دینا چھوڑ دیں۔

☆..............☆

# ادارہ کی دیگر مطبوعات

ایها العلماء والطلاب خذوا الکتاب المستطاب

## جواهر الادب

من کلام سید العرب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مصنف

مفکر اسلام استاذ العلماء فضیلۃ الشیخ حضرت علامہ مولانا

حضرت علامہ مفتی فضل احمد الجشتی اللاهوری

بدمذاہب پر سختی کے موضوع پر یک صد احادیث کا نادر مجموعہ

## اربعین شدت

مصنف حضرت علامہ مفتی محبوب علی خان رضوی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

ترتیب وتخریج حافظ محمد صابر حسین چشتی صاحب

سیدنا خیر التابعین

حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کی طرف منسوب واقعہ دندان مبارک کی وضاحت پر مشتمل

## تحقیقی فتویٰ

مصنف

مفتی فضل احمد چشتی قادری دامت برکاتہم

بچوں کی تعلیم کے لیے

## آسان ریاضی

بچوں کی تعلیم کے لیے آسان

## اسلامی قاعدہ